فقال انتم اعلم بامر دنیاکم واجیب بانہ کان ظنا منہ لا وحیا قال الشیخ سیدی محمد
السنوسی اراد ان یحملہم علی خرق العوائد فی ذلک الی باب التوکل واما ہناک فلم یمتثلوا
فقال انتم اعرف بدنیاکم ولو امتثلوا وتحملوا فی سنۃ او سنتین لکفوا امر ہذہ المحنۃ انتہی
وھو فی غایۃ اللطافۃ انتہی خفاجی نے نسیم الریاض میں بعد نقل کرنے کلام
سنوسی کے گو یوں کہا کہ وھو فی غایۃ الحسن لمن تاملہ[۳۶۱] ا قاری صاحب کلام سنوسی کو
محتاج تامل بھی جانتے نہیں میں جو فرما رہے ہیں وھو فی غایۃ اللطافۃ اتنا ہی فرما کر خاموش
نہیں رہے اور اسی شرح میں جلد ۲ ص ۳۳۲ پر تحریر فرما دیا کہ وعندی انہ علیہ الصلوۃ والسلام[۳۶۲]
اصاب فی ذلک الظن ولو ثبتوا علی کلامہ لفاقوا فی الفن ولارتفع عنہم کلفۃ المعالجۃ
فانما وقع التغیر حسب جریان العادۃ الا تری ان من تعود باکل شی او شربہ یتفقدہ
فی وقتہ واذا لم یجدہ یتغیر عن حالہ فلو صبروا علی نقصان سنۃ او سنتین لرجع النخیل
الی حالہ الاول وربما کان یزید علی قدرہ المعمول وفی القصۃ اشارۃ الی التوکل وعدم
المبالغۃ فی الاسباب وعن اعمال ارباب المعالجۃ من الاصحاب واللہ اعلم بالصواب
انتہی ہذا ولنعم ما قیل ۔

چون ندری کمال فضل آنبہ	کہ زبان در دہان نگہداری
آدمی را زبان فضیحہ کند	جوز بی مغز را سبکساری

نسأل الله السلامة عما یوجب الندامة والملامة

بارھوان شبہ حدیث قام فینا مقاما فما ترک فی مقامہ ذلک الی قیام الساعۃ الحدیث پر ہے

امام المنکرین غلام محمد کے ازالہ کے ۲۵۰ پر ہو بیان ہے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وعظ فرماتے تھے یا خطبہ پڑھتے تھے اور یہ تو ہر کوئی جانتا ہو کہ وعظ میں نصایح رقاق اور متعلقات امور دین بیان کیا جاتا ہے یہ نہیں بیان کیا جاتا کہ فلان شہر مین اتنے مکان ہونگے جنمین اتنی اینٹ ہونگی آٹا چونا اتنی بالو اتنے درخت فلان سال اتنے گیہون اور فلان سال اتنے اور اتنا باجرہ اور اتنے جوار وغیر ذلک لاتعد ولا تحصی اگر ایک ہی شہر کے جزئیات نہین نہین اگر ایک ہی مکان کے جزئیات بیان کئے جائین تو ایک زمانہ چاہئے اور دنیا بھر کے جزئیات کے بیان کو تو غیر متناہی زمانہ چاہئے اور بیان موضوعہ خطبہ سے باہر ہو جاوے الخ ۹

اقول پھر اسی قسم کے ہفوات عمدۃ المخالفین نے بھی نصرۃ النعیم مین داخل کردئے ہین جس سے انکے عقیدہ کی پوری جانچ ہو سکتی ہو اور ہم بوضاحت تمام ثابت کر آئے ہین کہ گیہون باجرہ تو کیا ذرہ ذرہ بھر بھی لوح محفوظ مین ہو اور وہ لوح آپ کے علم کا ایک حرف ہو جسکے بعض کی خبر آپنے صحابہ کو دی ہو محقق دہلوی مدارج شریف ۳۶۳ مین ارشاد فرماتے ہین واز انجملہ آنست کہ ہر چہ در دنیا ہست از زمان آدم تا اوان نفخہ اولی بر وے منکشف ساختند تا ہمہ احوال را از اول تا آخر معلوم کرد و یاران خود را نیز از بعضی ازان خبر داد انتہی اور اوپر علامت ۱۲۲ مین قول راہب کا ثمرۃ فی مکرۃ گذر چکا ہو جسے

علامہ ابن حجر نے علوم موروثہ من الانبیاء سے قرار دیا ہے یہ تمام برطرف رکھکر طارق ابن
شہاب کی حدیث ملاحظہ فرمائے قال سمعت عمر یقول قام فینا النبی صلی اللہ علیہ وسلم
مقاما فاخبرنا عن بدء الخلق حتی دخل اھل الجنۃ منازلھم واھل النار منازلھم حفظ ذلک
من حفظہ ونسیہ من نسیہ رواہ البخاری علامت [١٦١/١٦٢] میں کی موصوف مولوی احمد علی
والی بخاری ص۴۵۳ پر خیر جاری اور کواکب الدراری سے ہو [٣٦٤] والغرض انہ اخبر عن
المبدء والمعاش والمعاد جمیعا قال الطیبی دل ذلک علی انہ اخبر عن جمیع احوال
المخلوقات انتہی **ارشاد الساری** جلد ۵ ص۲۰۱ [٣٦٥] میں ہے دل ذلک علی انہ اخبر
بجمیع احوال المخلوقات انتہی **مرقاۃ المفاتیح** باب بدء الخلق میں اسی حدیث کے تحت میں
ہے [٣٦٦] قال العسقلانی فیہ اخبرنا عن المبدء شیئا بعد شیء الی ان انتہی الاخبار عن حال
الاستقرار فی الجنۃ والنار ودل ذلک علی انہ اخبر فی المجلس الواحد بجمیع احوال المخلوقات
انتہی پھر **عمدۃ القاری** جلد ۷ ص۱۴۴ [٣٦٧] میں ہے فیہ دلالۃ علی انہ اخبر فی المجلس الواحد
بجمیع احوال المخلوقات من ابتدائھا الی انتہائھا وفی ایراد ذلک کلہ فی مجلس واحد
امر عظیم من خوارق العادۃ کیف وقد اعطی مع ذلک جوامع الکلم صلی اللہ علیہ
وسلم انتہی اور **مرقاۃ** باب المعجزات میں عمرو بن اخطب کی حدیث فاخبرنا بما ھو
کائن الی یوم القیمۃ کی شرح میں علی قاری فرماتے ہیں [٣٦٨] ای مجملا ومفصلا ففیہ الاعجاز الاکثر انتہی ؎

یہ ارشاد نبوی ہے خطبہ عبد الحی نہیں ہے جسمیں خیالات ملحدانہ کو مساغ ہو سکے اور
یہ جو کہا کہ پھر دنیا بھر کے جزئیات کے بیان کو تو غیر متناہی زمانہ چاہئے بڑی جرأت
کیا کی بیجائی ہے اور نصوص شرعیہ سے گویا در پردہ انکار کرنا ہو اور کاروبار انبیاء کو
اپنے حالات ابتر سے مقائسہ کرنا ہو جو جبلی دو ہر بیدینون کا ہو ؎

مشکوۃ المصابیح میں ہے وعن ابی ھریرۃ[۳۶۹] عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
قال خفف علی داؤد القرآن فکان یامر بدوابہ فتسرج فیقرا القرآن قبل ان
تسرج دوابہ رواہ البخاری **مرقاۃ المفاتیح** جلد ۵ ص۳۴۳ میں **علی قاری**
رحمہ الباری تحریر فرماتے ہیں قال التوربشتی[ص۳۳] یرید بالقرآن الزبور وانما قال لہ القرآن
لانہ قصد اعجازہ من طریق القرأۃ وقد دل الحدیث علی ان اللہ تعالیٰ یطوی الزمان
لمن یشاء من عبادہ کما یطوی المکان لھم وھذا باب لا سبیل الی ادراکہ الا بالفیض
الربانی قلت حاصلہ انہ من خرق العادات علی اختلاف فی انہ بسط للزمان او طی للث
والاول اظہر وقد حصل لنبینا صلی اللہ علیہ وسلم فی لیلۃ الاسراء ھذا المعنی علی الوجہ
الاکمل فی المبنی من الجمع بین طی المکان وبسط الزمان بحسب السمع واللسان فی کلیل
من الآن ولاتباعہ ایضا وقع حظ من ھذا الشان علی ما حکی ان علیا کرم اللہ وجہہ کان
یبتدئ القرآن من ابتدائہ قصد رکوبہ مع تحقق المبانی وتفہم المعانی ویختمہ حین وضع
قدمہ فی رکابہ الثانی وقد نقل مولانا نور الدین عبدالرحمٰن الجامی قدس سرہ السامی
فی کتاب نفحات الانس فی حضرات القدس عن بعض المشائخ انہ قرء القرآن حین
استلم الحجر الاسود والرکن الاسعد الی حین وصول محاذات باب الکعبۃ الشریفۃ والقبلۃ
المنیفۃ وقد سمعہ ابن الشیخ شہاب الدین السہروردی منہ کلمۃ کلمۃ وحرفا حرفا
من اولہ الی اخرہ قدس اللہ اسرارھم ونفعنا ببرکۃ انوارھم انتہی اور اس سے
بھی زیادہ حیرت انگیز یہ بات ہے جسے مولانا مرحوم عبدالرؤف صاحب تفسیر رؤفی
نے اپنی کتاب مرغوب القلوب فی معراج المحبوب کے ص۱۲ پر تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت

علاؤالدین سمنانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ اکثر میں بعد نماز صبح کے اذکار سے

فارغ ہو کر مراقبہ کرتا ہوں اور اس عالم میں سے نکل کر اور ہی عالم میں جاتا ہوں وہاں سو سو

برس ہزار ہزار سال مشغول بعبادت رہتا ہوں ہر سال تین سو ساٹھ روز گذارتا ہوں

ہر دن پانچ وقت نماز پڑھتا ہوں ہر سال ایک ماہ رمضان کے روزے رکھتا ہوں اور

اور سنن اور آداب موافق وظیفے اپنے کے بجالاتا ہوں پھر جب مراقبہ سے سر اوٹھاتا ہوں

تو آفتاب طلوع ہوتا ہے نماز اشراق کی یہاں ادا کرتا ہوں انتہی ✣

امام المنکرین غلام محمد کے مستند مولوی عبد الحی صاحب اقامۃ الحجۃ ص۱۶

میں تحریر کرتے ہیں فانقلت بعض المجاهدات مما لا یعقل وقوعها کثمان ختمات فی

یوم ولیلۃ وکاداء الف رکعۃ فی لیلۃ ونحو ذلك قلت وقوع مثل هذا وان استبعد

من العوام لکن لا یستبعد ذلك من اهل الله تعالى فانهم اعطوا من ربهم

قوۃ ملکیۃ وصلوبها الی هذه الصفات لاینکرہ الا من ینکر صدور الکرامات

وخوارق العادات انتهی ✣

تیرھواں شبہ آیۃ ومنہم من لم نقصص علیک پر ہے

غلام محمد کے ہمخیال مولوی محمد گجراتی کتب وزش نے استفتا کے صفحہ پر

تحریر کیا ہے قولہ تعالی ولقد ارسلنا رسلا من قبلك منهم من قصصنا علیك

ومنهم من نقصص علیك یعنے بعض رسل کا قصہ ہمنے بیان کیا اور بعض کا نہیں

کیا پس بیشک جنکا قصہ اللہ سبحانہ نے حضرت پر نہیں اوتارا وہ غیر معلوم رہا بس

جمیع جزئیات کا علم نہوا ✣

اقول مشکوۃ المصابیح باب بدء الخلق وذکر الانبیا میں ہے وعن ابی ذر ص۵۱۱

قال قلت یارسول اللہ ای الانبیاء کان اول قال آدم قلت یارسول اللہ ونبی کان قال نعم نبی مکلم قلت یارسول اللہ کم المرسلون قال ثلثمائۃ وبضعۃ عشر جما غفیرا وفی روایۃ عن ابی امامۃ قال ابوذر قلت یارسول اللہ کم وفاء عدۃ الانبیاء قال مائۃ الف واربعۃ وعشرون الفا الرسل من ذلک ثلثمائۃ وخمسۃ عشر جما غفیرا رواہ احمد ملا علی قاری رحمۃ الباری **مرقاۃ المفاتیح** جلد ۵ صفحہ ۳۷۴ میں تحریر فرماتے ہیں وھذا لاینافی قولہ تعالی ولقد ارسلنا رسلا من قبلک منھم من قصصنا علیک ومنھم من لم نقصص علیک لان المنفی ھو التفصیل والثابت ھو الاجمال او المنفی مقید بالوحی الجلی والثبوت متحقق بالوحی الخفی انتھی اوراوسی میں حدیث مذکور کے اخیر میں ہے ۳۷۵ العدد فی الحدیث وان کان مجزوما بہ لکنہ لیس بمقطوع فیجب الایمان بالانبیاء والمرسلون مجملا من غیر حصر فی عدد لئلا یخرج احد منھم ولا یدخل احد من غیرھم فیھم انتھی ۞

تفسیر روح البیان میں ہے ۳۷۶ قال النیشاپوری کان الاسم الشریف اربعۃ احرف لیوافق اسم اللہ تعالی کما ان محمد رسول اللہ اثنا عشر حرفا مثل لا الہ الا اللہ وھو من الاسرار المناسبۃ الخ ومحمد باعتبار البسط لا بحساب ابجد ثلثمائۃ وثلثۃ عشر مثل عدد المرسلین فانک اذا اخذت فی بسط المیم من المیم المدغم م ی م ح دال یظھر لک العدد المذکور انتھی باقی کی تحقیق کتاب الابریز وغیرہ میں ملاحظہ فرمادیں فقط ۞

الیواقیت والجواھر جلد ۲ صفحہ ۱۵۹ میں امام شعرانی رحمہ اللہ تعالی ارشاد فرماتے ہیں ۳۷۷ فھل ابلیس یجھل شیئا من شرایع الانبیاء علیھم السلام فالجواب

ھو عالم بہا کلہا علی الکمال لیوسوس للناس بضد ما امرت الانبیاء بہ ولولا
علمہ بہا لربما التبس علیہ الامر فامر الناس بما امرت بہ الرسل و ذلک لایصح منہ
انتہی اس سے ظاہر ہو کہ جب شرایع انبیاو رسل کو لعین جانتا ہو تو اصحاب شرایع کو بھی
ضرور پہچانتا ہو اب اگر نبی کریم نجانین تو معاذ اللہ آپ کا علم شیطان کے علم سے کم
قرار پائیگا جسکے عماید وہابیہ قائل ہین وھذا ما لایستطاع تحریرہ ولا یباح تقریرہ
مع فقدان فائدۃ الامتنان فی قول السبحان وعلمک ما لم تکن تعلم وکان
فضل اللہ علیک عظیما ❖

چودھوان شبہ آیۃ وما علمناہ الشعر پر ہے

قد اخبرنی من اثق بہ کہ بمبئی کے ایک کلدار مجتہد صاحب نے ایک نیا شبہ اپنے
اجتہاد خانہ زاد سے یون ایجاد کیا ہو کہ کلام مجید مین ہو وما علمناہ الشعر وما ینبغی لہ
یعنے فن شاعری ایک ایسی شئی ہو جسکی تعلیم رسول کریم کو نہین ہے پھر آپ کل شئے کے
علیم نہین ہین ❖

اقول قربان ایسے ذہن و تشخیر کے اور صدقہ ایسی لکیر کے فقیر کی تقریر کے
جسکا اجتہاد اس درجہ پہونچ گیا اور سیدیکل افسرون نے ابھی تک ایسے مطلق العنان
چھوڑ رکھا ہو کسی پاگل خانہ مین تو حوالے کرکے زیر علاج رکھا نہین لیکن اسکے رگ
جان پر بغرض اخراج دم فاسد ایک آدھ نشتر بھی مارا نہین دیا خدا خیر کرے آثار و
علامات تو روی ہین اگر بچ بھی گئے تو منہ مین بواسیر پیدا ہوئے بغیر رہے تو
جعفر زٹلی کا ذمہ ہے ❖

فی الجملہ اس مادہ کو ہرزہ سرا کو ابھی تلک اتنا بھی معلوم نہین ہو کہ شئ کا معنی مشئی
وجود ہی جو ماہرین فن پر ظاہر و مبرہن ہو اور مادہ شعر گوئی نبی کریم مین قبیل ما لا ینبغی
لہ سے منصوص ہو پھر اسکے ایجاد سے نبی مین مشیت کو تعلق نہین تو معدوم محال ہو
اور معدوم محال شئ نہین ہو اور آپ تو کل شئ کے علیم مین فقط ⁂

پندرہوان شبہ اللہ لا ادری ما یفعل بی ولا بکم پر ہے

نام کے علماء حنفیہ کے فتوے در مسئلہ غیب کے ذیل مین فقیر محمد حسین نے
لکھا ہو بخاری شریف کی حدیث ہے واللہ لا ادری واللہ لا ادری وانا رسول اللہ
ما یفعل بی ولا بکم اس حدیث کی شرح مین جناب شیخ المحدثین معتمد الکل حضرت شیخ
عبد الحق محدث دہلوی یون فرماتے ہین والحاصل انہ یرید نفی علم الغیب عن نفسہ
صلی اللہ علیہ وسلم وانہ لیس بمطلع علیہ وانہ غیر واقف ولا مطلع علی المقدور
لولا لغیرہ والمکنون من امرہ وامر غیرہ انتہیٰ ⁂

الجواب

اس قسم کے شبہات فقیر محمد حسین کے اختراعی اور خانہ ساز نہین یہ تو ایک پرانا
مشن ہو مگر ایمان کے قطع و برید کا جسے نجدی ہیرزادہ یعنے محمد بن عبد الوہاب اپنی کتاب
التوحید مین لکھ گیا ہو وعن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الصحیح واللہ لا ادری وانا رسول
اللہ ما یفعل بی ولا بکم فھذا الحدیث صریح فی انہ کان لا یعلم اما خاتمتہ فی
حال حیاتہ فکیف یعلم حال تلك المشرکین بعد مماتہ انتہیٰ مگر چونکہ اسکا جواب

مفصلاً تقدیس الوکیل مین صـ ۱۶۹ سے تا صـ ۱۸۲ بالا مزید علیہ آچکا ہے اور ایک عمدہ جواب آیندہ ضمیمہ فتوحات مین مجدد مائۃ حاضرہ فاضل بریلوی مولانا احمد رضاخان صاحب دام فیوضہم کے فتوے مین بیان ہوگا لہذا اوسی پر تحویل کرکے تطویل سے اعراض کرتے ہین ؂

سولھوان شبہ مولوی عبدالحی صاحب کی عبارت سے پیدا ہوا

غلام محمد کے دلائل پیش کردہ محکم ساناڑہ بڑودہ کے فصل تیسری مین ہو سا
الآثار المرفوعہ صـ ۳۲۸ مین ہو ومایذکرہ الوعاظ من ان النبی صلعم اعطی علم الاولین والآخرین مفصلا ووھب لہ علم مامضی ومایاتی کلیا وجزئیا وانہ لافرق بین علمہ وعلم ربہ من حیث الاحاطۃ والشمول وانما الفرق بینہما ان علم اللہ ازلی ابدی بنفس ذاتہ بدون تعلیم غیرہ بخلاف علم الرسول فانہ حصل لہ بتعلیم ربہ وھذا زخرف من القول فزور علی ماصرح بہ ابن حجر المکی فی منح الفکریۃ شرح قصیدۃ الھمزیۃ وغیرہ من ارباب الشعور والثابت من الآیات القرآنیۃ والاحادیث النبویۃ ھوان الاحاطۃ والشمول وعلم کل علم مختص بجناب الحق ولم توھب ھذہ الصفۃ من جانب الحق لاحد من الخلق انتھی

الجواب

نجدیون کا پیرزادہ محمد بن عبدالوہاب کتاب التوحید مین تحریر کرتا ہو ومایتفوہ بہ عقلاء مشرکی زماننا بان المراد نفی العلم والدرایۃ التفصیلیۃ المستقلۃ ولا ندعیہ اوانہ کان فی اول الامر ثم القی اللہ علیہ علم الاولین والآخرین وجعلہ مطلعا علی مایکون

الی یوم القیمة وامثال ذلك الهفوات فهو ابتداع فی الدین انتهی اس کلام سے
مولوی عبد الحی کیسا پہلو بہ پہلو اور چسپان ہو ہم اوپر کی روایات مین معتبرین سے جو کچھ
نقل کر چکے وہ حرف بحرف انکی تقریر سے برخلاف ہین اون تمام کے اقوال کو حضرت مولوی
زخرف القول اور زور فرمارہے ہین یہان کسیقدر شرم درکار تھی مگر اوس سے اونکے
سرکار کو چندان سروکار نہین ہو یہ خرافات بھی منجملہ اون ہذیانات کے قرار دے لیجیے جنکی
تفصیل تنبیہ الجہلہ وغیرہ رسائل مین شایع ہو چکی ہو یا جواب بھی وہی ہو جو اون رسائل کے
جوابات مین پیش کیا گیا ہو کہ کسی کی ملحق کردہ عبارت ہو فقط اور حسن ظن تو یہی چاہتا ہو
کہ ان کتابون پر نظر نہو گی یا کتاب کے ہر ایک مسئلہ اور بیان سے بروقت خبر نہو گی نہین تو
ایسا واہیات کلام علماء ثقات کی شان مین کہنے کی جرأت شاید نہ کرتے کسی کتاب پر
نظر نہونا یا اوس کتاب کے ہر ایک مضمون سے باخبر نہونا کوئی تعجب کی بات نہین ہو مثنوی
معنوی دفتر ۳ صـ ۲۳ مین اسرار نماز کی کسیقدر بیان کیے ہوئے ہین اور نور الانوار صفحہ
بحث کون المامور بہ موصوفا بالحسن کے اخیر مین کا فقرہ بھی اوسی کا مشعر ہو مولانا المرحوم
مولوی عبد الحلیم ادخله الله دار النعیم نے بھی قمر الاقمار مین وفی بعض النسخ المعتمدة وقد
بینت اسرارها فی المثنوی المعنوی زیادہ کیا ہو گو چونکہ عبارت وقد بینتہا انا الاسرار ہامش نقل تھی
جو نسخہ مکتوبہ بید الشارح مین یون تھی کہ وقد بینت انا اسرارها فی المثنوی المعنوی محض
لفظ انا نے آپ کو مجبور کر دیا کہ ہذا یشعر بان للشارح مثنویا معنویا فرما دیا ہو اب غور فرما لیجیے کہ
مثنوی متداول مین جو مطلب مذکور ہو وہ بروقت مستحضر ذہن عالی ہوتا تو کیا پھر بھی آپ
یون فرما سکتے تھے حاشا وکلا ثم حاشا وکلا ایسے ہی یہان بھی تصور فرما لیجیے کہ مسئلہ
خاص مین عبد الحی صاحب کو ان روایات سے محض نا آشنائی تھی جو ایسا فرما دیا اور قطع

الغرض اس تمام سے آپ تو نفی کر رہے ہیں اور نفی کا شہادت نامہ تقویم پارینہ کے طور پر
بیکار ہوتا ہی مجموعۃ الفتاوی میں جو فرمایا ہی کہ در شریعت محمدیہ ثابت نگردید کہ آنحضرت
بر تمامی علوم جمیع اشیاء ماضیہ مستقبلہ جزئیہ وکلیہ اطلاع داشتند الا ماشاء اللہ تعالیٰ
انتہی غالباً یہاں شریعت محمدیہ سے مراد آپ کی شریعت محمد بن عبد الوہاب نجدی ہوگی
جسمیں ثابت نہیں ہو والا شریعت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں تو علی مار بہ وضاحت ثابت ہے
کہ آپ بکل شئ علیم وذلك فضل الله يوتيه من يشاء والله
ذو الفضل العظیم

بخدمات بزرگان آخری معذرت ہیچمدان ،

یہ کہ فقیر سراپا تقصیر نے اپنی استعداد اقل قلیل اور فہم کلیل کے ذریعہ سے
تتبع کتب دینیہ کا کر کے حتی الامکان منکران دین اور دشمنان سید المرسلین صلوات
اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ اجمعین کے شبہات بموقع اور اعتراضات بمحل کا جواب دیا ہی
اور ایک ہی مطلب و مضمون کا متعدد کتب سے استخراج کیا ہو اسمیں تطویل جواب
یا ضخامت کتاب مقصود نہیں ہو محض غرض یہ ہو کہ بداعیہ ضرورت رجوع الی الاصل
کوئی کتاب اگر دستیاب نہو سکے تو دوسری سے غرض حاصل ہو جائے یا ایک کتاب
اور اوسکے مصنف پر کوئی حملہ کرے تو دوسرے اوسکے بچاؤ میں حمایۃ کام آئے ۔
جو جو کتب ماخذ روایات ہیں وہ عند الثقات اعتبار اور سنجیدگی کی نظر سے
دیکھے جاتے ہوں ویسے ہیں گو بعضا روہابیہ نجدیہ اونکو نمانے تو بھی کوئی قباحت
یا کسی قسم کا حرج نہیں ہو وجہ یہ کہ ان اوراق کی فراہمی سے منکرین جادہ مستقیم

پر آجاوینگے اور نفس لئیم کے اغوا سے اعراض کرجاوینگے مطلقا امید نہین ہے بلکہ مردم اہل اسلام لگام وہابیت اپنے کام مین لے لیوین اور ذریہ نجدیہ کی گسترده رنگین تزویری دام مین نادانستہ اپنا ایمان ہاتون ہاتھ دے دین اسماعیلیہ گروہ کی ملمع کاری سے دھوکا کھاجاوین اور عیاران گنگوہ کے فریب مین آجاوین صرف یہ مراد اور محض یہی مقصود ہے ٭

عوام کالانعام تو کیا مگر بعض خواص کالعوام بھی جب کسی نام کے ساتھ مولویت پھر حنفی کا فقرہ دیکھ لیتے ہین تو مصداق اس حکایت کے بنجاتے ہین جو مشہور ہے کہ کسی ناخواندے نے ایک نیم ملا سے سنی کا معنی دریافت کیا تو اوسنے جواب دیا کہ سنی وہ جو سنکر ایمان لاوے ایسے ہی ان حشرات الارض کا حال ہے کہ کسی قسم کا ایک چھاپا ہوا پرچہ جائے پھر اوسمین مولوی اور وہ حنفی کہا جاوے اوسکے زندقہ کیون نہون اور یہ فی زمانہ ایک رواج داوے جسپر جو اگیا وہ چت ہوئے بغیر رہ سکتا ہی نہین ہے اور ایسے جہت سے موجودہ بدکیشون نے یہی طرز اختیار کرلی ہے کہ کفر خیز زندقہ آمیز عقائد کو ترویج کی غرض سے حنفیہ کے نام سے شہرت دیکر عوام کے اعتقاد کے خون کرنے پر قابو پاجاتے ہین ٭

غلام محمد کو نظر غائر سے ملاحظہ کیجئے کہ گجراتی ترجمہ نصیحت المسلمین کی ابتدا مین حزم علی بلہوری کو ترویج مسلع کاسد کی غرض سے کتنا سراہا ہے جیسے مشارق الانوار اور در المختار کا مترجم کہنا ناکافی جانا تو خطاب ولی کامل بھی عطا فرمایا ہے تختہ ہندوستان مین وہ کونسا معمولی استعداد کا طالب علم ہے جسے عقائد حزم علی پر وقوف نہوگا اور اسکے کرتوت سے انجان ہوگا مرحوم مولانا مولوی عبید اللہ صاحب اعلیٰ مدرس

مسجد جامع بمبئی کا رسالہ **نور الشمعہ** جو مولوی **حافظ عبد الغفور** صاحب خطیب مسجد نگاری محلہ بمبئی کے نام سے شایع ہوا ہو کسنے نہین دیکھا جسمین خرم بلہوری کی اجمالی صفت مندرج ہو ترجمہ مین مذہب حنفیکی تائید سے اسماعیلیہ گروہ سے خارج ہو جاسکتا ہو مگر اس سے یہ لازم آئیگا کہ اسحاقیہ انبوہ مین بھی داخل نہین ہو زمخشری نے کہین تائید مذہب حنفیہ کروی تو کیا اب وہ دہبہ وبال اعتزال سے بے داغ ہو جاسکتا ہو حاشا وکلا ثم حاشا وکلا عوام کا اس تزویر سے تسخیر کرنا البلہ فریبی ہو لیکن

اسی گجراتی ترجمہ نصیحت المسلمین کے اخیر مین غلام محمد نے ایک فتوی کا ترجمہ ضمیمہ کر دیا ہو اوسکے عنوان کی سرخی یہ ہو ۔ فتوی از علما حنفیہ در مسئلہ علم غیب ۔ جسکا گجراتی ترجمہ یہ کیا گیا ہے ۔

હનફી. વિદ્વાનો. મસઅલાનો. ઈલમે ગેબ. આલમનો. ફતવો.

اب فرمائے کہ کون ہوگا جو یہ دیکھکر یا اوسکا مضمون سنکر سنی مسلمانون سے خارج ہو رہے اس فتوے کے اختتام پر معمولی طور پر ایک ہی تھیلے کے چٹے بٹے ہین جنھون نے دستخط کر دئے ہین اور اکثر انہین کے وہ نوعمر گبرو مدرس ہین گو بعض بعض پرانے ہی بھی جو ہو بہو مصداق اس فرد کے ہین سہ

ز اہل مدرسہ اسرار معرفت مطلب	کہ نکتہ دان نشود گر کرم کتاب خورد

عمدگی تو اس فتوے کی اس سے زیادہ اور کیا ہونی چاہئے کہ اسپر **محمود حسن** **خلیل احمد** **رشید احمد** کے دستخط اور مواہیر بھی موجود ہین اول الذکر نے تو لکھا ہے۔ الجواب صحیح بندہ محمود عفی عنہ ۔ دوسرے نے بھی کہا کہ ۔ الجواب صحیح خلیل احمد عفی عنہ مگر تیسرے صاحب رشید احمد تو وہ ہین جنکے زلق اور پاؤن کے نسبت صاحب ازالۃ الخفا

عن علم المصطفیٰ یوں تحریر کرتے ہیں۔ یہ رشیدی بیاور نتو کا ڈگری پر اودھار کھائے بیٹھے
ہیں رات دن اسی کار خیر میں رہتے ہیں اس مدخاص میں جب کبھی قلم کفر رقم اٹھالیا ہے
تو اپنے پیر و مرشد تک کو شرک و بدعتی بنا کر رکھدیا ہے ان سند یافتہ بہشتیوں کی پنکھوڑے کے
روسے جنت الا ہو صرف اسماعیلی و رشیدی جاگیر داروں کا حصہ ہے باقی سب فقد ہے
انتہی۔ بھلا ایسے پرانے گرگ صد باران دیدہ محض نام نامی اور اسم گرامی تحت شعر
فرمانے پر کیونکر قناعت کیوں ہو جائیں کیا ایک سطر بھی تحریر نہ فرمائیں نہیں نہیں ضرور ضرور
ایک آدھ گولانٹ تو کھائیں مگر بیہودہ دلبندیزی اب مختصر نویسی ملاحظہ ہو کہ لکھے تو کچھ
کم ایک ہی سطر مگر اوسمیں بھی کیا ہی خوب چرکا اور کسی مرغوب تیزی جو غور سے نہ سنے
وہ انھیں کا سوا موقعہ دیکھئے آپ زالت برکاتہم اور عدمت حرکاتہم کا ارشاد ہے۔
علم غیب خاصۂ حق تعالیٰ ہے اس لفظ کو کسی تاویل سے دوسرے پر اطلاق کرنا ایہام شرک سے
خالی نہیں۔ اس پرانے کھلاڑی کو یہ تو شاید یاد نہ رہا جو ارشاد عقل سلیم میں علامۃ الوجود مفتی
ابو سعود نے فرمایا ہے وعلمناہ من لدنا علما خاصا لا یکتنہ کنھہ ولا یقادر قدرہ وھو
علم الغیوب انتہی دیکھو تفسیر کبیر جلد کے ص پر حاشیہ میں جسکو صاف طور پر
بیضاوی صاحب بھی انوار التنزیل ص۴۸۰ پر تحریر کرتے ہیں وعلمناہ من لدنا علما مما یختص
بنا ولا یعلم الا بتوفیقنا وھو علم الغیوب انتہی۔ ہاں یاد رہے کہ ابو سعود سے تو واسطہ
نہیں ہے بیضاوی تو اوسکا سپارہ پڑھا اور پڑھایا ہوگا اور یہ مطلب تو لگے جا کے ہے
پھر معذور مگر تعجب در تعجب تو یہ کہ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی صاحب کے مکتوبات
جلد ا ص۲۲۶ پر حضور معذور کو نہ سوجھا جو فرما دیا ہے۔ بر علم غیب کہ مخصوص باوست سبحانہ
خاص رسل را اطلاع می بخشند انتہی واہ رے قصبۂ گنگوہ تیری علمی انبوہ میں ہمنے جے

امام کو رشید سمجھا وہ تو کفر و شرک کی رسید ہو گیا جسنے ابو سعود بیضاوی و امام ربانی کو بھی لوث شرک سے پلید کر دیا۔ ناظرین باتمکین یاد رکھیں حضرت محبوب کبریا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثنا کی نسبت جسکے عقیدہ میں شمہ بھر عناد یا ذرہ سا فساد ہو گا وہ علی الدوام مر اللیالی والایام میں یوں ہی ناکام بدنام برے انجام سے موںھ کی کھائیگا اور ذلت پائیگا ولنعم ما قیل۔

کژ روی کو سر بتابد از شہ ما در بساط	مات باید چون پیادہ خویشتن را در پای پیل

حسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ نعم المولی ونعم النصیر۔ غفرانک ربنا والیک المصیر۔ ط

میرے بھولے پھر پیارے بھائی مسلمانو میرا کہا مانو اور یقین جانو

یہ وہی خلیل اور رشید احمد ہیں جنکے مسائل باطلہ اور دلائل عاطلہ کی تردید میں دوبارہ مولانا مولوی عبد السمیع صاحب نے انوار ساطعہ کو طبع کرائی ہو جسمیں ان مکاروں اور عیاروں کے خلاف پر ۷۵ علمائے نامدار ہر ملک و دیار نے دستخط کیے اور مہر لگائی ہے پھر مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم نے انکے برخلاف بوارق لامعہ لکھی جسپر بھی ۷۰ علمائے احکام اور فضلائے اسلام نے تائیدیں اور تقریظیں لکھیں ہیں یہ آپنے کبھی دیکھی سنی ہونگی لیکن سواد عرب میں جیسے عظمت و جلال سے سیلین اخضرین معروف ہیں ویسے بلاد ہند میں صفات کمال سے یہ مشتعلین مشتعلین موصوف انکے قواعد کاسدہ اور عقائد فاسدہ کے بطلان میں **تقدیس الوکیل عن توہین الرشید والخلیل** نام کی مبارک کتاب دیکھکر ان بزرگون کی حنفیت کا اولا اندازہ کر لو پھر اپنا اپنا اعتقاد از سر نو۔

تازہ کرلو مخفی و مستتر نہیں کہ یہ کتاب لاجواب پورے ۳۲۴ ص پر قصور میں چھپ چکی ہے شائق اسکے مطالعہ سے مذاقان اسلام اور ذائقان ایمان کے سوء اعتقاد اور طبعی فساد و پیرقلبی عناد پر وقوف حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکتا ہے اسی میں سے یہاں پر حضرت مخدوم جناب مولانا مولوی رحمت اللہ صاحب مرحوم مصنف اظہار الحق (جو سلطان البرین و خاقان البحرین کی طرف سے پایہ حرمین کے خطاب مستطاب سے مخاطب ہیں) کی تقریر تا ص ۳۰ پر سے نقل کرنا ناگزیر ہے بنا ء علیہ تحریر کئے بغیر چارہ نہیں ہے۔

تقریظ حضرت مولانا با الفضل و الکمال اولنا حضرت مولوی رحمت اللہ صاحب علیہ الرحمۃ پایہ حرمین شریفین مہاجر مکہ معظمہ زاد اللہ شرفا و تعظیما

از تقدیس الوکیل عن توہین الرشید و الخلیل ص ۳۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد اور نعت کے کہتا ہے راجی رحمت رب المنان رحمت اللہ بن خلیل الرحمن غفر لہما الحنان کہ مدت سے بعض باتیں جناب رشید احمد صاحب کی سنتا تھا جو میرے نزدیک وہ اچھی نہ تھیں اعتبار نہ کرتا تھا کہ انھوں نے ایسا کہا ہوگا اور مولوی عبد السمیع صاحب کو جو انکو میرے ساتھ رابطہ شاگردی کا ہے جبتک مکہ معظمہ میں نہیں آئے تھے تحریراً منع کرتا تھا اور مکہ معظمہ میں آنے کے بعد تقریراً بہت تاکید سے بالمشافہ منع کرتا تھا کہ آپس میں مختلف نہوں اور علماء مدرسہ دیوبند کو اپنا بڑا سمجھو پر وہ مسکین کہاں تک صبر کرتا تھا اور میرا اعتبار نکرنا کسطرح ممتد رہتا کہ حضرات علماء مدرسہ دیوبند کی تحریر اور تقریر بطریق تواتر مجھ تک پہونچی کہ تمام افسوس سے کچھ کہنا پڑا اور چپ رہنا خلاف دیانت سمجھا گیا سو کہتا ہوں کہ میں جناب مولوی رشید احمد کو رشید

سمجھتا تھا پر میرے گمان کے خلاف کچھ اور ہی نکلے (یعنے غیر رشید) جسطرف آئے اوسطرف ایسا تعصب برتا کہ اوسمین اونکی تقریر اور تحریر دیکھنے سے رونگٹا کھڑا ہوتا ہے حضرت نے اول قلم اسپر اُٹھایا کہ جس مسجد مین ایک دفعہ جماعت ہوئی ہو اوسمین دوسری جماعت گو بغیر اذان اور تکبیر کے ہو اور دوسری جگہہ ہو جائز نہین آپ کا اور آپ کے متبعین کا وہ حکم تو تہا جو نجدیون کا وقت حکومت مکہ معظمہ کے تہا کہ جو جماعت اول مین حاضر نہو اوسکو سزا دیتے تھے سو آپ کا اور آپ کے متبعین کا ایسا حکم جاہلون کے واسطے من و سلوی ہو گیا کہ سب موسمون مین خاصکر شدت گرمی کے موسم مین عذر ہاتھ لگ گیا کہ عذر کے سبب اب تو جماعت فوت ہو گئی ہے۔ دوسری جماعت جائز نہین دکان اور گھر چھوڑ کر مسجد مین کسواسطے جاوین اور علمار نے جو مخالف اونکے لکھا کب سنتے تھے اپنی ہٹ پر روز بروز بڑھتے تھے پھر ایک فاسق مردود کو جو اپنے کو حضرت عیسی کے برابر سمجھتا تھا اور سب انبیار بنی اسرائیل سے اپنے کو افضل گنتا تھا اور اپنے بیٹے کو درجۂ خدائی پر پہونچاتا تھا عیسی اور موسی اور پیغمبر علیہم السلام کا کیا ذکر ہے اور اوسکے مرید تو کھلم کھلا حضرت شیخ عبد القادر جیلانی اور حضرت بہاؤ الدین نقشبند اور حضرت شہاب الدین سہروردی اور حضرت معین الدین چشتی قدس اللہ تعالی اسرارہم کو جنکے سلسلون مین لکھو کہا صالحین اور ہزارہا اولیا مقبول رب العالمین گذرے ہین کافر اور گمراہ کنندہ بتلاتا تھا اور بیچارے۔

این سلسلہ از طلائے ناب است	این خانہ تمام آفتاب است

بڑا بھائی اس مردود کا دنیا کی کمائی کے لئے اوہی طریقہ برتتا ہے اور دوسرا چھوٹا بھائی اوسکا امام الدین نامی چوہڑون اور بھنگیون کے پیغمبری کا دعوی کرتا ہے اور اونکے نزدیک بڑا مقبول پیغمبر ہے حضرت مولوی رشید اس مردود کو مرد صالح کہتے تھے اور

جو علماء اوس مردود کے حق مین کچھ کہتے تہے مولوی رشید احمد اپنی ہٹ سے نہین ہٹتے تہے اور
کہتے تہے مرد صالح ہو الحمد للہ کہ خدا تعالیٰ نے اسکو جہوٹا کیا اور بیٹے کے حق مین جو دعوی کرتا
اسمین بالکل ہی جہوٹا کیا پہر حضرت مولوی رشید رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے
نواسے کیطرف متوجہ ہوئے اور انکی شہادت کے بیان کو بڑی شدت سے
محرم کے دنون مین گو کیسا ہی روایت صحیح سے ہو منع فرمایا اور حالانکہ حضرت شاہ ولی اللہ
صاحب سے جناب مولانا اسحاق مرحوم تک عادت تہی کہ عاشورے کے دن بادشاہ دہلی
کے پاس جاکر روایات صحیح سے بیان حال شہادت کرتے تہے سو یہ سب انکے مشائخ کرام
و اساتذہ عظام مین ہین سو آپکے تشدد کے موافق ان مشائخ کرام و اساتذہ عظام کا جو حال
ہے وہ ظاہر ہے اور میرے نزدیک اگر روایات صحیح سے حال شہادت کا بیان ہو تو فائدہ سے خالی
نہین مینے خود تجربہ کیا ہے کہ جب مین ہندوستان مین تہا عاشورے کے دن حال شہادت کا بیان
کرتا تہا اوس مجلس مین کم سے کم ہون تو ہزار آدمی سے زیادہ ہی ہوتے تہے اور اس بیان شہادت
مین تعزیون کے بنانے کی برائی اور جو رسوم و بدعات تعزیونکے سامنے کیجاتی ہین انکی برائی بیان
کرتا تہا اور اسمین تین فائدے تہے اول یہ کہ مین چھ گہڑی دن چڑھے اس وعظ کو شروع کرتا
تہا اور دوپہر تک اس مجلس کو ممتد بناتا تہا سو ہزار سے زیادہ آدمی تعزیون کے دیکھنے اور ان
رسوم اور بدعات کے کرنے سے رکے رہتے تہے دوسری یہ کہ اُس بستی مین ساٹھ تعزئے بنتے
تہے جسمین دو شیعون کے اور اٹھاون سنت و جماعت کے سو اٹھاون مین سے دو ہی برس
مین اکتیس کم ہوگئے تہے دو برس کے بعد غدر پڑ گیا اور مین ہندوستان سے نکل کھڑا ہوا امید کہ
ایک برس اگر رہنا میرا اور ہوتا تو یہ ستائیس جو اٹھاون مین سے باقی تہے موقوف ہو جاتے
تیسرے یہ کہ ہزار آدمیون سے اونچے کو بلا واسطہ اور ہزارون مرد اور عورت اور بچون کو بواسطہ

ان ہزار کے برائی تعزیہ کی اور ان بدعات کی معلوم ہو جاتی تھی پر شکر کرتا ہوں کہ حضرت
رشید نے حرمت بیان شہادت پر قلم اٹھایا اور شہادت کے باطل کرنے پر لب نہ کھولے پھر
حضرت رشید نے جو فولے کیطرف توجہ کی تھی اسی پر اکتفا نہ کر کے خود ذات
حضرت نبوی صلی اللہ علیہ وعلی اخوانہ وآلہ واصحابہ وسلم کیطرف توجہ کی پہلے مولود کو
کنھیا کا جنم اشٹمی ٹھہرا دیا اور اسکے بیان کو حرام بتلایا اور کھڑے ہونیکو کوئی کیسے ذوق
شوق میں ہو بہت بڑا منکر فرمایا اس ٹھہرانے بتلانے فرمانے سے لکھو کہا علمار صالحین اور
مشائخ مقبول رب العالمین انکے نزدیک برے نفرتی ٹھہر گئے پھر ذات نبوی میں اسیر بھی
اکتفا نہ کر کے اور امکان ذاتی سے تجاوز کر کے چھ خاتم النبیین بالفعل ثابت کر بیٹھے اور امکان
ذاتی کے باعتبار تو کچھ حد ہی نہ رہی اور انکا مرتبہ کچھ بڑے بھائی سے بڑھتے نہ رہا اور بڑی
کوشش اسمین کی کہ حضرت کا علم شیطان لعین کے علم سے کہین کمتر ہو اور اسی
عقیدے کے خلاف کو شرک فرمایا پھر اس توجہ پہ جو ذات اقدس نبوی کی طرف تھی اکتفا
نہ کیا ذات اقدس الٰہی کیطرف بھی متوجہ ہوئے اور جناب باری تعالی کے حق
مین دعوی کیا کہ اللہ کا جھوٹ بولنا ممتنع بالذات نہین بلکہ امکان جھوٹ بولنے کو اللہ کی بڑی
وصف کمال کی فرمائی نعوذ باللہ من ہذہ الخرافات مین توان امور مذکورہ کو ظاہر اور باطن
مین بہت برا سمجھتا ہوں اور اپنے محبین کو منع کرتا ہوں کہ حضرت مولوی رشید کے اور اونکے چیلے
چانٹوں کے ایسے ارشادات نہ سنین اور مین جانتا ہوں کہ مجھپر بہت کہلم کہلا تبرا ہوگا لیکن جب جمہور
علمار صالحین اور اولیائے کاملین اور رسول رب العالمین اور جناب باری جہان آفرین کو
زبان اور قلم سے نہ چھوڑے تو مجھے کیا شکایت ہوگی۔ قصبہ گنگوہ ہمارے درلنہ تا محل اولیار کرام
سلسلہ چشتیہ صابریہ کا رہا انہین سے ایک ناپاک الٰہی بخش نامی بعد مرنے کے خلق کے نزدیک

ایسی روح خبیث موذی مشہور ہوا کہ صدہا کوس تک اُسکی ایذاء سے خلق ڈرتی ہو گیا اوس خبث
کے سبب ان اولیاء کو جو بکثرت ہوئے برا کہہ سکتا حاشا وکلا وہ تو اپنی زندگی مین حنبل کے سبب
بڑا اعتبار رکھتا تھا خوف یہ ہے کہ اگر کوئی بڑا اعتبار والا حضرت گنگوہ مین نکل کھڑا ہو تو اس
کا تا خوف ہوگا اور جیسا مشکوۃ المصابیح مین کتاب الامارہ مین حضرت ابوہریرہ سے روایت
ہے تعوذ باللہ من راس السبعین وامارۃ الصبیان مین بھی اس زمانہ کے حالات اور
حضرت رشید اور انکے چیلے چانٹون کی تحریر اور تقریر سے پناہ مانگتا ہون جو اس مقدمہ مین وہ
کچھ میرے اوپر تحریر کرینگے تین سبب سے انکے جواب کیطرف التفات نکرونگا اول یہ کہ شدت کا
ضعف ہو اور مجھ مین طاقت ان چیزون کی طرف توجہ کی ہی نہین دوسری یہ کہ اس امر مین
توجہ مصلحت زمانہ کے بالکل خلاف ہو تیسری یہ کہ اور بہت اللہ کے بندے انکے مقابلہ پر کھڑے
ہین باقی رہے اور دو بات ایک یہ کہ فرماتے ہین بموجب خواب کسی شخص کے کہ علماء دیوبند
کے علماء حرمین سے افضل ہین سبحان اللہ چھوٹا منہ بڑی بات شیخ عبد الرحمن سراج نے بیس برس
منصب افتاء پر قیام کیا اس بیس برس مین صغیر اور کبیر موافق مخالف انکی دیانت کے قائل ہین
انسے پہلے سید عبد اللہ مرغنی جو مفتی تھے انکی دیانت وامانت بھی ضرب المثل ہو اور اکثر علماء صالحین
یہان موجود ہین گو بعض غیر صالحین بھی یہان موجود ہین بعض کی خطا سے اکثر کے حق مین
بدگمان ہونا شان مسلم کی نہین دوسرے یہ کہ فرماتے ہین کہ مسجد الحرام مین ایک عالم نابینا سے مولد
کا حال پوچھا گیا انھون نے کہا (بدعۃ وحرام) شاید نابینا مولوی محمد انصاری سہارنپوری ہو
جو تقیہ سے نام اونکا نہین لیا کہ اونکو کہ کام صغیر وکبیر اہل علم سے برا کہتا ہی پایا اور کوئی ایسا اندھا
عقل اور بینائی کا ہوگا سبحان اللہ خواب ایک مجہول شخص سے دیوبند کے علماء حرمین کے
علماء سے افضل ٹھہرین اور ایک بینائی کے اندھے کے کہنے سے جو حقیقت مین وہ عقل کا

بھی انمناہی مولود بدعت اور حرام ٹھہر جائے۔ اسپر مجھے ایک نقل یاد آئی کہ مداری فقیرون مین کہ
اکثر انھین کے رند وبدمذہب ہوتے ہین گو شاذ ونادر بعض انمین کے اچھے بھی ہون ایک اپنے
مرید کو کہتا تہا کہ بعد کچھ خدمت کے تجھے ایک نکتہ فقیری کا بتاؤنگا بعد چند مدت کے اوسنے خدمت
کرکے جو وہ نکتہ پوچھا تو کہا کہ **مولی۔ محمد۔ مدار** تینون کے اول مین میم ہو اور اسمین اشارہ
ہو کہ تینون کا درجہ ایک ہی رہا دوسرا نکتہ تجھے بعد اور کچھ خدمت کے بتاؤنگا بعد گذرنے مدت اور
کرنے خدمت کے جو دوسرا نکتہ پوچھا کہا کہ **مکہ۔ مدینہ۔ مکھن پور** تینون کے اول مین میم
ہو اور اسمین اشارہ ہو کہ یہ تینون آپسمین برابر ہین اُس رند نے مکہ مدینہ کو مکھن پور کے برابر بتلایا
تہا حضرت مرج بھولئے ہر کہ آمد برآن مزید کرد۔ دیوبند کو مکہ مدینہ دونون سے افضل ٹھہرانکا
کیون نہو شاباش۔ این کار از تو آید و مردان چنین کنند۔ اور دوسری بات یہ ہو کہ براہین قاطعہ
مین انوار ساطعہ کے جواب مین کوئی فقرہ نہوگا کہ اسکے مصنف کو صراحۃً کلمات فحش سے یاد
نہ کرتے ہون اسپر مجھے دوسری نقل یاد آئی کہ جامع مسجد کے شہدے کہ رنڈے اور گالی گلوچ
بکنے مین مشہور ہین ہو ایک کی بیعت کا جب مینے حال سنا تو معلوم ہوا کہ اسکے مرشد نے وقت بیعت
لینے کے یہ کہا تہا کہ سن بے جو کھیلیو گالی گلوچ بکیو پر کاف لام سے رکیو سنکر کے یہ مضمون میری
سمجھ مین نہ آیا مینے لگے ایک معتبر سے پوچھا کہ اس قول کے کیا معنے ہین کہا کاف سے مراد کافر
کہنا اور لام سے لعنت کرنا سبحان اللہ جامع مسجد کے شہدے کافر کہنے اور لعنتی کہنے کو ایسا برا
سمجھین اور براہین قاطعہ کے مصنف انوار ساطعہ کے مصنف کو مشرک اور کافر بتلاوین۔

بعض جگہہ بعض چیزین نہین مشہور ہین جیسی میری بستی کرانہ اور نانوتہ جسکے رہنے والے مولوی
قاسم اور مولوی یعقوب وغیرہ ہاتہے نحوست مین مشہور ہو کہ عوام صبح کو انکا نام ہی نہین لیتے
کرانہ کو ہیرون والا شہر اور نانوتہ کو جھوٹا شہر کہتے ہین اور کسی اور کا مذہب اور انبیٹھہ جو حق مین

مشہور ہین اور ان بستیون کے اہالی مین کچہ نہ کچہ تاثر ہوتے ہین میری بستی کی تاثیر میرے
مین یہ ہوئی کہ ایسا زمانہ نحوست دیکہا اللہ تعالیٰ مولوی خلیل احمد کو انکی بستی
کے خواص سے بچاوے اور حضرت مولوی غلام دستگیر صاحب
کو انکے رد مین جزائے خیر عطا فرماوے آمین ثم آمین
العبد محمد رحمت اللہ بن خلیل الرحمن غفر لہما المنان

محمد رحمت اللہ ۱۲۹۴ — ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۰۷ از مکہ معظمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عربی رسالہ جناب مولوی غلام دستگیر صاحب قصوری کا جواب مین براہین قاطعہ کے
من اولہا الی آخرہا جناب مولوی رحمت اللہ صاحب نے سنا اور مین نے سنایا سننے
کے بعد آپ نے اسکے مضامین کی تائید مین تقریظ مرقومہ بالا اپنی زبان فیض بیان
سے فرمائی اور اسکے اخیر مین اپنی مہر کرائی ۔ العبد حضرت نور
مدرس اول مدرسہ ہندیہ مکیہ ۔ تحریر ۱۸ ماہ ذیقعدہ ۱۳۰۷ھ

حضرت نور ۱۲۹۸

اردو رسالہ جو عربی رسالہ کا ضمیمہ ہے جواب مین براہین قاطعہ کے تصنیف جناب
مولوی غلام دستگیر صاحب قصوری من اولہا الی آخرہا جناب مولوی رحمت اللہ صاحب
نے سنا اور اس احقر نے سنایا اور بعد سننے کے اسکے مضامین کی تائید مین
اپنی زبان فیض بیان سے یہ تقریظ مرقوم بالا فرمائی اور اسکے
اخیر مین اپنی مہر ثبت کرائی ۔ فقط

عبد السبحان

العبد عبد السبحان عفی عنہ مدرس دوم مدرسہ ہندیہ واقع مکہ معظمہ بقلم خود

اب بھی کوئی مسلمان انجان رہکر حنفیت کے گمان سے انکی تزویر و طغیان سے غافل و
ذاہل رہے تو ہمین اتنا ہی پڑھ دینا کافی و وافی ھذا بصائر من ربکم فمن ابصر فلنفسہ

ومن عمی فعلیہا وما انا علیکم بحفیظ ٭

اندازہ لگا کہ اکثر ناظرین نے نہ تو تقدیس الوکیل کی صورت دیکھی ہو اور نہ رشید و خلیل کی صورت ملاحظہ کی لہذا ہم یہاں بداعیہ ضرورت مجمہ ایک اور نمونہ بتلاتے ہیں اوسے فکر و غور سے دیکھہ بھال کر ہر ایک انسان چوکنا رہیگا تو بانی کے یاجوج ماجوج کے سریان افتتان سے خمیازہ خسارت ایمان ہرگز نہ سہیگا وباللہ التوفیق وھو خیر الرفیق ٭

غلام محمد کے نامی گرامی رسالہ استفسار کے ص ۳ پر قاضی رحمت اللہ جی کی تائید ثبت ہو رہی ہیں وہ خود آپ کو اہل سنت والجماعت مقرر فرما رہے ہیں اسکا تو تعجب ہی نہیں ہو ہم یہی ایک مشہور مضمون کو نئے پیرایہ سے موزون کر کے کہے دیتے ہیں ۔

قاضی چہ لاف میزنی از پاکدامنی	بر شملہ تو این ہمہ داغ شراب چیست

بڑی حیرتناک بات تو یہ ہے جو یہیں فرما رہے ہیں ۔ اور ایسے مسئلہ یقینی پر ناظمہ راہ حق حکیم قمرالدین صاحب ساکن بڑودہ کی تالیف شدہ پر تمام شہر سورت کے علما و مشائخین کی تصحیح و سواہیر ثبت ہو اور بعض اہل نادیہ کی تصحیح موجود اور جو انکار کرتا ہو وہ خارج سنت و جماعت ہے انتہی ۔ یہاں پر صائب کا شعر ۔

ننمائی بصاحب نظران جوہر خود را	عیسی نتوان گشت بتصدیق خرے چند

تو لکھنا بجا ہو پھر کیا مضمون کا یہ کلام پڑھنا بھی خطا ہو گہ ۔

صائب دو چیز می شکند قدر شعر را ۔	تحسین بیوقوف و سکوت سخن شناس

قاضی جی نے پوری طاقت صرف کردی اور بیہودہ ور لگا دیکھو ناظمہ راہ حق سے استدلال فرمایا باقی کتب دینیہ سے موخبہ پھیر کر جو ادھر جھکے گویا اپنے عندیہ میں اقامت دلیل کا حق ادا کر چکے دیا ایسی عیاری اور طمع کاری کی قدر اور اعتبار ہی تو تب ہی ممکن و قابل ترجیح تھی کہ

حکیم قمرالدین صاحب گنگوہ اور دیوبند سے بھی مقامات چند اودھر ہوتے تا مبلغ فضل کمال کا سرمایہ غیر معدود باقی رہجاتا مگر قاضی جی کھڑپیٹ جلدی سے کھلواکی بازی گنڈی ہوگئی لینے پڑی غلطی کھائی جو ساکن بڑودہ کی قید لگائی اتنا نہ فرماتے تو اور و نکے طور پر علمار حنفیہ مین یہ بھی سمجھا جاتے خیر مضی مامضی ولقد ماقضی تائید لکھتے وقت شائد محکمہ دار القضا مین آپ کے سامنے فرنگی ہوگا اس جہت سے ٹھوکر کھائی آپ کا قصور نہین جو آپ معذور ہو لیکن اب پھر سے سوٹھو کھولو اور جان پہچان کرلو کہ یہ وہ حکیم قمرالدین صاحب ہین جنھون نے بنابر مشہور روزبان زد نزدیک و دور آپ پونہ ڈرجن یعنے پورے آدھی کوڑی مین ایک کم علماؤ اونکو اسی بحث کے لئے بڑودہ بلوایا اور رات کو شیرچہ کھلایا علی الصباح انکی بری مٹک تر نہین ہن اسنے بری شکم فرمایا اور چھوٹو میان کے گھر کا راستہ بتایا اگر یہ امر مشہور صحیح ہو اور پھر ناظم کی عبارت کا وہی مطلب ہو جو بعض شناسان سامی نے اختراع کرکے قرار دے لیا ہو تو اب چندے فمن عفی واصلح فاجرہ علی اللہ سو گذر کر ولمن انتصر بعد ظلمہ فاولئک ما علیہم من سبیل پر کاربندی مین کوئی حرج نہین ہو لہذا معروضہ کو گوش حق نیوش سے اصغا کرکے قصا کیجئے ٭

حکیم جی کا شطرنج کی بردومات مین تضییع اوقات صلوات کرنا تو معلوم ہوگا اور نیز آپ کی عکسی تصویر نستعلیق پیرایہ مین مختلف مقامات کے دیوارون پر آویزان بھی ملاحظہ کی ہوگی مگر اس بار ایک خاص اجلاس مین کتیا کو پاس لئے ہوئے انگریزی ٹوپی زیب سر اور کوٹ پتلون کے لباس مین جو تصویر کھینچائی ہے اور ایسی حالت مین ڈاڑھی کی بھی خالبا جسے فرینچ کٹ کہا کرتے ہین اوس قرینہ سے صفائی ہو اس پیکر پاک کو ایک پلے مین رکھدیجئے اور مقابل کے پلے مین آپ کے کلام بلاغت نظام کو دھر دیجئے

جو وہ کیفیت انجمن اسلام بڑودہ بابت ۱۸۹۹ء کے صفحہ ۵ تا ۱۶ پر ارشاد فرماتے ہیں

عالم کو گر عمل نہیں جاہل ہو بے خبر
تصویر ہیولیٰ ہو کہ جو ہے بے اثر

کشتی ہو ایک شکستہ سکان ہو بغیر در
گر راست پوچھتے ہو تو ہو خار پر ضرر

عامل نہیں ہو گر متعدی مرض ہے وہ
مضمون کفر و ظلم کا خالص غرض ہے وہ

مفہوم اسکے فعل سے ہوتا ہے صاف حال
ہر گفتگو کی جاہل رہے علم کو مجال

یہ رد و کد زبانی ہو ولیکن ہو قیل و قال
جسکا جواب کچھ نہیں سننے اگر سوال

انسان اپنے نفس پہ کامل بصیر ہے
یہ سود اعتقاد کی ظاہر نظیر ہے

ہاں بعض نے کہا ہے جو عالم ہو بے عمل
لیکن یہ بات بھی ہو مخصوص اکیا محل

رکھ فعل سے نہ واسطے غرض قول پر ہو عمل
تعلیم یا فتوں کے لئے ہے یہ ایک مثل

دیوار پر لکھی ہو نصیحت تو مان لے
عالم جو بے عمل ہو اسے خاک جان لے

پس اہل انجمن نے کیا سوچ کر خیال
جنکو علوم دین محمد میں تھا کمال

آگے تھے اہل علم بڑودہ میں بے مثال
پر ہو گیا ہے اب تو زمانہ کا اور حال

تعلیم علم دین ہو نہ قرآن کا شوق ہے
پتلون و کوٹ کرکٹ و ہوٹل سے ذوق ہے

قاضی جی حضور والا کی ادھی حیرتناک فوٹوگراف اور اس کلام پاک وصاف کا انصاف
آپ ہی پر چھوڑا جاتا ہے اما انجا کہ یہ عوارض فرازی سے بحث ہے جسے صاحبان تہذیب جدید

بہت ہی ناپسند کرتے ہیں اس سے پہلوتہی کرکے حکیم جی کا علمی سرمایہ ملاحظہ کیجئے جسے آپ اپنے ایک قبلہ پر خط میں تحریر کررہے ہیں وہو ہذا۔

جناب قبلہ جمعدار حسین میاں صاحب دومی سلمہ

پیرزادہ علی میاں صاحب نے مجھسے مسئلہ پوچھا تھا اور کہا تھا کہ آپ تحریر کرکے روانہ کروگے تو بڑی مہربانی ہوگی صورت مسئلہ کی یہ ہو کہ اگر مصلی کو یقین ہو کہ نماز صبح کی ایک رکعت بھی جماعت کے ساتھ ہاتھ آئیگی سنت صبح کی پڑھلی اور جماعت میں شامل ہوجاوے اور اگر ایک رکعت کے ملنے کا یقین نہو تو سنت کو ترک کرے اور جماعت میں شامل ہوجاوے اور آفتاب خوب روشن ہونے کے بعد سنت کی قضا کرے اور افضل یہی ہو اور قضا سنت کی آفتاب نکلنے کے پہلے درست نہیں ہو اور یہ سنت کی قضا اسواسطے ہو کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنت قضا پڑھی ہو لیلۃ العرس میں یہ مضمون شرح وقایہ کا ہو اور عبارت اوسکی یہ ہو ویترك سنۃ الفجر ویقتدی من لایدرکہ فان فاتت بدون الفرض لایقضی قبل طلوع الشمس فیقضی السنۃ بعد طلوع الشمس الی الزوال عند محمد رحمہ اللہ ۔

العبد خادم الطلبۃ قمرالدین عفی عنہ

اس قطعی حکم میں لیلۃ العرس اور شرع وقایہ لفظی فاش خطائیں قلم اعجاز رقم سے صفحہ قرطاس پر چکیدہ ہوئیں اسکا چنداں اندیشہ نہیں ہے مگر خطائے معنوی جو حضور سے سرزد ہوئی وہ تو دانایان فن پر روشن و مبرہن ہے کیا اسمیں بھی مضائقہ نہیں ہوتا۔

ہدایہ میں ہو واما عند محمد رحمہ اللہ تعالی یقضیہا الی الزوال لان النبي صلی اللہ علیہ وسلم قضاہا بعد ارتفاع الشمس غداۃ لیلۃ التعریس ولہما ان الاصل فی السنۃ ان لایقضی لاختصاص القضاء بالواجب والحدیث ورد

فی قضائہما تبعاً للفرض فبقی ما رواہ علی الاصل اور غلام محمد کے بھی مستند

مولوی عبدالحی صاحب کے مجموعۃ الفتاوی جلد ا صفحہ ۲۶۹ پر ہے :-

سوال ۹۷۔ سنت فجر اگر بضرورت شمول جماعت ترک شود پس ادائے آن قبل

از طلوع آفتاب بلا کراہۃ جائز ہست یا نہ بینوا توجروا۔ **ہوالمصوب**

از حدیث قیس خرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاقیمت الصلوۃ فصلیت معہ

الصبح ثم انصرف النبی صلی اللہ علیہ وسلم فوجد نی اصلی فقال مہلا یا قیس

اصلاتان قلت انی لم اکن رکعت رکعتی الفجر قال فلا اذن انتہی اخرجہ الترمذی

وابن ماجہ وغیرہما عدم کراہت ثابت وضعف اسنادش چنانکہ ترمذی وغیرہ بیان کردہ

ہست نہ بدرجہ ہست کہ مسقط احتجاج باشد لیکن حنفیہ بسبب تقریر اصولی حکم کراہت میدہند

عینی در عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میفرماید قلت استقرت القاعدۃ ان المبیح والحاظر

اذا تعارضا جعل الحاظر متاخراً وقد ورد النہی فی احادیث کثیرۃ انتہی :-

اور پھر مجموعۃ الفتاوی جلد اول صفحہ ۲۲۳ پر ہے۔ استفتار ۱۲۳-۳۸۰۔ مایقول العلماء

فی ہذہ المسئلۃ ذکر فی کتب الاصناف قاطبۃ لا یقضی سنۃ الفجر الا اذا فاتت

مع الفجر فیقضیہا تبعاً للقضائہ قبل الزوال واما اذا فاتت وحدہ فلا تقضی قبل

طلوع الشمس بالاجماع لکراہۃ النفل بعد الصبح والاصل فیہ قولہ علیہ السلام

لا صلوۃ بعد الصبح حتی تطلع الشمس ولا صلوۃ بعد العصر حتی تغرب الشمس

رواہ ابوداؤد ولکن یعارضہ ماروی قیس بن عمرو رای رسول اللہ رجلا یصلی

بعد صلوۃ الصبح رکعتین فقال صلوۃ الصبح رکعتین فقال الرجل انی لم اکن

صلیت الرکعتین اللتین قبلہما فصلیتہما الان فسکت رسول اللہ رواہ ابوداؤد

فما وجه التوفیق ورفع التعارض - بینوا توجروا - هو المصوب - لاشك فی صحة الاحادیث التی وردت بالمنع عن الصلوة بعد طلوع الفجر حتی تطلع الشمس وبعد العصر حتی تغرب من التطوعات علی ما فی الصحیحین وغیرہما وکذا لا شبهة فی کون الحدیث الدال علی جواز اداء سنة الفجر بعد صلاة الفجر قبل طلوع الشمس محتجا به الا ان اصحابنا لما اثبتوا فی الاصول ان النص المبیح والمحرم اذا تعارضا یقدم المحرم وان القول مقدم علی الفعل والتقریر حکموا هنا بالمنع عملا باحادیث النهی العامة القولیة المحرمة وکذا قال العینی فی النهایة شرح الهدایة بعد ذکر التعارضین ان المبیح والحاظر اذا تعارضا جعل الحاظر متاخرا وقد ورد النهی فی کثیر من الاحادیث انتهی - اس بیان سے حکیم جی کی فقاہت کا اندازہ کرکے ناظمہ راہ حق کا نام نہ لیجئے مجھے تو بڑا تعجب یہ ہے کہ آپ کے حکیم جی بوحنیفہ شرب کے ہوکر محمد کے مذہب مین کیون شامل ہوگئے خیر اسے بھی جانے دیجئے اور ایک نیا ماجری سن لیجئے ؎

امام المنکرین غلام محمد کے بھی مستند مولوی حقانی نے مقدمہ تفسیر حقانی مین لکھا ہے یوروپ مین ملک کے ملک ایسے بیدین و ملحد ہوگئے کہ جو خدا اور خدا کی باتون پر قہقہہ اڑاتے ہین جنکا اثر ہندوستان مین بھی بولوس ہند سید احمد خان بہادر کے ذریعہ سے نوجوان انگریزی خوانون مین پہونچا اور شراب خواری وزنا نے از حد رواج پایا اور اوسمین ہو سید احمد خان کی تفسیر ملاحظہ فرمائیے کہ جسمین یوروپ کے ملحدون کی تقلید کرکے قرآن مجید کو بالکل محرف کردیا ہو خرق عادات اور معجزات انبیاء اور ملائکہ اور جن و شیطان و نعمای جنت اور عقوبات دوزخ کا محض انکار ہو اور پیغمبر علیہ السلام

کی وحی کو مجذوبانہ خیال بتایا ہو اور وجود اور اثر دعا پر وغیرہ بہت امور منصوصہ پر مضحکہ
کیا ہو اور اوسی مین ہو تفسیر قرآن سید احمد خان دہلوی کی ہنوز ناتمام ہو اس شخص نے اپنے
خیالات باطلہ کو کہ جو ملحدین یوروپ سے حاصل کئے اور جنکی اتباع کا نام انکے نزدیک
ترقی قومی اور فلاح اسلام ہو درج کیا ہے در اصل یہ کتاب تحریف قرآن ہو نہ تفسیر خان صاحب

بہادر کی بیباکی اور الحاد کی وجہ سے تمام ہندوستان کے علما نے تکفیر کا فتوی دیا ہو
مگر چونکہ وہ اور انکی ذریت جنت دوزخ کے منکر اور الہامی باتون کو لغو سمجھتے ہین اسلئے اس
کفر کی بھی کچھ پروا نہین کرتے بلکہ مضحکہ اوڑاتے ہین العیاذ باللہ ثم العیاذ باللہ ؛

انھین مولوی حقانی صاحب کے ایک لکچر کی عبارت رسالہ رد نیچریہ مرتبہ مرزا محمد
بیگ دہلوی مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی سے یہان پر نقل کر دینا بھی خالی از فوائد نہین آپ کا
ارشاد صدق بنیاد ہو — سید اگرچہ ہم ہی مسلمانون مین ایک پرانے معزز شخص ہین
مگر زمانے کی نیرنگیون اور تیرہوین صدی کے اثر نے نئے ریفارمر مصلح قوم پیدا
کر دئے پھر تو وہ تھے اور اونکے ہاتھ صاف انکو ہندوستان مین پروسیی اور ترمیم اسلام
بہانا سید نے ترمیم تو کیا بلکہ پرانے اسلام کو جڑ سے گرا کر ایک نئے اسلام کی بنیاد ڈالی
اور اسکے حدود کو وسیع کر دکھایا کیونکہ اسلام قدیم مین جو مسلمانون کو محمد صلی اللہ علیہ
وسلم سے پہونچا ہو انبیا کو تو کیا ایک نبی کو بھی نہ مانے کتب آسمانی تو کیا ایک کتاب کا بھی انکار
کرے وہ قطعاً دائرہ اسلام سے خارج قرآن مجید کی متعدد آیتین اور بیشمار صحیح احادیث
صاف صاف کہہ رہی ہین کہ ان باتون مین ایک کا بھی منکر جہنمی ہو جو خالداً مخلداً جہنم مین جلیگا
سید کے اسلام مین ہندو عیسائی دہریے بت پرست سب داخل ہین اور جنت کے
مستحق ہین پھر اسلام جدید کے بموجب سید نے تفسیر مین مغربی فلاسفرون کے خیالات

جھٹلانے اور اصلی معانی کو دھکے دے دیکر باہر نکالنے مین جو کوشش کی وہ اسلام جدید کے پیروؤن کے نزدیک قابل شکوری ہی اسکے بعد سید نے ایک اور بھاری کام کیا وحی جنت و دوزخ ملائکہ بلکہ خدا اور نبی کے لفظ کو تو ایمان لانے کے قابل قرار دیا مگر انکے معنی بدل دیے نبی نبوت جسکا کسی پر خاتمہ نہین جو معجزہ اور خرق عادت کے محتاج نہین بنا جبرئیل نے ملائکہ یعنے قوت ملکیہ بلکہ نیا خدا جو نہ دعا قبول کرنے پر قادر ہو نہ نظام عالم مین جاری کرنے کے بعد دخیل ہی ماننا پڑا پھر جب اصلی اصول باتون مین یہ اختلاف ہی تو فروعات وعملیات کی کیا پرسش ہی اب مین نہین سمجھتا کہ یہ نئے اسلام کا بانی اسلام قدیم کے پابندون کی تعلیم کی کیسی اصلاح و ترمیم کریگا سید کی تعلیم و تربیت جو مسلمانون کے بچون کے حقمین ابر رحمت کیطرح علیگڈہ کالج پر برستی رہتی ہی میرے نزدیک مسلمانونکی موجودہ حالت کیلئے کسیطرح مفید نہین بلکہ سخت مضر و خطرناک ہی اس تعلیم کا نتیجہ جو سب سے اول سید کے دونو صاحبزادون کے حقمین ظاہر ہوا ہی وہ انکے لئے تدریسی نمونہ اور زندہ دلون کیلئے عبرت ہے سید نے اسلام قدیم کو گرا کر جو وسیع اسلام کے بنگلے مین صاحبزادونکو بٹھایا منجملہ اور نعما کے ایک شراب خواری ہی کہ جسنے وضعداری ہی نہین کردیا بلکہ سرکاری ملازمت کے قابل بھی نہین رکھا بلکہ زندگی سے مایوس کر دیا گیا علیگڈہ کالج مین سبکو ایک گھنٹہ تک اونہین دینیات کی چھوٹی کتابون کی تعلیم دیجاتی ہی اور ظہر و عصر کے وقت کھیل کود کے ذریعہ سے نماز پر مجبور کیا جاتا ہی خواہ بیوضو ہی کیون نہو اور اسکے ارکان و شروط سے بیخبری ہی کیون نہو مدرسۃ المسلمین کہلانیکا مستحق ہوسکتا ہی؟ نہین ہرگز نہین اھ ملخصا وملتقطا ۔

قاضی صاحب معاف فرمائیگا آپ کو بہت انتظار کرنا پڑا کہ سوق کلام سے میرا مقصود کیونکر منوط ہوا اب وہ موقع آگیا جو مین اپنی گذارش پر آپکے خیال کو متوجہ کرسکون اور آپ آخیر فیصلہ

اپنے محکمہ دار القضا مین سنائین تب تلک آپ کے عالی دھیان کو اپنے قابو مین رکھہ سکون آپ
اپنی قوت متخیلہ کے ایک گوشہ مین حقانی صاحب کی تقریر مسبوقۃ الذکر کے فقرہ اور تمام بیان
مسلسل کے خاص خاص جملہ ضرور مستحضر رکھین تا اعادے کی ضرورت نرہے یہ قوی امید ہے
اب آپ اپنے مستند حکیم قمر الدین صاحب کی سنو کہ وہ اسکے برخلاف کیا قیامت قایم
کررہے ہین جبکہ ایسے سید کو ملک الموت نے دھر دبایا اور اوسکی روح کو دار الجزا کیطرف روانہ
فرمایا تو بڑودہ انجمن اسلام کے بعض میمبرون کی تحریک سے ایک تعزیت نامہ لکھنے کا موقع آیا
جو آپکے انھین مستند حکیم صاحب نے انشا فرمایا ملاحظہ ہو روئداد کیفیت انجمن اسلام بڑودہ
بابت ۱۸۹۸ع کی صفحہ ۳ پر جو ارشاد کرتے ہین ❊

جناب آنریبل مسٹر سید محمود خان صاحب بہادر ادام اجلالہ

ہم اہل انجمن اسلام بڑودہ گجرات بصد حسرت وافسوس صدمہ جانکاہ آپکے پدر بزرگوار مغفور
سے استرجاع کرتے ہین (انا للہ وانا الیہ راجعون) حقاکہ جناب سید احمد خان صاحب مغفور
شیر میدان ہمت بزیر عرصہ گاہ عظمت وجلال تھے اپنے اوصاف حمیدہ اور برکات پسندیدہ مین آپ
ہی نظیر ومثال اس انتقال کا بہت بڑا اثر ہوا بیشک یہ امر مسلم الثبوت ہوکر ساکنان عالم کون وفساد
کو بموجب کل شیء ھالک الا وجہہ ایک روز معین ہو اور آن مقررہ پر بمعنوای اذا جاء اجلھم لا یستاخرون
ساعۃ ولا یستقدمون جام اجل پینا ہو اور باقیات صالحات کو صبر جبری ضروری کرکے رنجیدہ خاطر
جینا ہو لیکن بعض کا غم متعلقین شکستہ بال کرتے ہین اور بعض کا اہل قوم موجودہ حال اور
بعض کا غم باعتبار حال واستقبال اور خدا شاہد ہو کہ فی الواقعہ شہید اکہ نور اللہ مرقدہ بانوار الرحمت
والغفران قسم ثالث سے تھے اور کیون نہو جب اہل اسلام پر گھٹا جہالت اور بے ہنری کی چھاگئی
اور ہر طرف سے صدائین ادبار اور الجوع کی آنے لگین اور دوسری قومون نے بباعث تحصیل ترقی اور

فنون عالی پایۂ ترقی پر قدم رکھا سید صاحب مغفور کا دل خون ہوگیا سبب کہ مدام خیر خواہی اہل
دم مارتے تھے پس بہزاران ہزار دقت و مشقت بتائیدات آسمانی و توفیقات ربانی مدرسہ عالی قائم
کرکے سرکار گورنمنٹ سے بطور انگریٹ پاس شدہ اسکالرون کو بیشمار بسبب لیاقت علمی و حیثیت
فنی رفعت عہدہ ہائے مالیتی پر چڑھا دیا اور بعضون کو کرسی عدالت اور حکومت پر بٹھا دیا اور ابھی
بھی وہ دریائے کرامت اور جلال کی موجین کہ مراد ہماری وہی مدرسۂ عالیہ ہے پیہانی کشت زار اہل اسلام
کو جاری ہین صدہا ان مین کل ارباب اسلام جو چشم بصیرت اور دیدۂ عبرت وا رکھتے ہین اونکا ماتم کرینگے
اور نسلاً بعد نسلٍ اونکے احسان سے سر جھکائے ہوے سجدۂ استغفار بجا لائینگے - ہمارے
نزدیک تو حدیث شریف ان اللہ عز و جل یبعث فی ہذہ الامۃ علی راس کل مائۃ من یجدد دینہا
رواہ ابو داؤد مصداق اسکی حقیقۃ ہو یا مجازاً اونکی ذات مقدس ہو کہ نئے سر سے علوم و فنون
ماضی اور حال کو اہل اسلام مین پھیلا دیا ابھی آسمان رفعت و عزت پر اکثر ستارہائے روشن
اسلام جو چمک دکھا رہے اور ہماری نظرون مین تابان و درخشان اُرہے ہین اسی آفتاب سعی و
ہمت کا پرتو ہین افسوس کہ غروب ہوگیا جب دوردست باشندونکو اسقدر تاریکی و رنج آنکھون مین
چھا رہی تو آپکے غم و الم کا کیا بیان ہو سکتا ہو آپ کو تلقین صبر تحصیل حاصل ہو آپ جزائے
صبر جمیل سے ناواقف نہین ہین اولئک علیہم صلوات من ربہم و رحمۃ و اولئک ہم المہتدون قطعہ

حسرتا ناظم نگون شد رکن قوم
فات او بد صورت ابر مطیر
بود سبزی و ریانی ازو
وای گرمای تعلم باز شد
از سر طاق رواق اقصا شد

ای لبا دردا کہ آن ذیشان برفت
بر مزارع قطرہ زن باران برفت
گشت ناگہ داشتہ دہقان برفت
ظل ممدود از سر طفلان برفت
آن ہمای رحمت و احسان برفت

عیبتا ابیضت از اشک فراق	وا دریغا چون مہ کنعان برفت
...جواب من اف وا لقوم - انا	زین جہان سید احمد خان برفت

...یان پر قمر الدین صاحب کو صرف دین کے معنے بتلا دینا ضرور ہے دریافت کرکے شاید آئندہ
...سوی سنہ جیسی بیان لکھی تحریر کرکے ارنا جایز اور ترک واجب کے ارتکاب سے باز آئیں -
...رازی تفسیر کبیر جلد ۴ صفحہ ۳۸۱ میں زیر آیۃ ان عدۃ الشہور اثنا عشر شہرا فی کتاب اللہ کی
تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں البحث الثانی فی تفسیر لفظ الدین وجوہ الاول ان الدین قد یراد
بہ الحساب یقال الکیس من دان نفسہ ای حاسبہا والقیم معناہ المستقیم فتفسیر الآیۃ
علی ہذا التقدیر ذلک الحساب الصحیح المستقیم الخ فلم یکن حمل ہذا اللفظ علی التعبد اولی
من حملہ علی الحساب قال اہل العلم الواجب علی المسلمین بحکم ہذہ الآیۃ ان یعتبروا
فی بیوعہم و دیونہم واحوال زکوتہم وسائر احکامہم السنۃ العربیۃ بالاہلۃ ولا یجوز
لہم اعتبار السنۃ العجمیۃ والرومیۃ انتہی مگر اس قسم کے معاملہ تو حکیم جی کی نظروں میں کچھ وقعت
سے دیکھے نہیں جاتے لہذا اور علیحدہ گذارش کیا چاہتا ہوں جو یہ ہے ∴

جناب قاضی صاحب حکیم جی کا یہ مضمون مختلف اجزا کا مرکب معجون ہو گیا ہے لہذا چند شبہات کا
فیصلہ چاہتا ہوں کہ وہ آپ اپنی گورنمنٹ سے عنایت کرنے میں دریغ روا نہ فرمائیں - عیبتا ابیضت
از اشک فراق ∴ وا دریغا چون مہ کنعان برفت - اس شعر میں خود بشمول کسی غیر کے عیبتا
ابیضت کے مصداق ہے اور سید کو مہ کنعان کا مفہوم بنانے میں فن شاعری نہ سہی قوانین
بخشائی کے رو سے کونسے دفعہ کی رعایت منظور فرمائی ہے لیکن آپ تکلیف نہ کیجئے غالباً آپ بھی
اس کوچہ سے واقف نہیں ہیں پھر فیصلہ دینا جایز نہیں لہذا رہنے دو علیحدہ جہان بین ہو جائیگی
آپ معروضات ذیل کے فیصلے دیتے بھی اونکتا نچاہیں تو خوشا نصیب اور بڑی غنیمت جانونگا ∴

اوّلاً یہ کہ حکیم جی نے وہاں سے یہاں تلک سوق کلام میں سید کو عموماً جن صفات کمال سے موصوف فرمایا ہے اور خصوصاً مصداق حدیث ابو داؤد بتایا ہے آیا واقعی ان صفات سے موصوف ہونے کا سید مستحق تھا یا نہیں ۔

ثانیاً اگر مستحق تھا فرمائیے تو غلام محمد کے مستند مولوی حقانی صاحب والی تقریر کی نسبت کیا خیال قایم کیا جاوے یہ صاف صاف فرما دیجیے ۔

ثالثاً اگر حکم یہ ہو کہ اصلاً اور قطعاً مستحق نہیں تھا تو آپ کے مستند حکیم جی کو کیا مقرر کرنے میں آوے یہ بے لاف و گزاف از روے انصاف ارشاد کیجیے ۔

رابعاً در المختار میں ہو لا بأس بالرثاء بشعر او غیرہ لکن یکرہ الافراط فی مدحہ انتہی اور ہدایہ میں ہو والمروی عن محمد رحمہ اللہ ان کل مکروہ حرام انتہی بنا بر روایۃ در المختار حکیم جی سر سید کے اس مرثیہ میں غایۃ درجہ کے افراط کی وجہ سے بشمول روایۃ ہدایۃ فعل حرام پر ارتکاب کر کے بجاے خود سرائی یا حصول ثواب واقعی خراب ہوے یا نہیں ۔

خامساً اخرج الترمذی عن ابی موسی قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما من میت یموت فیقوم باکیہم فیقول واجبلاہ واسیداہ ونحو ذلک الا وکل اللہ بہ ملکین یلہزانہ ویقولان اھکذا کنت واخرج القرطبی فی التذکرۃ والسیوطی فی شرح الصدور عن ابی ہدبۃ ابراہیم بن ہدبۃ قال حدثنا انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان العبد المیت اذا وضع فی قبرہ واقعد قال یقول اھلہ واسیداہ واشریفاہ واامیراہ قال یقول الملک اسمع ما یقولون انت کنت سیدا انت کنت امیرا انت کنت شریفا قال فیقول المیت یا لیتہم یسکتون فیضغط ضغطۃ تختلف فیہا اضلاعہ انتہی مغربی کا حال تو آپ فرما دو گے لیکن مغربی کا حال ارشاد ہو کر بنا بر

برخلاف عقیدہ سید بشرط وجود ملائکہ ملہزاہ کا مفہوم اند تختلف فیہا اصلاعہ کا مصداق ہونا سید کیواسطے ملنے مین کیا کوئی قباحت ہو یا نہین پانچون جواب باصواب بحوالۂ کتاب ارشاد ہون ✤

مگر ازانجا کہ غلام محمد کے مستند حقانی صاحب نے سید کو بولوس فرمایا اور آپکے حکیم جی نے اوسے مجدد دین بتایا آپ یہ انصاف نہین کر سکوگے وجہ یہ کہ آپ اور غلام محمد وتن ویک روح جیسی ہو آپ غلام محمد کے مستند کو براسناؤگے اور نہ خود کے مستند حکیم کو نیچا دکھاؤگے لہذا یہ مقدمہ ہم آپکے دار القضاے ٹرانس فرکرکے خود حکیم جی کے حوالہ کرے دیتے ہین جنسے اب کوئی تصفیہ طلبی کی ضرورت ہی نہین وہ خود بڑے مدبر اور گھر کے دور اندیش ہین روح واحد کے جسدین اور اوسکے مستندین مین اندرونی بگاڑ اور خانہ جنگی ہوئی کیسی ویں انھون نے فیصلہ مبنی کرکے خود بخود فیصلہ لکھ رہا ہو اتنا ہی نہین وہ مطبوع ہوکر شایع بھی ہوگیا ہو ✤

ملاحظہ کیجیے گلدستہ بزم شادی صـ۱۲ـ پر آپ کا ارشاد بلاغت بنیاد

ماہ یثرب کے اشارہ سے ہوا شق القمر		ای فلک ایسا ہو روشن آسمان آدمی
جنبش مائل ہو بسوی جنس یہ نکتہ ہوا ایک		آدمی کو چاہیے ہو قدردان آدمی

کیون قاضی جی دیوانہ ہوا اے دوانا صدائے بس ست۔ آگے آئے آیت نہ گلہ ہو نہ شکایت رہی یہ بات کہ ثانی شعر تو مطلب کا تھا لیکن اول شعر کے نقل سے کونسا مقصود ہو تو وہ بھی کہے دیتا ہون کہ آدمیون آپ کے مستند نے مدینہ طیبہ کو یثرب فرمایا ہو جو کہا۔ ماہ یثرب کے اشارہ سے ہوا شق القمر۔ اور اسوقت تلک حضور کو اتنا شعور نہین ہو کہ بلدہ پاک سرور خطہ خاک وقبہ افلاک کو یثرب کہنا سخت مکروہ و مقبوح موجب توبہ مفضوح ہو جناب قاضی القضات دیکھو دلائل الخیرات کی شرح مزرع الحسنات مین کی رباعی۔

ای در جسد مدینہ جسم تو چون جان — وین تو گرفتہ قاف تا قاف جہان
در لفظ مدینہ نگر از اعجاز ت — سر شق شد و گرفت وین را بمیان

ایسے مدینہ کو یثرب کہنا بڑی بیباکی ہے اور سخت ناپاکی کتاب لاجواب **وجود المسفرہ عن اتساع المغفرہ** مین ہو ویکرہ آن یقال للمدینۃ یثرب الآن لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال للمدینۃ یثرب فلیستغفر اللہ ھی طابۃ رواہ ابن عازب وقال القرطبی فی تفسیرہ یثرب اسم رجل من العمالقۃ نزل بھذا الارض فسموھا باسمہ قال البرماوی فی شرح البخاری یکرہ ان یقال للمدینۃ المشرفۃ یثرب لانہ من التثریب وھو التعییر والتوبیخ انتہی ۔

ہر چند صاحب وجود مسفرہ اور برماوی نے مدینہ طیبہ کو یثرب کہنا مکروہ کہا ہو مگر ہمنے قریب مین ہدایہ سے نقل کر دیا کہ ہر ایک مکروہ کا حرام ہونا نصًا امام محمد سے مروی ہے اور قضا رسنت فرمین حکیم جی مذہب امام محمد کو پسند کر چکے ہیں پس بیشک وبلاریب مدینہ کو یثرب کہنے مین حکیم جی حرام کے مرتکب ہوے جسکی خبر بھی نہوئی شاک اسبات کا کہ قرآن مجید اور بعض صحیح احادیث مین مدینہ کا تسمیہ یثرب سے معلوم ہو آیندہ عبارتون سے فک ہو جاویگا **نقاوۃ الاثر شرح خلاصۃ السیر** مین ہو وما ورد فی التنزیل یا اھل یثرب لا مقام لکم فھو قول بعض المنافقین وما جاء فی بعض الاحادیث تسمیتہا بیثرب فھو قبل النھی عن ذلک انتہی **خلاصۃ الوفاء باخبار دار المصطفی** ص ۵ مین ہو وروی ابن شبۃ نھیہ صلی اللہ علیہ وسلم عن تسمیۃ المدینۃ یثرب فلیستغفر اللہ ھی طابۃ وما فی الایۃ حکایۃ عن المنافقین ولذا قال عیسی بن دینار المالکی من سماھا یثرب کتبت علیہ خطیئۃ لکن فی الصحیحین فی حدیث الھجرۃ فاذا ھی المدینۃ یثرب وفی روایۃ لا اراھا الا یثرب وقد یجاب بانہ قبل النھی انتہی **جذب القلوب الی دیار المحبوب** ص ۱۴ مصنفہ محدث دہلوی رحمہ اللہ

٣١٦

تعالی ارشاد فرماتے ہیں در حدیث آمده است ان الله امرنی ان اسمی المدینة طابة فرمود
پروردگار عالم جل جلاله مرا امر کرد مدینه را طابه نام کنم و از وهب بن منبه آمده است که نام مدینه در
توریت طابه و طیبه است و مذهب امام مالک آنست که هر که زمین مدینه را بعدم طیب نسبت کند و
هوای او را ناخوش گوید واجب التعذیر گردد و او را حبس کنند تا آنکه توبه صحیح ازوی بوجود آید و پیش
از زمان سعادت نشان نبوت مدینه را یثرب و اثرب بروزن مسجد میگفتند رسول خدا علیه افضل الصلوة
واکملها بامر الہی عز اسمه او را طابه و طیبه نام کرده گویند که یثرب نام یکی از اولاد نوح است علیه السلام که
بعد از تفرق ذریت او درین سرزمین مقام گرفت و علمای تاریخ را اختلاف است که یثرب اسم مدینه
است یا ناحیه که در جانب غربی جبل احد است و در وی عیون کثیر و نخل بسیار بود و اکثر علما این قول را
ترجیح نموده و در قوما اثارب بصیغه جمع موجود است و ابن زباله که یکی از اصحاب امام مالک است و
قدوه مورخان مدینه و بعضی دیگر از علما روایت کرده اند که مدینه را بیثرب تسمیه نکنند و در تاریخ بخاری
حدیثی روایت کرده که هر که یکبار یثرب گوید باید که از برای تلافی و تدارک آن ده بار مدینه گوید و امام
احمد و ابویعلی روایت کرده که هر که مدینه را یثرب گوید باید که استغفار کند نام او طابه است و امثال این روایات
دیگر نیز آمده و وجه کراهت اشتقاق او است از ثرب بتحریک که بمعنی فساد است یا تثریب بمعنی مواخذه و عقاب
آمده است یا آنکه وی در اصل چون نام کافر است تسمیه این مکان شریف که ساحت عرش از غبار شرک
وکفر منزه و مبرا است مناسب نبود و آنکه در قرآن مجید واقع شده یا اهل یثرب لا مقام لکم از زبان
بعضے منافقان است که در تسمیه او باین اسم داد نفاق میدادند و در بعضی احادیث نیز تسمیه مدینه بیثرب
واقع است گویند در وقوع آن پیش از ورود نہی است والله اعلم و در **روح البیان** میں ہے فی الحدیث
من سمی المدینة یثرب فلیستغفر الله هی طیبة یقوله علیه السلام
حین اشتد انقطاع الهجرة لا اربها الا یثرب ونحو ذلک من کل ما وقع فی کلامه قبل النهی

وقد انتهی الامام مالک رحمه الله تعالی فیمن قال تربة المدینة ردیة بضربه ثلاثین درة
وقال ما احوجه الی ضرب عنقه تربة دفن فیها رسول الله صلی الله علیه وسلم یزعم انها غیر
طیبة انتهی مواہب قسطلانی کی شرح زرقانی جلد ۲ صفحہ ۲۵۹ مین ہو وبیہ حرم الله ابا العباس
احمد بن محمد العریف حیث قال فی قصیدته النبی اولها ۔ اذا ما حدا الحادی باجمال یثرب
نلبث المطایا فوق تحذی تعبق ۔ الاولی باجمال طیبة للنهی عن تسمیتها یثرب ۔
وانما سمیت فی القرآن حکایة عن المنافقین ۔ انتهی ۔ پس اگر حکیم جی بھی ۔ ماہ طیبہ کے
اشارے سے ہوا شق القمر ۔ فرماتے تو کیا قباحت تھی لیکن قاضی جی آپ کے مستند حکیم جی
بھی ہین تو بڑے بڑے صاحب جنکی افضل العبادات یعنے توصیف سید الکائنات بھی ایسی طرز سو ادا ہوتی ہو
جسمین بکرات استغفار کی ضرورت پڑے نہ معلوم انکے سامنے سیئات کیسے کچھ ہوتے ہونگے نسال
الله العظیم ان یتدارکنا بفضله العمیم سچ ہو جب قلم اختیار سے گذر جائے اور زبان قابو سے نکلجائے
تو لفظ لفظ اور حرف حرف کا طور ہی کچھ اور ہو جائیگا اوسی گلدستہ بزم شادی مین مرزا علی صاحب
کے کلام بلاغت نظام مین ہو ۔

گاہ ہوتی ہے سپر گاہے سنانِ آدمی	منہ مین کیا کیا کرتی ہے زبان آدمی
ایک نقطہ حد سے بڑھجانے مین کل نقصان ہو	یہ زبان آدمی ہے پھر زیان آدمی

اور اسے بھی جانے دو تو ومین حکیم علام کا ارشاد بھی تو بہت سا باقی جسمین یہ شعر بھی ہو ۔

روشنی گھر کی ہو گھر کو پھونک بھی دیتی ہو گاہ	شمع ہے ایک خانہ تن مین زبان آدمی

طوالت گفتار کو اختصار کرتا ہون اور قاضی کے خطاب مین اس شعر کو تکرار کر کے ۔

اندکی وا ز تو گفتم و بس ترسیدم	کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار ست

بالجملہ قاضی صاحب کو میرے مذکورہ بالا چند سوالونکے جوابی زیر باری سے حکیم جی

کہ ایک ہی شعر جس مائل ہو بسوئے جنس یہ نکتہ ہو ایک ؂ آدمی کو چاہئے ہو قدر دان آدمی
نے سبکدوش کر دیا یا نہیں جو حوصلہ تنگ اور حواس دنگ ہو جاتا غلام محمد اور اوسکی خیر خواہوں نے
جب سید عبد القادر بن محمد حسن اور قمر الدین حکیم سے تجاوز کرکے محمود سورتی کو بھی صف
بھرتی میں لے لیا اور انھیں کی تصحیح اور کلام سے استناد کیا تو ہمنے بھی یہان کے بھانڈ
اور سوچیوں سے تو مشورہ نہ لیا مگر مجبوراً سرجان ملکم کی تاریخ سے الزام دیا انھیں تو ایسے
لوگونکے ذکر سے شستہ اور مہذب ناظرین کو نفرت آتی ہے اتنا ہی نہیں کتاب بھی غیر
میمون اور بے برکت ہو جاتی ہے ٭

حاصل کلام اور خلاصۂ مرام یہ کہ جب زمرۂ مخالفین نے نیولوس سید کو مجدد ریش
مانتے والا قمر الدین کے کلام سے کام لیا اور بمضمون قول صائب ـ

رسد بر اہل ایمان بیشتر آزار در دنیا	٭	گزندی نیست از دندان جز انگشت شہادت را

بزعم خود اہل حق کو الزام دیا کہیں مجہول النسب نے منصب سیادت پر قدم مارا تا غنیمت بجانا
پھر مولویت میں دم مارا اگر ہو تا کیا تھا ٭

سعادت ازلی را بکسب نتوان یافت		کہ زاغ از خورش استخوان ہما نشود

کا سا مضمون تھا رفتہ رفتہ نوبت باینجا رسید کہ چماروں کی گردن میں جنھیں قنا و صمن تک
کا تمیز نہیں جو قطن و ہمن کے فرق سے بھی بے بہرہ ہیں تھا مولویت کا تمغا ڈالدیا اب وہ ہیں کہ
دھنی روئی کے طور پھولے معمولی سا جبہ میں سماتے نہیں اور اہل حق کو ستانے سے
باز آتے نہیں سچ ہے ـ

کمینہ قدر چون بادہ بر شد ز مستی گند رو		پیادہ ہمیشہ کند کجروے چون فرزین شد

ان مختلف اوضاع اور روطیر کے ارباب ضلالات و اصحاب جہالات کو دیکھ کر یکایک حافظ کا

کلام یاد آگیا جو فرمایا ہے۔

تناہی الصبر مذ خلت بادی الاس. سرجان	وطار العقل اذ عنی بمعنی المورق فزبان
بیا ای طائر فرخ بیاور مژدهٔ دولت	عسی الایام ان یرجعن قوما کالذی کانو
درین ظلمت سرا تا کی ببوی دوست بنشینم	گہے انگشت بر دندان گہے سر بر سر زانو

ناچار اپنے ضروری مقاصد و مہمات برطرف چھوڑ کر ادہر ادہر سے یہ چار ورق ہم پہنچا کر جوڑ کر ہدیۂ ناظرین پاک آئین اور تحفۂ اولی الالباب کرتا ہون اور تفاؤل سعادت کی نیت سے کلام سعدی پر خاتمہ کتاب لکھتا ہون۔

ما نصیحت بجای خود کردیم	روزگاری درین بسر بردیم
گر نیاید بگوش رغبت کس	بر رسولان بلاغ باشد و بس

خاتمہ کتاب مناظرۂ بڑودہ کی مختصر کیفیت روئداد کے بیان مین

ناظرین با تمکین اس کیفیت کے ضمن مین اون خیانات کو بھی ملاحظہ فرماوینگے جو ابنائے زمان نے خود کی تحریرات مین درج کین یا اخبارات مین مشتہر کرائین جسّے اونکی دیانت اور ثقاہت کا پورا پتا لگیگا اور جا بجا یہ بھی دشوار نہ ہوگی یہ ظاہر ہو کہ آنذیر اور سعدت کے مجموعی نورتن جنھین تسمہ ربط کہنا بھی بجا ہو جب رونق افروز بڑودہ ہوکر اپنے ایک ایجنٹ کے یہان محلہ یاقوت پورے مین آ رہے تھے اور ایجنٹ نے طوطا چشمی کی کامل داد دیکر مولوی زین الحق عرف چھٹو میان پر حوالہ کیا بالاخیر جب یہ در دولت پر باریاب ہوئے اور عرض حالات کی تب ان مجمع صفات کمال موصوف اور کرومۂ عالم ڑھ نکلے ایسے خاندان کے مشہور و معروف صاحب نے (چنانچہ انہون نے خود کے ایک خط مین ایسا ہی دعوی کیا ہے) احقر پر ایک بڑا بوجھ دار حیرتی ظلم صادر کیا جو بجنسہٖ درج ذیل ہے

ضروری

بخدمت شریف جناب مولانا محمد بشیر الدین خانصاحب زاد الطافکم

معلواڑہ بڑودہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً ومصلیاً ومسلماً

مولینا بالفضل اولینا السلام علیکم وعلی من لدیکم

جناب مولوی غلام محمد صاحب راندیری یہاں تشریف لائے ہیں اور بہت ہی قلیل الفرصت ہیں لہذا جناب ممدوح کا منشا قلبی یہی ہے کہ دربارۂ مبحثہ معلومہ بالمشافہ تشفی جانبین ہو جائے تو انسب واولی ہے تاکہ آئندہ طوالت گفتار کی تکالیف شاقہ اور تحریرات کے مصائب لا یطاق سے امن حاصل ہو۔ لہذا مستدعی خدمت ہوں کہ حتی الوسع آج شام تک یا در صورت عدم امکان کل صبح کو ضرور مع ضروریات مبحثہ کے غریب خانہ پر رونق افروز ہو کر ممنون ومشکور فرمائیگا۔ لیکن اشا تقریر علمی میں کسی طرف سے وہ الفاظ جنکا برتاؤ یہاں کے جہلا میں ہوتا ہے کام میں نہ لائے جاویں۔ والسلام۔ جواب جلد عنایت فرمائیگا۔

المکلف

محمد زین الحق عفی عنہ عرف چھوٹے میاں

بتاریخ ۱۰ ماہ ذیحجہ یوم جمعہ ۱۳۱۷ھ

جب یہ رقیمہ فیض ضمیمہ موصول ہوا تو جواب باین طور گذارش کیا۔

باسمہ تعالیٰ

بخدمت شریف تسلیم

نوازش نامہ موصول ہوا کیفیت مندرجہ مفہوم ہوئی کل صبح سے آپکے فرمودہ کے موجب آپکے دولتخانہ پر بحث ہوگا اسمین کوئی اندیشہ نہین فقط گنجایش سامعین کا خیال ضرور ملحوظ رہے وبس۔ شکایت قلیل الفرصتی ابھی سے ہونے لگی یہ پیش نظر رہے۔ یہ بحث بعیت مالا یعلم علیہ طے ہونے تلک اون حضرات کو ضرور رکنا پڑیگا اسکی اگر آپ ذمہ داری فرماوین تو نوازش نامہ کا مطلب باجمیع مقدمات مندرجہ مقبول ہو وہی جواب سے ممتاز فرمایگا۔ ۱۲ ماہ ۱۳۱۵ھ

محمد بشیر الدین عفی عنہ

اس عرضی کا جواب حسب ذیل مین ارشاد ہوا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ فقیر غلام محمد بن حافظ صادق کیطرف سے جناب مولوی محمد بشیر صاحب کو جناب کا نوازشنامہ بمعرفت جناب زین الحق عرف چھوٹو میان وصول ہوا مافیہ کو واقف ہوا مناظرہ کے اختتام تک فقیر یہان ٹھہریگا آپ بفکر رہین اور جناب نے کل صبح روز شنبہ تاریخ ۱۳ ذی الحج ۱۳۱۵ھ کو مناظرہ کیلئے قبول کیا وہ بھی قبول ہو ورنہ فقیر تو ابھی تیار ہی بس یہی عرض ہی۔ حررہ الراجی عفو ربہ الصمد غلام محمد۔

اسپر چھوٹو میان صاحب نے یہ قبولیت لکھی کہ

ہم دونو مولوی صاحب قبول ہین
محمد زین الحق عفی عنہ

اس شرط پر بنا گفتگو یون قرار پائی کہ اولا غلام محمد اپنے رسالہ ازالۃ الریب اور استفسار کی عبارات منقول عنہ کے مطابق کر دکھائے پھر اپنے دعوے سے اوسکو موافق کر بتائے اسکے تصفیہ کے واسطے اسی ہفتہ کے روز دو حکم تھے اور اتوار کے روز تیسرے ایک اور اضافہ کئے گئے جنکو نام نامی اور اسمار گرامی قریب مین ذکر ہونگے پہلے روز کا بحث استفسار کے ص پر مولوی نجف علی کی تائید مین غلام محمد کی پیشکردہ دلیل ترویج بشہادۃ اللہ ورسولہ پر شروع ہوتا ہے

اولاً تو یہ عبارت فتاوی قاضیخان مین کہان ہی یہ نکالدینا غلام محمد کے اعضا کو تعرش

کرنے مین ناکافی ٹھا پھر اس عبارت مین کے لفظ قالوا کا برتاؤ فقہا کے یہان کس بات کا مشعر ہے
اسکا جواب دینا سکرات موت سے شاید کچھ ہی کم تہا ص پر ابتداءً رتا یہ مین آپ کا فرمودہ دمولوی
سنبت علی صاحب کا قول بہت صحیح ہی (اسمین اصح اور صحیح کا تقابل ہے جسمین اصطلاحات فقیہ
جن سے اکثر ایسے بوالہوس کم نصیب ہوا کرتے ہین اسکی چھیڑ مین جب حضور کا ہوش ونگ
اور قافیہ حواس تنگ ہوا تو قاضی نے تلقین جواب پر علمین کو راضی کر لیا اور تحلیل کا ٹیکا دینا
شروع کیا مگر بقول گجراتیان سیٹھ کی سیکھامن چھاپنے تلک ہوتا گیا تہا دعوی ایجاب جزئی
اور سلب جزئی کا تہا اور دلیل سلب کلی کیا مفید تھی قاضی بیچارہ کرتا تو کیا پھر تو پانی کی
عطش اور پیاس کی شدت مین مسجد کے استنجا خانے کی ٹین پاٹ سے رہ مدد مانگی کہ عیاذاً باللہ
العظیم اس حالت نازک مین انکی ضخامت بطنی سے اگر حل استلاذت کہا جاتا تو شک نہین کہ بلن
من مزید کی صدا آتی آخر کار اندازہ اڑھائی گلاس مین چھہ سات بار دو دو اڑھائی اڑھائی سیر پانی
پیکر اوکتا گئے پیٹ مین کچھ ایسے بھڑکے تھے کہ پانی فی الحال پسینہ ہوکر معطر ہو جایا کرتا تھا باینہمہ
عرق ریزی بھی دلیل سے دعوی اوتنا ہی دور تہا جتنا دہلی سے کانپور اس روز کا وقت پورا
ہونے تلک یقین تو ہو گیا یہ کھیر تو ٹیڑھی ہے ؏

اسی شام کو مولوی محمود نے تو ڈاک گاڑی مین سورت کی مہورت کی ٹھہرائی دوسرے جلسہ
مین صورت نہ دکھلائی غلام محمد نے آج کے احد الحکمین سے کچھ مصافحہ کیا اور پنج تن کا واسطہ دیا
ثانی الحکمین عرب صاحب تو تھے عمادہ نجد شریف سے پھر مولوی محمود کی تقلید کرنے سے مانع
کون تھا اتوار کے روز بروقت گجراتی ترجمہ تحفۃ الہند پر آپکے حاشیہ سے پھر انگریزی ترجمہ سے یہہ
عبارت پائین بتلائی

અનુક્રમણીકા

પૃષ્ઠ ૧૨૦

(નોટ) છુપી બાત ખુદા બગર કોઈ જાણનાર નથી

(૧૨૦)

૧. કુરાનના કાળજાન માં છે કે જે કોઈ બગર આફ્રી એ નીકાહ કરે તે છે કે ખુદાને અને તેના રસુલને ગવાહ કી પાછે. અથવા ફરીશતાને ગવાહ કીધા છે. તોને કાફર થાએ છે. કારણ કે તે એમ સમજે કે ખુદાનો રસુલ છુપી વાત જાણે છે. પણ પેગમ્બર (સલ) આ વખતે છુપી વાત જાણતા નહોતા. તો પછી મરણ પછી કેમ જાણે.

قطع نظر اس بات سے کہ تطابق دلیل و دعوے مین بعد المشرقین ہی تاہم استفسار مین عبارت نقل کردہ قاضیخان مین لفظ قاآکو اسوجہ سے جو اس مسئلہ کے سمجھنے کا مدار ہی وہ اس ترجمہ مین خودغرضی سے کہان جاگھسا پھر وہان فرشتہ صاحب کا کوئی ذکر نہین یہان کہان سے آودھمکا اسکے جواب کچھ ایسے قابل انتخاب دے کہ میرے پاس بیٹھا ہوا ایک ظریف بیساختہ بول اٹھا ۔

کچھ اسکو دیکھکے ساقی کے ایسے ہوش گئے	شراب سیخ پہ ڈالی کباب شیشہ مین

ایسی ابتر حالت مین اپنے منشار قلبی جسکا اظہار چھوٹو میان کے خط مین یون تھا جناب ممدوح کا منشاء قلبی یہ ہو کہ وربلدہ بمبئی معلومہ بالشافہ تشفی جانبین ہوجائے تو انسب واولیٰ ہوتا کہ آیندہ طوالت گفتار کی تکالیف شاقہ اور تحریرات کے مصائب مالایطاق سے

امن حاصل ہو) کے برخلاف حکم سے درخواست کی آپ دلائل طرفین لیکر حرمین کے علماء سے استصواب کیجیے جیسا وہ ارشاد فرماویں وہی بجا ہے چونکہ حکمین کو اول سے ہی ساد رکھا تھا اب تو واہ واہ سبحان اللہ کی ٹھہرتے ہی مناظرہ اسٹاپ اور حکم کا حکم صادر کہ فریقین اپنے دعوے کی تائید میں دلائل پیش کریں تا حرمین کو عرب صاحب روانہ کردیں غلام محمد یارقی نے کچھ سفید اوراق اپنے نامۂ اعمال کیطور پر سیاہ کرکے حکم کو حوالہ کرتے ہی خود بسواری ریل بیک بینی و دو گوش مع الخیر والعافیۃ اپنے احباب سے ہم قافیہ ہو گئے ؛

بتاریخ ۱۰ ماہ ۱۳۲۰ھ ہجری کے روز حکمین کو احقر نے مندرجہ ذیل عریضہ سے اطلاع دی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم

بخدمت شریف حضرات بابرکات حکم صاحبان مسئلہ متنازعہ فیما بین غلام محمد و محمد بشیر الدین

پس از اہدائے تحائف سلام مسنون ابراز مرام و مضمون اینکہ حضرات ۔ بداعیہ چند عنایات و عنایات کہ تفصیل آن لاریب موجب ملال است۔ شروط روز اول مبحث را بلا ضرورت برطرف نہادہ طرفین را بنابر درخواست احد الجانبین مامور و ملتمس را بالخصوص مجبور فرمودند کہ دعوائے خود ہا را تحریر کردہ بدلائل آن را مسودہ نمودہ پیش سازند تا بحرمین فرستادہ تصحیح کنانیدہ آید عقیدہ ہر کدامی از جانبین کہ پسندیدہ علماء نامدار اندیار فیض آثار افتد بغرای آن کاربند باید شد ؛

الحمد للہ والمنۃ کہ تصحیحات مطابق اسلام و علمائیت الحرام موافق ادعائے احقر الانام بحول اللہ السلام موجود اند امحال بہانہ ارسال محض بیکار است این محتاج بیان نیست بنا علیہ معروض کرد وقت و مکان معین فرمودہ کمترین را ارشاد فرمایند تا فتوائے مسبوقۃ الذکر را حاضر نماید بملاحظہ سامی

گذرانیدہ فیصلہ عنایت فرمایند ۞

اسمای گرامی علمای نامداران میمون دیار برای ملاحظہ درج ذیل اند

مفتی الحنفیہ محمد صالح کمال — مکہ

مفتی الشافعیہ محمد سعید بابصیل — مکہ

مفتی المالکیہ محمد عابد بن حسین — مکہ

مفتی الحنابلہ خلف بن ابراہیم — مکہ

مفتی الحنفیہ عثمان بن عبد السلام داغستانی — مدینہ

سید علی بن محمد طاہر مدرس اعظم — مدینہ

مولانا مولوی عبد الحق صاحب الہباوی

مولوی عبد اللہ سندی صاحب

مولوی امام الدین احمد صاحب

بابرکت حرمین الشریفین مولانا مولوی رحمت اللہ صاحب

مدرسین مدرسہ صولتیہ

مولوی حضرت نور صاحب

مولوی عبد السبحان صاحب

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب فاروقی

ممدوح ومستند بلکہ مرشد غلام محمد راندیری

بمواہیر و دستخط فضلای معصدرین فتوای مطبوع حسب مدعای کمترین مزین ہست بلاحظہ گرامی آوردہ فیصلہ مرحمت نمایند ومحض برای تصدیق این معنی کہ گذارش ہذا بنظر اقدس گذشتہ ہست دستخط سامی ثبت فرمایند۔ تحریر فی التاریخ ۱۶ ماہ ۱۲ سنہ ۱۳۱۵ھ

عریضہ نیاز آگین محمد بشیر الدین عفی عنہ

اس اطلاع کو روز اول کے دو نوں حکم نے دیکھا اور ملاحظہ کیا اما ایک خار دار لگام نے جو انکے موںھ میں تھی حق گوئی سے خاموش رکھا ۞

ایک دو روز گذرنے بھی نہ تھے جو چو طرف سے راندیری بھاگے کی دلسوز صدا جب کسی کو تاہ اندیش بدطینت اور بدکیش بیدین کو ٹھیک نہ معلوم ہوئی تو دامن تنگ کو داغ مغرورت

سے پاک کرنا چاہئے اور کسیطور رنسو جھا جو یہاں کے ایک اخبار سیاجی وجی میں یہ مضمون مطبوع
کرادیا وہ ملاحظہ کیجئے ◆

વડોદરા· સીયાજી વીજય· ગુરૂવાર· તા૦૧૯-૪-૧૯૦૦ પાન ૨
કાલમ પાંચ·

(ધર્મનો વાદ)

અહીંનાં· મુગલવાડાના· મૌલવી· બશીરખાન· નો· એવા
મત છે· કે· ખુદાની· પેઠે· પેગંબર· સાહેબ· પણ· ભુત· ભવીષ્ય
અને· વર્તમાન· સર્વ· જાણતા· હવે· રાંદેરના· મૌલવી· ગુલા
મ· મોહમદ· એમ કહે છે· કે· પેગંબર· સાહેબને· એટલું· ખુદાએ
અસંબંધ· માં· બતાવ્યું· હતું· તેમ· જાણતા હતા· આ મત
ભેદ· થવાથી· ગયા સોમવારે· ચી અહીં· મૌલવી· પ્યારે સાહેબ· અ
ને· મે· ઐરબ સાહેબની· કમેટીનિમાઈ, બંને મૌલવીનાં· વાદ
વી· વાદ થયા· તેમાં મૌલવી· બશીરખાંએ· મૌલવી· ગુલા
મ મહુમદને· એ· મુદ્દા શિવાયના· સવાલ· કર્યાથી· તેમને
કહ્યું· કે· હું· તો· બહાર· ગામ· નો· રેહનાર છું· અને· આમ· જ
લના· સવાલ· પુછાયતો· મહીને· પણ· અંત· ન· આવે· તે
થી· રવીવારે· કમેટીએ· ઠરાવ્યું· કે· બંનેએ· સોમવારે· પો
તાના· મુદ્દા· લખીને· આપવા· તે· મક્કા· મીસર· મોકલી
આંથી· જે જુકાદો· આવસે· તે· સર્વે· એ· કબુલ કરીસું સોમવારે

મેટી·પૈકીનાં·અરબ·સાહેબ·એક·હોવાથી·સબબે·તેમને
મા·ગયા·તેમેલા·મૌલવી·ગુલામ·મોહમદે·પોતાનું·લ
ખેલું·આપ્યું·અને·મૌલવી·બશીર·સાહેબ·પોતાનું·લખે
લું·પેર·મોકલીદીધાનું·જણાયું·હતું·પણ·તે·હજુ·સુધી·આ
પ્યુ·નથી·આ·બાબે·અહીંનાં·મોહમદન·ભાઈઓમાં·ઘણી
ચરચા·ચાલે·છે·

جب احقر کو یہ معلوم ہوا تو الحمد للہ کہا اور روز اول کے حکمین اور روز دوم کے تیسرے حکم کا موجود ہونا غنیمت تصور کرکے عرب صاحب کو حسب الذیل تحریر پیش کی ہر چند امید تو تھی کہ کچھ زمانگے اما اوس کم نصیب کی بدبختی نے زور کیا جسنے یہ خلاف واقع خبر درج کرائی تھی جو حضور استشہاد کے نیچے عربی بولنے پر مجبور ہوے ٭

باسمہ تعالیٰ

استشہاد از جناب حکم صاحبان مسئلہ متنازعہ فیما بین غلام محمد و محمد بشیر الدین

اوّلاً اینکہ آیا محمد بشیر الدین دعوی نمودہ است کہ علم جناب رسالت پناہی مساوی و مماثل علم حضرت الٰہی است۔ دوئیم اینکہ آیا محمد بشیر الدین کدامی سوال بیفائدہ یا تقریر بیقاعدہ خارج از بحث کہ تعلق تمام برسالہ ازالہ یا استفسار نداشتہ باشد نمودہ است۔ پس اگر ارشاد سامی این باشد کہ نہ ادعاء تساوی کردہ است و نہ سوال بیفائدہ خارج از بحث و غیر متعلق برسالتین السابقتین نمودہ است حسبۃً دستخط خود بذیل این معروضہ ثبت فرمایند تحریر فی التاریخ ۲۰ ماہ ۱۲ ۱۳۱۶ھ۔

ملتمس محمد بشیر الدین عفی عنہ

عرب صاحب نے بعد ملاحظہ عریضہ ہذا جو تحریر فرمایا وہ یہ ہے۔

بسم اللہ وبہ اعتصم ما یصم واقول ان المولوی بشیر الدین الاخوحالة المحاورة مع
المولوی المحترم غلام محمد لم ینطق بالاول ولا خرج عما یلیق فمن نقل عنہ غیر ما ذہ فقد اراد
شق عصی المسلمین ومن یضلل اللہ فمالہ من ھاد حررہ نقیر ربہ ابراھیم محمد الرضوان
پھر ایک گذارش باقی دو حکمین سے کی ہے جسکی نقل بجنسہ یہ ہے۔

باسمہ تعالی

استشہار حضرات حکم مسئلہ متنازعہ فیما بین غلام محمد و محمد بشیر الدین سے یہ ہے کہ کیا آپ صاحب فرماتے
ہین کہ محمد بشیر الدین نے دعوہ علم رسالت پناہی مثل علم حضرت الاہی کیا ہے۔ ایک دویم یہ کہ کیا آپکا
مسودہ ہے کہ محمد بشیر الدین نے غلام محمد سے کوئی سوال خارج از بحث بلا فائدہ کیا ہے جسکو اس امر
استفسار سے پورا تعلق نہ تھا۔ اگر آپکا مسودہ یہ ہو کہ نہ دعوای مثلیت کیا ہو اور نہ کوئی سوال خارج
از بحث تو ذیل مین صحیح فرمادین بتاریخ ۱۰ ماہ ۱۲ ۱۳۱۲ھ۔ گذارش محمد بشیر الدین عفی عنہ

اسپر دوسرے دن کے تیسرے حکم صاحب تحریر فرماتے ہین

بندہ بروز یکشنبہ موجود تھا پہلے روز کیا گفتگو ہوئی اسکا مجھے علم نہین ہے مین موجود تھا
اسوقت نہ دعوائے مماثلت تہا اور نہ کوئی سوال خارج از مبحث۔ کتبہ العبد الداعی السید نورالدین
الرفاعی عفی عنہ۔

اب باقی رہے زکی النفس پاکیزہ شیم روز اول کے دوسرے حکم عالیجناب معلی القاب
معنی حلت شعرا نجابہ خراب مولوی پیارے صاحب اراہ اللہ سبیل الرشد الی الحسنی المطاب انکی
خدمت والا مین مذکورہ بالا گذارش بجنسہ پیش کی تو حضور نے ذیل کی عبارت مسطور کی +

مولوی محمد بشیر الدین نے کوئی سوال خارج از بحث نہین کیا اور یہی علم جناب سید المرسلین
کو مثل علم جناب الاہی کے نہین گردانا۔ العبد الاثم پیارے صاحب عفی عنہ

اما اندازہ لگا کہ آپکے مزاج کا رنگ ہی بوقلموں اور طبیعت کا ڈھنگ ہی گوناگوں مبادا تا فی الحال میں کیا قیامت ڈھانیکو آمادہ ہو جاویں باین خیال حاضرین الوقت سے دو شخصوں کی گواہیاں بھی لکھالیں وہ یہ ہیں۔

العبد	العبد
فقیر حقیر سید علی قادری دستخط جناب مولانا مولوی بہارو صاحب نے بندے کے روبرو کئے ہیں بقلم خود	ماسٹر حبیب بھائی حسین بھائی جناب مولوی مولانا بہارو صاحب کو دستخط میرے روبرو ہوئے ہیں بقلم خود

کیوں حضرات منصفانہ پسند دشمنان دین کی کارروائی کا اندازہ تو ہو گیا ہوگا اخبار سیاہی وغیرہ کیا تحریر کرتے ہیں اور حضرات باوجودیکہ اونہیں بعض کے صفات ذاتیہ کیطرف اشارہ بھی کیا گیا تحریر کرتے ہیں اسکو تو آپ دریافت کریں گے مگر بالفعل مجھے ایک گذارش اور بھی درپیش ہو اوسکا جواب باصواب غلام محمد صاحب سے سننے کا انتظار فرمائیے۔

مولوی غلام محمد صاحب آپ کو اپنا اقرار تحریری یاد تو ہوگا کہ مناظرہ کے اختتام تلک فقیر یہاں رہیگا آپ بیفکر رہیں مجھے آپنے برباد ہو گا دیا کہ بیفکری کی صلاح دی اور مناظرہ کا اختتام چہ معنی ابتدا بھی تو پوری ہونے دی جب خارج از بحث سوالات بھی نہ تھے تو آپکے صلاح کار اور ساتھیوں نے بذریعہ صلاح دی جسمیں آپ کی دوامی تذلیل کی آپکے مجموعی اشکال نسعہ میں سے کے صاحبہ بحث مسعود مولوی محمود نے جنھیں قطن وعہن اعنی قنا و صحن تلک کا تمیز نہیں لیسے نے اگر آپکے پاس کا قیامت کا سا سانحہ جانسو مشاہدہ کرکے موطا شمی کی تو گیا پروا تھی یوم یفر المرء من اخیہ الآیۃ بھی تو کلام پاک ہے آپ چندے اور بھی قیام فرماتے تو کیا قباحت تھی حوض مسجد میں پانی جسکا ذائقہ آپکی سکرات میں آبحیات کا تھا دور کرنے کو کافی تھا سحر پیے کو تو لا ریب وافی اب جواب الجواب میں ضرور یاد رہے کہ کیا وجہ تھی جو

نقروا کی ٹھہرائی اور ایک اوڈھی دن مین نادیر کی صورت یاد آئی فرض کیجئے کہ خارج از بحث کسیقدر سوالات تھے تو پھر اوس سے آپکو نفرت کیون نادیر کے کس مسجد مین گئے آپ کی مرمت کی اور آپنے کتنی جلدی پھنکری پھانکی کہ کئے زیر علاج رہے یہ سوالات اصلاً نہ تھے آپکے عوارض ذاتی سے بالکل بحث نہ تھا اور نہ کسی کی نسبت تا تال والی امانت گینو کی کوئی تحقیق چلائی تھی جسے بھلتا یعنے خارج از مبحث سوال کہا جاوے آپکے خیر خواہ سچے کہ خارج از مبحث سوال تھے پھر آپ تو بقول آپکے بھاٹ کے سر درس علوم کل اور حاوی کل فنون مین تھے اندیشہ ہی کیا تھا سوال ہوتا جاتا آپ جواب دیتے چلے جاتے علم خدا کی شفقت سے سبکدوش ہونے کو خاطر خواہ تجویز کر ہی لیتے آپ کی بدنامی بھی بالکل نہونے پاتی خیر ہر چند گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں کہا جاتا ہے مگر آپ بفضل خدا اب بھی تشریف لاکر اگر کچھ ہمت عالی کو متوجہ کیجئے گا تو کسیقدر بھی سرخروئی حاصل ہوئے بغیر رہے تو ہمارا ذمہ نہیں ہے یہ تصور نفرمادین یہان آپکے سونھہ لال کرنے مین کوئی دقیقہ اوٹھا رکھنے والے نہیں ہین آپکے چلے جانے گلال کے تھال لئے استقبال کو کمر بستہ ہین اور اشتیاق لقا مین جگر خستہ چشم براہ انتظار ہین ؛؛

تاریخ ۵ ماہ صفر ۱۳۱۸ھ یعنی پنج بہادر صاحب اپنے پرچہ اخبار جلد ۵ نمبر ۲۲ مین ایک جائے پر اعلان فرماتے ہین -

بڑودہ کا مناظرہ

مولوی محمد بشیر صاحب اور حافظ و مولوی غلام محمد صاحب نادیری کے مباحثہ کے بابت ایک بڑے زور شور کا طومار دفتر عالیہ مین موصول ہوا ہے - مولوی محمد بشیر کا یہ عقیدہ ہو کہ رسول خدا صلعم کو علم غیب خدا کے برابر تھا معاذ اللہ حافظ صاحب کا

یہ دعویٰ ہو کہ جسقدر خدای تعالیٰ نے رسول پاک کو عنایت فرمایا تہا وہی تہا یہ مراسلہ آیندہ ہفتہ مین شایع کرونگا ۔

بتعدد ہفتجات رو یا نقضای لا چکے کہ اس مراسلے کے شیوع کا انتظار ہوا تا کوئی خاص وجہ ہوگی جسکی جہت سے موقوف رکھا گیا کاش یہبی شایع ہو جاتا تو اس مراسلے کے مرسل کی دینداری کا اندازہ حضرات اہل علم کی تحریرات سے بخوبی دریافت ہوتا عام اہل اسلام پر بہی پوشیدہ نرہتا ۔

مولوی غلام محمد صاحب یا اونکے نیاز مندون سے ہمیون کارروائی کی کچہ شکایت نہ تہی مولوی عبد الحی صاحب امام آن مسجد مولمین کی نصرۃ النعیم مطالعہ سے گذری یہ حضرت اضلاع سورت مین من حیث العلم اپنے قوم کے رئیسا ئیل صاحبون مین ضرب المثل مانے جاتے ہین اور ایک دو دینداروں کی دیانت شعاری تو دیکہی مگر ان حضرت نے ہر کہ آمد بران افزود کو کیا خوب ثابت کیا ہو وہ ملاحظہ کے قابل ہو ۔

ہرچند رسالہ ازالۃ الریب مین غلام محمد کا ارشاد بعد حمد و صلوات یہ ہو (مولوی بشیر بڑودوی نے اپنے وعظ مین کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے علم تمام جزئیات ماکان و مایکون کا عنایت کیا تہا اور کوئی جزئی اور کوئی ذرہ آنجناب کے علم سے باہر و خارج نہین ہو) اسی مطلب کی اگر عربی یہ ہے جو نصرۃ النعیم مین بعد حمد و صلوۃ کے فرماتے ہین قد قرع سمعی غیر مرۃ وطرق اذنی دون کرۃ ما یتراای من التنازع بین الناس والشقاق ان طائفۃ منہم زعمت ان محمد صلی اللہ علیہ وسلم الذی بعث لتمام مکارم الاخلاق قد احاط علمہ بجمیع الغیب کلیاتہ وجزئیاتہ من دون اعلام اللہ واظہارہ علیہ وافاضتہ جسکا ترجمہ فیض النعیم سے بقدر ضرورت یہ ہو (ایک فرق

اور پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو تتمیم مکارم اخلاق کیلئے مبعوث ہوئے تھے جمیع کلیات اور جزئیات آپ کا علم حاوی تھا بدون اسباب کے کہ اللہ سبحانہ آپ کو اوسپر مطلع کرے اور آپ پر اسکا فیضان فرماوے) اوپر کی عربی عبارت میں علم ادب کا خون ناحق جو بہایا ہے اوسکا ادراک تو طفلان کافیہ خوان کر لینگے۔ ہمیں ایسی تقریر و تقطیر پر دار و گیر کی کوئی ضرورت نہیں ہے لیکن اتنا تو ضرور فرماویں کہ یہ طائفہ آپ کا محض خیالی ہی یا کہیں اوسکا وجود خارج میں بھی قابل نمود ہو اگر ہو تو غلام محمد کی ناقص بیانی اور نہیں ہے تو آپ کے کمال دیانت کی پوری نشانی ثابت ہے ہمیں بہر طور رحمت اللہ علی النباش الاول کہنے میں کوئی حرج معلوم نہیں ہوتا ہے ؀

پھر بھی اتنی گذارش کرے دیتے ہیں عبدالحی صاحب کیا اگر آپ اتنی افترا پردازی کرتے تو ابن تمیہ حرانی یا قاضی شوکانی کی ناخوشنودی کا اندیشہ تھا یا عبدالوہاب نجدی کی عدم رضامندی کا خیال اور اب جو یہ مردانہ کام کرلیا تو اسمٰعیل دہلوی یا صدیق قنوجی کو خوش کرلیا یا خرم طہوری کے عزیز ہوگئے حیف صد حیف جو تمکو تمہاری پاکیزہ صورت نے بھی ایسی بخلی سیرت سے نہ روکا یہ عادت آپ کے کلام کی وقعت کو نیست و نابود کرنے میں سریع الاثر اور آپ کے اعتبار کو ضایع کرنے میں پر خطر ہے ؀

مقام سورت میں کہیں غلام محمد نے عام جلسہ میں کہا تھا کہ بشیر الدین درسی کتب میں سے بتلاؤں اس کتاب کا ایک صفحہ پڑھ دیں تو سو روپیہ انعام دوں اسکا جواب دینا چنداں ضروری نہیں ہے پھر بھی درگذر کیا جاوے تو صاحب موصوف کے ذہن کند ہونے کا خیال ہو لہذا معروض کہ آپ کی عام کتاب کے بدلے ہم ایک خاص کتاب کہیں لیجئے حدیث کی مشکوٰۃ المصابیح پہلی کتاب ہے اوسکے پہلے باب

کی پہلی فصل کی پہلی حدیث میں جو جو آپ سے دریافت کیا جائے اوسکا جواب خواہ قاضی سے پوچھکر ہی کیوں نہو اگر آپ دیدیں تو فی جواب دس روپیہ انعام ملے گا پھر بقیہ سوالات کا جواب دو لاتے ہی عشرہ مبشرہ اور قاضی خان کی عبارت جو صفحہ ۲ استفتار پر لکھی ہے وہ خود کے دعوے سے مطابق کر دو تو بیس روپیہ انعام گجراتی اور انگریزی ترجمہ تحفۃ الہند میں قاضی خان کے حوالے سے جو مضمون نقل کیا ہو اوسکی اصل عبارت قاضی خان میں دکھا دو تو چالیس روپیہ انعام استفتار کے صفحہ عزیز الرحمن والی تائید میں قال اللہ تعالی الحکایۃ عن نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھا ہوا ہے اسکا مقولہ اور محکی کہاں ہی اسکا جوڑ لگا دو تو ساٹھ روپیہ انعام۔ استفتار کے صفحہ پر تمہارے ایک بزرگ نے لکھا ہو کہ۔ ما قالہ الحبیب اللبیب فہو فیہ مصیب۔ در شریعت مجرد ثابت نگردیدہ کہ آنحضرت برتمامی علوم جمیع اشیار ماضیہ مستقبلہ جزئیہ وکلیہ اطلاع داشتند الا ما شاء اللہ تعالی کذا حررہ مولونا عبد الحی رحمہ اللہ نمقہ العبد محمد اسماعیل عفی عنہ فی مجموعۃ الفتاوی۔ اسمین اللبیب کے کیا معنے ہین پھر مولونا اصل مین مولو ونا ہے یا کیا اور محمد اسماعیل کا مجموعۃ الفتاوی دنیا کے کونسے اقلیم کے کس مطبع مین کسکے اہتمام سے چھپا ہے اگر یہ تمام بتلا دو تو اسی روپیہ انعام۔ مگر یہ انعام حاصل کرتے تو آپ کے ناخن ہی سے نہیں دانت مین سے بھی پسینہ ٹپک کر لب تلک ہی نہین سینہ کے گنجینہ کینہ کو ڈوبا دیگا بنا برعلیہ آپ کی آسائش کی خاطر کہتے ہین کہ مکرم ہنجیہا درنے اپکے لئے دو خطاب مستطاب تجویز کئے ہین دیکھو اونکے ملفوظات مین حافظ ومولوی غلام محمد مولویت کو خیرباد کا آخری سلام کہد و نامس ساب (حافظ صاحب) نے رجوع پھر اجازت ہے کہ آپ کے حافظہ مین خلل ہو تو کسی اور حافظ سے مگر شرطیہ کہ صادق

ولیئے سے دریافت بھی کرلو اور جلدی سے کہدالو کہ عزیز الرحمٰن والے اسی تائید مین اوسی
دلیل کے بعد قال تعالی قل لا یعلم الغیب الا اللہ یہ آیت تمام کلام مجید مین کس پارہ اور
کونسی سورت مین واقع ہو تم تو نہین مگر تمہارے باپ حافظ صادق بھی بتلائین تو
تو بھیجہ لیجاؤ سو روپیہ انعام صاحب نصرۃ النعیم سے بھی کہدو آپ کی کتاب کے صـ پر
زعمت ان محمد صلی اللہ علیہ وسلم تحریر فرمایا ہی اور غلط نامہ مین سکوت کیا ہی لہذا اسکا
کوئی قاعدہ متفق علیہا کتب دینیہ مین دکھلا دو تو آپ کو بھی سو روپیہ تو نہین مگر ترکیب والی
قاعدہ عامل کا ایک نسخہ انعام ہی فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار التی وقودھا الناس
والحجارۃ اعدت للکافرین وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد خاتم
الانبیاء وسید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین

ضمیمہ
فتوحات
علماء اعلام
و مفتیان اسلام

فتوای فاضل اجل صاحب تصانیف کثیرہ باہرہ و تالیفات شہیرہ زاہرہ

مجدد مائۃ حاضرہ جناب مولانا مولوی محمد احمد رضا خان صاحب بریلوی

دام بالفیض القوی مسمی بنام تاریخی

انباء المصطفیٰ بحال سر و اخفیٰ

۱۳۱۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسئلہ از دہلی چاندنی چوک موتی بازار مرسلہ بعض علمائے اہلسنت ۲۱ ربیع الاول شریف ۱۳۱۸ھ حضرات علمائے کرام اہل سنت اس مسئلہ مین کیا فرماتے ہین کہ زید[۱] دعوی کرتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو حق تعالی نے علم غیب عطا فرمایا ہے دنیا مین جو کچھ ہوا اور ہوگا حتی کہ بدء الخلق سے لیکر دوزخ و جنت مین داخل ہونے تک کا تمام حال اور اپنی امت کا خیر و شر بالتفصیل جانتے ہین اور جمیع اولین و آخرین کو اسطرح ملاحظہ فرماتے ہین جسطرح اپنے کف دست مبارک کو اور اس دعوے کے ثبوت مین آیات و احادیث و اقوال علما پیش کرتا ہے عمرو اس عقیدہ کو شرک و کفر کہتا ہے اور بکمال درشتی دعوی کرتا ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کچھ نہین جانتے حتی کہ انکو اپنے خاتمہ کا حال بھی معلوم نہ تھا اور اپنے اس دعوے کے اثبات مین تقویۃ الایمان کی عبارتین پیش کرتا ہے اور کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی نسبت یہ عقیدہ کہ آپکو علم ذاتی تھا خواہ یہ کہ خدا نے عطا فرمایا تھا دونون طرح شرک ہے اب علمائے ربانی کی جناب مین التماس ہے کہ ان دونون مین کون برسر حق موافق

[۱] زید سے مراد جناب مولانا مولوی محمد ہدایت رسول صاحب لکھنوی ہین ۱۲ [illegible]

عقیدہ سلف صالح اور کون بدمذہب جہنمی ہے نیز عمرو کا دعوی ہے کہ شیطان کا علم معاذ اللہ حضور سرور عالم
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے اور اسکا گنگوہی مرشد اپنی کتاب براہین قاطعہ کے صفحہ ۴۷ پر اسکا
بیان یوں لکھتا ہے کہ شیطان کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے
اس شخص کی نسبت کیا حکم ہے بینوا توجروا

الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم لک الحمد سرمدا صل وسلم وبارک علی من علمته الغیب نزهته من کل عیب
وعلی آله وصحبه ابدا رب انی اعوذ بک من همزات الشیطین واعوذ بک رب ان یحضرون
زید کا قول حق وصحیح اور بکر کا زعم مردود وقبیح ہے بیشک حضرت عزت عظمته نے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم کو تمامی اولین وآخرین کا علم عطا فرمایا شرق تا غرب عرش تا فرش سب انہیں دکھایا ملکوت السموات
والارض کا شاہد بنایا روز اول سے آخر تک کا سب ماکان ومایکون انہیں بتایا اشیاء مذکورہ سے کوئی ذرہ حضور
کے علم سے باہر نہ رہا علم عظیم حبیب کریم علیه افضل الصلوة والتسلیم ان سب کو محیط ہوا نہ صرف اجمالا بلکہ ہر صغیر وکبیر ہر
رطب ویابس جو پتا گرتا ہے زمین کی اندھیریوں میں جو دانہ کہیں پڑا ہے سب کو جدا جدا تفصیلا جان لیا والحمد لله
حمدا کثیرا بلکہ یہ جو کچھ بیان ہوا ہرگز ہرگز محمد رسول اللہ کا پورا علم نہیں صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وعلی آله وصحبه اجمعین
بلکہ علم حضور سے ایک چھوٹا حصہ ہے ہنوز احاطہ علم محمدی میں وہ ہزار در ہزار بے حد وبے کنار سمندر لہرا رہے ہیں جن کی
حقیقت وہ جانیں یا ان کا عطا کرنے والا ان کا مالک ومولی جل وعلا والحمد لله العلی الاعلی کتب حدیث وتصانیف
علمائے قدیم وحدیث میں اسکے دلائل کا بسط شافی وبیان وافی ہے اور اگر کچھ نہ ہو تو بحمد اللہ قرآن عظیم خود شاہد
عدل وحکم فصل ہے قال الله تعالی ونزلنا علیک الکتب تبیانا لکل شیء وهدی ورحمة وبشری
للمسلمین اتاری ہم نے تم پر کتاب جو ہر چیز کا روشن بیان ہے اور مسلمانوں کے لئے ہدایت ورحمت وبشارت وقال تعالی
ماکان حدیثا یفتری ولکن تصدیق الذی بین یدیه وتفصیل کل شیء قرآن وہ بات نہیں
جو بنائی جائے بلکہ اگلی کتابوں کی تصدیق ہے اور ہر شے کا صاف جدا جدا بیان وقال الله تعالی ما فرطنا فی
الکتب من شیء ہم نے کتاب میں کوئی چیز اٹھا نہ رکھی **اقول** وبالله التوفیق جب فرقان مجید ہر شے کا بیان ہے
اور بیان بھی کیسا روشن اور روشن بھی کس درجہ کا مفصل اور اہلسنت کے مذہب میں شے ہر موجود کو کہتے ہیں

تو عرش تا فرش تمام کائنات جملہ موجودات اس بیان کے احاطہ میں داخل ہوئے اور منجملہ موجودات کتابت لوح محفوظ
بھی ہے تو بالضرور یہ بیانات محیطہ اوسکے مکتوبات کو بھی بالتفصیل شامل ہوئے اب یہ بھی قرآن عظیم ہی سے پوچھ دیکھیے
کہ لوح محفوظ میں کیا کیا لکھا ہے قال اللہ تعالیٰ وکل صغیر وکبیر مستطر ہر چھوٹی بڑی چیز سب لکھی ہوئی
ہے وقال اللہ تعالیٰ وکل شیء احصینٰہ فی امام مبین ہر شے ہم نے ایک روشن پیشوا میں جمع فرما دی ہے وقال
اللہ تعالیٰ ولا حبۃ فی ظلمٰت الارض ولا رطب ولا یابس الا فی کتٰب مبین کوئی دانہ نہیں زمین
کی اندھیریوں میں اور نہ کوئی تر اور نہ کوئی خشک مگر یہ کہ سب ایک روشن کتاب میں لکھا ہوا ہے اور اصول میں مبرہن
ہو چکا کہ نکرہ حیز نفی میں مفید عموم ہے اور لفظ کل تو ایسا عام ہے کہ کبھی خاص ہو کر مستعمل ہی نہیں ہوتا اور عام
افادہ استغراق میں قطعی ہے اور نصوص ہمیشہ ظاہر پر محمول رہینگی بے دلیل شرعی تخصیص وتاویل کی اجازت نہیں
ورنہ شریعت سے امان اوٹھ جائے نہ حدیث آحاد اگرچہ کیسی ہی اعلیٰ درجہ کی صحیح ہو عموم قرآن کی تخصیص کر سکے بلکہ اوسکے
حضور مضمحل ہو جائیگی بلکہ تخصیص متراخی نسخ ہے اور اخبار کا نسخ ناممکن اور تخصیص عقلی عام کو قطعیت سے
نازل نہیں کرتی تو اوسکے اعتماد پر کسی ظنی سے تخصیص ہو سکے تو بحمد اللہ تعالیٰ کیسے نص صریح قطعی سے روشن ہوا کہ
ہمارے حضور صاحب قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلم کو اللہ تعالیٰ عزوجل نے تمام موجودات
جملہ ماکان ومایکون الی یوم القیٰمۃ جمیع مندرجات لوح محفوظ کا علم دیا اور شرق وغرب وسما وارض وعرش وفرش
میں کوئی ذرہ حضور کے علم سے باہر نہ رہا وللہ الحجۃ السامیۃ اور جب کہ یہ علم قرآن عظیم کے تبیانا لکل شیء ہونے
نے دیا اور پر ظاہر کہ یہ وصف تمام کلام مجید کا ہے نہ ہر آیت یا سورت کا تو نزول جمیع قرآن شریف سے پہلے اگر بعض انبیا
علیہم الصلاۃ والسلام کی نسبت ارشاد ہوا لم نقصص علیک یا منافقین کے باب میں فرمایا جائے لا تعلمہم
ہرگز ان آیات کے منافی اور احاطہ علم مصطفوی کا نافی نہیں الحمد للہ طائفہ تالفہ وہابیہ جسقدر قصص وروایات
واخبار وحکایات علم عظیم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گھٹانے کو آیات قطعیہ قرآنیہ کے مقابل پیش کرتا ہے سب کا
جواب ذہن ودماغ وفہم سے زائد نہیں دو فقرے نہیں ہو گیا وہ حال سے خالی نہیں یا تو اون قصص کی تاریخ معلوم
ہوگی یا نہیں اگر نہیں تو اونسے استناد جہل مبین کہ جب تاریخ مجہول تو اونکا تمامی نزول قرآن سے پہلے ہونا صاف معقول
اور اگر ہاں تو وہ حال سے خالی نہیں یا وہ تاریخ تمامی نزول سے پہلے کی ہوگی یا بعد کی بر تقدیر اول مقام سے محض
بیگانہ اور مستدل نہ صرف جاہل بلکہ دیوانہ بر تقدیر ثانی اگر معاذ اللہ مخالف میں نص صریح ہو تو استناد محض خبط
الفساد ۔ مخالفین جو کچھ پیش کرتے ہیں سب انہیں اقسام کی ہیں ان آیات کے خلاف پر اصلا ایک دلیل صحیح صریح

قطعی الافادہ نہیں دکھا سکتے اور اگر بفرض غلط تسلیم ہی کرلیں تو اب بھی جواب جامع ونافع ووافی وقامع وشافی وکافی کہ عموم آیات قطعیہ قرآنیہ کی مخالفت میں اخبار آحاد سے استناد محض ہرزہ بافی۔ میں اس مطلب پر ائمہ اصول سے احتجاج کروں اس سے یہی بہتر کہ خود نجدیہ زمانہ کہ انہیں گنگوہی جیسوں کی شہادت درون مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری۔ نصوص قطعیہ قرآن عظیم کے خلاف پر احادیث آحاد کا سننا جانا بالائے طاق یہ تو گنگوہی صاف تصریح کرتے ہیں کہ یہاں خبر واحد سے استدلال ہی جائز نہیں نہ اصلا اس پر التفات ہو سکے اسی براہین قاطعہ لما امر اللہ بہ ان یوصل میں اسی مسئلہ علم غیب کی تقریر مہمل ومختل میں اپنے اور اپنے تمام طائفے کی بادشاہ تیشہ زنی کو یوں لکھتے ہیں عقائد کے مسائل قیاسی نہیں کہ قیاس سے ثابت ہو جائیں بلکہ قطعی ہیں قطعیات نصوص سے ثابت ہوتے ہیں کہ خبر واحد بھی یہاں مفید نہیں لہذا اس کا اثبات اس وقت قابل التفات ہو کہ قطعیات سے اس کو ثابت کرے نیز صفحہ ۸۱ پر لکھا اعتقادات میں قطعیات کا اعتبار ہوتا ہے نہ ظنیات صحاح کا تتمہ یہ کہ آحاد صحاح بھی معتبر نہیں چنانچہ فن اصول میں مبرہن ہو چکا۔ بحمد اللہ مناظرہ تو انہیں دو حرفوں میں ختم ہو گیا ہاں وہاں تمام نجدیہ دہلوی گنگوہی وجنگلی وکوہی سب کو دعوت عام ہے اجمعوا شرکاءکم جمع ہو کر سب اکٹھے ہو کر ایک آیت قطعی الدلالۃ یا ایک حدیث یقینی الافادۃ چھانٹ لائیں جس سے صاف صریح طور پر ثابت ہو کہ تمامی نزول قرآن عظیم کے بعد بھی اشیائے مذکورہ ماکان ومایکون سے فلاں امر حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر مخفی رہا جس کا علم حضور کو دیا ہی نہ گیا فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاعلموا ان اللہ لا یھدی کید الخائنین اگر ایسا نہ کر سکو اور ہم کہے دیتے ہیں کہ ہرگز نہ کر سکو گے تو خوب جان لو کہ اللہ راہ نہیں دیتا دغا بازوں کے مکر کو والحمد للہ رب العالمین طرفہ یہ کہ یہی گنگوہی بہادر خود ہی اسی صفحہ میں دو ہی سطر بعد اپنے مدعائے باطل کی سند میں لکھتے ہیں خود فخر عالم علیہ السلام فرماتے ہیں واللہ لا ادری ما یفعل بی ولا بکم الحدیث اور شیخ عبد الحق روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں قطع نظر اس سے کہ حدیث اول خود آحاد ہے سلیم الحواس کو سند لانی تھی تو وہ مضمون تو خود آیت میں تھا اور قطع نظر اس سے کہ اس آیت وحدیث کے کیا معنی ہیں اور قطع نظر اس سے کہ یہ کس وقت کے ارشاد ہیں اور قطع نظر اس سے کہ خود قرآن عظیم واحادیث صحیحہ صحیح بخاری وصحیح مسلم میں اس کا ناسخ موجود ہے جب آیۂ کریمہ لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر اتری یعنی تاکہ اللہ بخشدے تمہارے واسطے سے سب اگلے پچھلے گناہ صحابہ نے عرض کی ھنیئا لک یا رسول اللہ لقد بین اللہ لک ماذا یفعل بک فماذا یفعل بنا یا رسول اللہ حضور کو مبارک ہو خدا کی قسم اللہ عزوجل

نے یہ توصاف بیان فرمادیا کہ حضور کی ساتھ کیا کریگا اب یہ رہا کہ ہمارے ساتھ کیا کریگا اسپر آیت اوتری لیدخل
المومنین (الی قولہ تعالی) فوزا عظیما تاکہ داخل کرے اللہ ایمان والے مردون اور ایمان والی عورتون کو
باغوں میں جنکے نیچے نہریں بہتیں ہمیشہ رہیں اونمیں اور اوتارے اونسے اونکے گناہ اور یہ اللہ کے یہاں بڑی مراد پانا ہے
یہ آیات اور اونکے امثال بے نظیر اور یہ حدیث جلیل شہیر ایسے اونکو کیون سوجھائی دیتیں ان سب سے قطع نظر دل
چھینے والی واقعہ یہ ہے کہ شیخ عبدالحق روایت کرتے ہین الی آخرہ قطع نظر اس سے کہ ملا جی کو ہنوز روایت و حکایت
مین تمیز نہین اس بے اصل حکایت کو سیدنا اور شیخ محقق قدس اللہ تعالی سرہ العزیز کیطرف اسناد کیسی جرأت و
وقاحت ہے شیخ رحمہ اللہ تعالی نے مدارج شریف مین یون فرمایا ہے اینجا اشکال می آرند کہ در بعض روایات
آمدہ است کہ گفت آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم من بندہ ام نمیدانم آنچہ در پس این دیوارست جوابش آنست
کہ این سخن اصلے ندارد و روایت بدان صحیح نشدہ است کیون ملاجی کہئے آنکھیں کھلیں ایسا ہی لا تقربوا
الصلوۃ پر عمل کروگے تو خوب چین سے رہوگے ع اوس آنکھ سے ڈریے جو خدا سے نہ ڈرے آنکھ۔ امام ابن حجر عسقلانی
فرماتے ہین لا اصل لہ یہ حکایت محض بے اصل ہے امام ابن حجر مکی نے افضل القری مین فرمایا لم یعرف لہ
سند اسکی تو کوئی سند نہ پہچانی گئی۔ افسوس اوسی موہنہ سے مقام مقام اعتقادیات بتانا احادیث صحاح ہی
نا مقبول ٹھہرانا اوسی موہنہ مین نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا علم عظیم گھٹانیکو ایسی بے اصل حکایت سے سند لانا
اور طمع کاری کیلئے شیخ محقق کا نام لکہہ جانا جو صراحۃ فرما رہے ہین بلکہ اس حکایت کی جڑ ہی بنیاد آب اسکو کیا کہئے
کہ ایسون کی واوندہ فرمادے اللہ اللہ نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے مناقب عظیمہ ترباب فضائل سے نکلوا کر اوس تنگنا
مین داخل کرائین تاکہ صحیحین بخاری ومسلم کی حدیثیں بھی مردود بنائین اور حضور کی تنقیص شان مین بے
فراخی دکھائین کہ بے اصل معقول بے سند منقول اسپہ جمائین ع حال ایمان کا معلوم ہے بس جانیدو۔ بالجملہ
بحمد اللہ تعالی زید سنی حفظہ اللہ کا دعوی آیات قطعیہ قرآنیہ سے ایسے جلیل وجمیل طور پر ثابت جسمین اصلا مجال
دم زدن نہین اگر یہان کوئی دلیل ظنی تخصیص عام پر قائم بھی ہوتی تو عموم قطعی قرآن عظیم کو حضور مضمحل
ہوجاتی نہ کہ صحیح بخاری وصحیح مسلم وغیرہا صحاح وسنن ومسانید ومعاجیم کی احادیث صریحہ صحیحہ کثیرہ شہیرہ
اوس عموم واطلاق کی اور تاکید وتائید فرماتی ہین صحیحین بخاری ومسلم مین حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالی
عنہ سے ہے قام فینا رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مقاما ما ترک شیئا یکون فی مقامہ ذلک
الی قیام الساعۃ الا حدث بہ حفظہ من حفظہ ونسیہ من نسیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے

ایکبار ہم مین کھڑے ہوکر جب سے قیامت تک جو کچھ ہونیوالا تہا سب بیان فرما دیا کوئی چیز نہ چھوڑی جسے یاد رہا یاد رہا
جو بھول گیا بھول گیا یہی مضمون احمد نے مسند بخاری نے تاریخ طبرانی نے کبیر مین حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ
تعالی عنہ سے روایت کیا صحیح بخاری شریف مین حضرت امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ سے
ہے قام فینا النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مقاما فاخبرنا عن بدء الخلق حتی دخل اہل الجنۃ
منازلہم واہل النار منازلہم حفظ ذلک من حفظہ ونسیہ من نسیہ ایکبار سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ
وسلم نے ہم مین کھڑے ہوکر ابتداے آفرینش سے لیکر جنتیون کے جنت دوزخیون کے دوزخ جانے تک کا حال ہم سے بیان فرما دیا
یاد رکھا جسنے یاد رکھا اور بھول گیا جو بھول گیا صحیح مسلم شریف مین حضرت عمرو ابن اخطب انصاری رضی اللہ
تعالی عنہ سے ہے ایکدن رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے نماز فجر کے بعد غروب آفتاب تک خطبہ فرمایا بیچ مین ظہر
وعصر کی نماز کے سوا کچھ کام نہ کیا فاخبرنا بما ہو کائن الی یوم القیمۃ فاعلمنا احفظنا اسمین سب کچھ
ہم سے بیان فرما دیا جو کچھ قیامت تک ہونیوالا تہا ہم مین زیادہ علم اوسے ہے جسے زیادہ یاد رہا جامع ترمذی شریف
وغیرہ کتب کثیرہ ائمہ حدیث مین باسانید عدیدہ وطرق متنوعہ دس صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم سے ہے اور
یہ حدیث ترمذی کی معاذ بن جبل رضی اللہ تعالی عنہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا فرایت ربی
عز وجل وضع کفہ بین کتفی فوجدت بردانا ملہ بین ثدیی فتجلی لی کل شیء وعرفت مین نے
اپنے رب عز وجل کو دیکھا اوسنے اپنا دست قدرت میری پشت پر رکھا کہ میرے سینے مین اوسکی ٹھنڈک محسوس ہوئی
اوسیوقت ہر چیز مجھپر روشن ہوگئی اور مین نے سب کچھ پہچان لیا امام ترمذی فرماتے ہین ہذا حدیث حسن
صحیح سألت محمد بن اسمعیل عن ہذا الحدیث فقال صحیح یہ حدیث حسن صحیح ہے مین نے
امام بخاری سے اسکا حال پوچھا فرمایا صحیح ہے اوسیمین حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے آئی
معراج منامی کے بیان مین ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا فعلمت ما فی السموت والارض
جو کچھ آسمانون اور زمین مین ہے سب میرے علم مین آگیا شیخ محقق رحمہ اللہ تعالی شرح مشکوۃ مین اس حدیث
کے نیچے فرماتے ہین پس دانستم ہرچہ در آسمانہا وہرچہ در زمینہا بود عبارت است از حصول تمامہ علوم جزوی وکلی و
واحاطہ آن امام احمد مسند اور ابن سعد طبقات اور طبرانی معجم مین بسند صحیح حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ
تعالی عنہ اور ابو یعلی وابن منیع وطبرانی حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی لقد ترکنا رسول
اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وما یحرک طائر جناحیہ فی السماء الا ذکر لنا منہ علما

علیہ وسلم نے ہمیں اس حال پر چھوڑا کہ ہوا میں کوئی پرندہ پر مارنے والا ایسا نہیں جسکا علم حضور نے ہمارے سامنے بیان نہ فرمادیا ہو۔ نسیم الریاض شرح شفای قاضی عیاض وشرح زرقانی للمواہب میں ہے ہذا تمثیل لبیان کل شیٔ تفصیلا تارۃ واجمالا اخری یہ ایک مثال دی ہے اسکی کہ نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ہر چیز بیان فرمادی کبھی تفصیلا کبھی اجمالا۔ مواہب امام احمد قسطلانی میں ہے ولاشک ان اللہ تعالی قد اطلعہ علی ازید من ذلک والقی علیہ علم الاولین والآخرین کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالی نے حضور کو اس سے بھی زیادہ علم دیا اور تمام اگلوں پچھلوں کا علم حضور پر القا کیا صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔ طبرانی معجم کبیر اور نعیم بن حماد کتاب الفتن اور ابونعیم حلیہ میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں ان اللہ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیہا والی ما ہو کائن فیہا الی یوم القیمۃ کانما انظر الی کفی ہذہ جلیانا من اللہ جلاہ لنبیہ کما جلاہ للنبیین من قبلہ بیشک اللہ عزوجل نے میرے سامنے دنیا اٹھالی ہے تو میں دیکھ رہا ہوں اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کو ایسا دیکھ رہا ہوں جیسے اپنی اس ہتھیلی کو دیکھتا ہوں اس روشنی کے سبب جو اللہ نے اپنے نبی کیلئے روشن فرمائی جیسے مجھ سے پہلے انبیا کیلئے روشن کی تھی صلی اللہ تعالی علیہ وعلیہم وسلم۔ اس حدیث سے روشن کہ سموات و ارض اور جو کچھ ان میں ہے اور جو کچھ قیامت تک ہوگا اس سب کا علم اگلے انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو بھی عطا ہوا اور حضرت عزت عز جلالہ نے اس تمام ما کان وما یکون کو اپنے ان محبوبوں کے پیش نظر فرمادیا مثلا شرق سے غرب تک سماک سے سمک تک ارض سے فلک تک اسوقت جو کچھ ہو رہا ہے سیدنا ابراہیم خلیل جلیل علیہ الصلاۃ والتسلیم ہزارہا برس پہلے اس سب کو ایسا دیکھ رہے تھے گویا اسوقت ہر جگہ موجود ہیں ایمانی نگاہ میں نہ یہ قدرت الٰہی پر دشوار نہ عزت و وجاہت انبیا کے مقابل بسیار مگر وہابی بیچارے جنکو بیان خدائی کی حقیقت اتنی ہے کہ ایک پیڑ کے پتے گن دیوے آپ ہی ان حدیثوں کو شرک اکبر کہا چاہیں اور جو ائمہ کرام وعلماء اعلام انکو سندیں لاتے انہیں مقبول ومسلم رکھتے آئے جیسے امام خاتم الحفاظ جلال الملۃ والدین سیوطی مصنف خصائص کبری وامام شہاب احمد محمد خطیب قسطلانی صاحب مواہب لدنیہ وامام ابو الفضل شہاب ابن حجر مکی ہیتمی شارح ہمزیہ وعلامہ شہاب احمد مصری خفاجی صاحب نسیم الریاض شرح شفای قاضی عیاض وعلامہ محمد بن عبد الباقی زرقانی شارح مواہب وغیرہم رحمہم اللہ تعالی انہیں مشرک کہیں تو انکی جز توحید کہو کہ ٹھکانا ہے والعیاذ باللہ رب العالمین۔ صحیح مسلم مسند امام احمد وسنن ابن ماجہ میں ابوذر رضی اللہ تعالی عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

عرضت علی امتی باعمالہا حسنہا وقبیحہا میری ساری امت اپنے سب اعمال نیک و بد کو ساتھ میرے حضور
پیش کیگئی طبرانی اور ضیا مختارہ میں حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالی عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم فرماتے ہیں عرضت علی امتی البارحۃ لدی ہذہ الحجرۃ حتی لانا اعرف بالرجل منہم
من احدکم بصاحبہ رات میری سب امت اس حجرے کے پاس مجھ پر پیش کیگئی یہاں تک کہ بیشک میں انکے
ہر شخص کو اس سے زیادہ پہچانتا ہوں جیسا تم میں کوئی اپنے ساتھی کو پہچانے والحمد للہ رب العالمین امام اجل
سیدی محمد بوصیری قدس سرہ ام القری میں فرماتے ہیں وسع العلمین علما وحلما رسول اللہ صلی اللہ
تعالی علیہ وسلم کا علم وحلم تمام جہان کو محیط ہوا امام ابن حجر مکی اسکی شرح افضل القری میں فرماتے ہیں
لان اللہ تعالی اطلعہ علی العالم فعلم علم الاولین والآخرین وماکان ومایکون یہ اسلئے
کہ بیشک اللہ عزوجل نے حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو تمام جہان پر اطلاع بخشی تو سب اگلوں پچھلوں
اور ماکان ومایکون کا علم حضور کو حاصل ہو گیا امام جلیل قدوۃ المحدثین سیدی زین الدین عراقی
استاذ امام حافظ الشان ابن حجر عسقلانی شرح مہذب پھر علامہ خفاجی نسیم الریاض میں فرماتے ہیں
انہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم عرضت علیہ الخلائق من لدن آدم علیہ الصلاۃ والسلام
الی قیام الساعۃ فعرفہم کلہم کما علم آدم الاسماء آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لیکر قیام قیامت
تک کی تمام مخلوقات الہی حضور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر پیش کیگئی تو حضور نے جمیع مخلوقات گذشتہ
وآیندہ سب کو پہچان لیا جس طرح آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو تمام نام سکھائے گئے تھے علامہ عبد الرؤف
مناوی تیسیر میں فرماتے ہیں النفوس القدسیۃ اذا تجردت عن العلائق البدنیۃ اتصلت
بالملأ الاعلی ولم یبق لہا حجاب فتری وتسمع الکل کالمشاہد پاکیزہ جانیں جب بدن کے
علاقوں سے جدا ہو کر عالم بالا سے ملتی ہیں اور انکے لئے کوئی پردہ نہیں رہتا ہو وہ ہر چیز کو ایسا دیکھتی سنتی ہیں جیسے یہ
پاس حاضر ہیں امام ابن الحاج مکی مدخل اور امام قسطلانی مواہب میں فرماتے ہیں قد
قال علماؤنا رحمہم اللہ تعالی لا فرق بین موتہ وحیاتہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فی مشاہدتہ
لامتہ ومعرفتہ باحوالہم ونیاتہم وعزائمہم وخواطرہم وذلک جلی عندہ لاخفاء بہ
بیشک ہمارے علمائے کرام رحمہم اللہ تعالی نے فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی حالت حیات
دنیوی اور اس وقت کی حالت میں کچھ فرق نہیں ہے اس بات میں کہ حضور اپنی امت کو دیکھ رہے ہیں انکی ہر

حال انکی ہر نیت انکی ہر ارادے انکے دلونکے ہر خطرے کو پہچانتے ہیں اور یہ سب چیزیں حضور پر ایسی روشن
ہیں جنہیں اصلا کسیطرح کی پوشیدگی نہیں ہاں ہاں جل جاؤ اپنے غیظ کی آگ میں جلنے والو یہ عقیدے ہیں
علماء ربانیین کے محمد رسول اللہ کی جناب ارفع میں جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شرک کو فیہ انہیں
اشتراک کو سوا انکے کس لیکو شرک بنا رکھو تو ابغیظکم ان اللہ علیم بذات الصدور ۹ شیخ
شیوخ علماء الہند مولانا شیخ محقق نور اللہ تعالیٰ مرقدہ الکریم مدارج شریف میں فرماتے ہیں ذکر کن اورا
ودرود بفرست بروی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وباش درحال ذکر گویا حاضرست پیش تو درحالت
حیات ومی بینی تو اورا متادب باجلال وتعظیم وہیبت وحیا وبدانکہ وی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم می بیند ومی شنود
کلام ترا زیرا کہ وی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متصف ست بصفات اللہ ویکی از صفات الہی آنست کہ انا جلیس من ذکرنی اللہ
بیشمار رحمتیں شیخ محقق پر جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہمارا دیکھنا ذکر کیا گویا فرمایا اور جب حضور اقدس
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہمیں دیکھنا بیان کیا بدانکہ بڑھایا تاکہ کوئی اوسے گویا کے نیچے داخل نہ سمجھے غرض ایمانی
نگاہونکے سامنے اوس حدیث پاک کی تصویر کھینچدی کہ اعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک
اللہ کی عبادت کر گویا تو اوسے دیکھ رہا ہے اور اگر تو اوسے نہ دیکھے تو وہ تو یقیناً تجھے دیکھتا ہے جل جلالہ وصلی اللہ
تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلم نیز فرماتے ہیں ہر چہ در دنیا ست از زمان آدم تا نفخہ اولی بروی صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم منکشف ساختند تا ہمہ احوال او را از اول تا آخر معلوم گردید یاران خود را نیز از بعضی ازان احوال
خبر داد نیز فرماتے ہیں وھو بکل شیء علیم ووی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دانا ست ہمہ چیز از شیونات ذات واحکام
الہی واحکام صفات حق واسماء وافعال وآثار وبجمیع علوم ظاہر وباطن واول وآخر احاطہ نمودہ ومصداق فوق
کل ذی علم علیم شدہ علیہ من الصلوات افضلہا ومن التحیات اتمہا واکملہا شاہ ولی اللہ دہلوی فیوض
الحرمین میں لکھتے ہیں فاض علی من جنابہ المقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیفیۃ ترقی العبد من حیزہ الی
حیز القدس فیتجلی لہ کل شیء کما اخبر عن ھذا المشہد فی قصۃ المعراج المنامی حضور اقدس
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ قدس سے مجھپر اوس حالت کا علم فائض ہوا کہ بندہ اپنے مقام سے مقام قدس تک کیونکر
ترقی کرتا ہے کہ ہر چیز اوسپر روشن ہو جاتی ہے جسطرح حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اس مقام سے
معراج خواب کے قصہ میں خبر دی قرآن وحدیث واقوال ائمہ قدیم وحدیث سے اس مطلب پر دلائل بیشمار ہیں یاد رکھو
ہذا انصاف دو تو یہی اتنی تحلیل کہ مذکور ہوئی بس ہے نہ فہم شمس دراسی طرح روشن ہے کہ عقیدہ مذکورہ توحید

کو معاذ اللہ کفر و شرک کہنا خود قرآن عظیم پر حرف رکھنا اور احادیث صحیحہ صریحہ شہیرہ کثیرہ کو رد کرنا اور بکثرت ائمہ دین
واکابر علماء عاملین واعاظم اولیاء کاملین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین یہانتک کہ شاہ ولی اللہ و شاہ عبد العزیز
صاحب کو بھی عیاذاً باللہ کافر و مشرک بنانا اور بحکم ظواہر احادیث صحیحہ و روایات معتمدہ نقیبہ خود کافر و مشرک بننا ہو
اسکے متعلق احادیث و روایات واقوال ائمہ و ترجیحات و تصحیحات فقیر کے رسالہ النہی الاکید عن الصلاۃ ۱۳۰۵ھ
وراء عدی التقلید و رسالہ الکوکبۃ الشہابیہ ۱۳۱۲ھ علی کفریات ابی الوہابیہ وغیرہما میں ملاحظہ
کیجئے افسوس ان شرک فروش اندھوں کو اتنا نہیں سوجھتا کہ علم الٰہی ذاتی ہے اور علم خلق عطائی وہ واجب یہ ممکن
وہ قدیم یہ حادث وہ نامخلوق یہ مخلوق وہ نامقدور یہ مقدور وہ ضروری البقاء یہ جائز الفناء وہ ممتنع التغیر یہ
ممکن التبدل۔ ان عظیم تفرقوں کے بعد احتمال شرک نہ ہوگا مگر کسی مجنون کو بصیرت کے اندھے اس علم ماکان ومایکون
یعنی مذکور ثابت جاننے کو معاذ اللہ علم الٰہی سے مساوات مان لینا سمجھتے ہیں حالانکہ لعظمۃ اللہ علم الٰہی تو علم الٰہی
جسمیں غیر متناہی علوم تفصیلی فرداً فرداً بالفعل کو غیر متناہی سلسلے غیر متناہی بار جمع کریں گویا اصطلاح حساب کے طور پر
غیر متناہی کا مکعب کہیے بالفعل بالدوام ازلاً ابداً موجود ہیں یہ مشرق تا مغرب و سموات وارض و عرش تا فرش و
ماکان ومایکون من اول یوم الی آخر الایام سب کے ذرہ ذرہ کا حال تفصیلی جاننا وبالجملہ جملہ مکتوبات لوح و مکنونات
قلم کو تفصیلاً محیط ہونا علوم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک چھوٹا ٹکڑا ہے تو انکے طفیل سے اوروں کو بھی ہو
حضرات مرسلین کرام علیہ وعلیہم افضل الصلاۃ واکمل السلام بلکہ انکی عطا سے انکے غلاموں بعض اعاظم
اولیاء عظام قدست اسرارہم کو ملا اور ملتا ہے ہنوز علوم محمدیہ میں وہ بحار زخار ناپیدا کنار ہیں جن پر
انکی فضیلت کلیہ وافضلیت مطلقہ کی بنا ہے اللہ عزوجل کی بیشمار رحمتیں امام اجل محمد بوصیری شرف الحق
والدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ پر کہ قصیدہ بردہ شریف میں فرماتے ہیں ؎ فان من جودک الدنیا
وضرتہا ٭ ومن علومک علم اللوح والقلم ۔ یعنے یا رسول اللہ دنیا و آخرت دونوں حضور
کے خوان جود و کرم سے ایک ٹکڑا ہیں اور لوح و قلم کا تمام علم جنمیں ماکان ومایکون مندرج ہے حضور کے علوم سے
ایک حصہ صلی اللہ تعالیٰ علیک وسلم وعلی آلک وصحبک وبارک وکرم مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری
زبدہ شرح بردہ میں فرماتے ہیں توضیحہ ان المراد بعلم اللوح ما اثبت فیہ من النقوش القدسیۃ
والصور الغیبیۃ وبعلم القلم ما اثبت فیہ کما شاء والاضافۃ لادنی ملابسۃ وکون علمہما من
علومہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان علومہ تتنوع الی الکلیات والجزئیات وحقائق ودقائق

وعوارف ومعارف تتعلق بالذات والصفات وعلمهما انما یکون سطرا من سطور علمه ونهرا
من بحور علمه ثم مع هذا هو من برکة وجوده صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یعنی توضیح اسکی یہ ہے کہ
لوح کے علوم سے مراد نقوش قدسیہ وصور غیبیہ ہیں جو اوسمیں منقوش ہوئے اور قلم کے علم سے مراد وہ ہیں جو اللہ عزوجل
نے جس طرح چاہا اوسمیں ودیعت رکھے ان دونوں کی طرف علم کی اضافت ادنی علاقہ یعنی محلیت نقش واثبات کے باعث ہے
اور ان دونوں میں جسقدر علوم ثبت ہیں اونکا علم محمدی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے ایک پارہ ہونا اسلئے کہ حضور
اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے علوم بہت اقسام کے ہیں علوم کلیہ وعلوم جزئیہ وعلوم حقائق اشیاء وعلوم اسرار
خفیہ اور وہ علوم اور معرفتیں کہ ذات وصفات حضرت عزت عز جلالہ سے متعلق ہیں اور لوح وقلم کے جملہ علوم علوم
محمدیہ کے سطروں سے ایک سطر اور اونکے دریاؤں سے ایک نہر ہیں پھر بااینہمہ وہ حضور ہی کی برکت وجود سے تو ہیں کہ
حضور نہ ہوتے تو نہ لوح وقلم ہوتے نہ اونکے علوم صلی اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ وصحبہ وبارک وسلم منکران مریض القلب
مریض القلب اسی پر اپنا پیٹ پھاڑے مرے جاتے تھے کہ ہائے ہائے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کیلئے روز
اول سے قیامت تک کے تمام ماکان وما یکون کا علم تفصیلی مانا جاتا ہے اب نصیبے انکو سر پر ہاتھ دھر کر روئیں کہ بحمدہ
تعالی وہ جمیع علم ماکان وما یکون علوم محمد رسول اللہ تعالی علیہ وسلم کے عظیم سمندروں سے ایک نہر بلکہ اونکی بیابان
موجوں سے ایک لہر قرار پاتا ہے والحمد للہ رب العالمین وخسر ہنالک المبطلون و فی قلوبهم مرض
فزادهم اللہ مرضا وقیل بعدا للقوم الظلمین **نصوص حصر** یعنی جن آیات واحادیث میں ارشاد
ہوا ہے کہ علم غیب خاصہ خدا ہے مولی عزوجل کے سوا کوئی نہیں جانتا قطعاً حق اور بحمد اللہ تعالی مسلمان کا ایمان
ہیں مگر منکر مستکبر کا اپنے دعوی باطلہ پر اون سے استدلال اور اوسکی بناء پر حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
کیلئے علم ماکان وما یکون بمعنی مذکور ماننے والوں پر حکم کفر وضلال محض جنون وخام خیال بلکہ خود مستلزم کفر وضلال
ہے علم باعتبار منشاء دو قسم ہے ذاتی کہ اپنی ذات سے بے عطاء غیر ہو اور عطائی کہ اللہ عزوجل کا عطیہ ہو اور باعتبار
متعلق بھی دو قسم ہے علم مطلق یعنی محیط حقیقی تفصیلی فعلی ازلی کہ جمیع معلومات الہیہ عزوعلا کو جنہیں غیر متناہی
معلومات کے سلاسل وہ بھی غیر متناہیہ ہیں غیر متناہی بار داخل اور خود کنہ ذات الہی واحاطہ تام صفات الہیہ
نامتناہی سبکو شامل افراداً فرداً تفصیلاً بالفعل مستغرق ہو اور مطلق علم یعنی جاننا اگرچہ محیط باحاطہ حقیقیہ
نہ ہو ان تقسیمات میں علم ذاتی وعلم مطلق بمعنی مذکور بلاشبہ اللہ عزوجل کیلئے خاص ہیں اور ہرگز کسی غیر خدا کیلئے انکے
حصول کا کوئی قائل نہیں ہم بھی بیان کر آئے کہ علم ماکان وما یکون بمعنی مسطور اگرچہ کیسا ہی تفصیلی ہو بوجہ اتم

واصل یہ کہ علوم محمدیہ کو بھی وسعت عظیمہ کو نہیں پہنچتا پھر علوم الٰہیہ تو علوم الٰہیہ ہیں جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مطلق علم ہرگز حضرت حق عزوعلا سے خاص نہیں بلکہ قسم عطائی تو مخلوق ہی کے ساتھ خاص ہے مولیٰ عزوجل کا علم عطائی ہونے سے پاک ہے تو نصوص حصر میں یقیناً قطعاً یہی دو قسم اول مراد ہو سکتی ہیں نہ یہ قسم اخیر اور بعد اثبات اس کا کہ علم تفصیلی جملہ ذرات ماکان ومایکون بمعنی مذکور بلکہ اس سے ہزار در ہزار زائد یہ دونوں علم ہیں کہ بعطائے الٰہی مانا جائے اسی قسم اخیر سے ہوگا تو نصوص حصر کو مدعائے مخالف سے اصلاً مس نہیں بلکہ وہ اس کی تصریح جہالت پر نص ہیں وللہ الحمد یہ معنی باآنکہ خود بدیہی و واضح ہیں ائمہ دین نے ان کی تصریح بھی فرمائی امام اجل ابو زکریا نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ اپنے فتاویٰ پھر امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فتاویٰ حدیثیہ میں فرماتے ہیں معناھا لا یعلم ذلک استقلالا و علم احاطۃ بکل المعلومات الا اللہ تعالیٰ واما المعجزات والکرامات فباعلام اللہ تعالیٰ لہم علمت وکذا ما علم باجراء العادۃ یعنی آیت میں غیر خدا سے نفی علم غیب کے یہ معنی ہیں کہ غیب اپنی ذات سے بے کسی کے بتائے جاننا اور ایسا علم کہ جمیع معلومات الٰہیہ کو محیط ہو جائے یہ اللہ کے سوا کسی کو نہیں رہے انبیا کے معجزے اور اولیا کی کرامتیں یہاں تو اللہ عزوجل کے بتائے سے ان میں علم ہوا ہے یونہی وہ باتیں کہ عادت کی مطابقت سے جن کا علم ہوتا ہے مخالفین کا استدلال محض باطل و خیال محال ہونا تو یہیں سے ظاہر ہو گیا اگر فقیر نے اپنے رسائل میں ثابت کیا ہے کہ یہ استدلال ان ضُلّال کو خود اقرار کفر و ضلال کا متقاضی ہے اور نہیں ہی روشن کیا کہ خلق کے لیے ادعائے علم غیب پر فقہا کا حکم کفر یہی دربارہ ادعائے حق حقیقت میں اسی صورت علم ذاتی اور بعد اجرائے طرز فقہائی میں علم مطلق بمعنی مذکور کے ساتھ مخصوص ہے جیسا کہ محققین کے کلام میں منصوص ہے مگر یہ مکر کا وہ زعم مردود جسمیں مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت دیکھی نہیں جاتی کا لفظ ناپاک ہے وہ بھی کلمہ کفر و ضلال ہیا کہ ہے کیونکہ جس عقیدہ کو شرک و کفر کہا اور اس کے رد میں یہ کلام بدفرجام بکا خود اسی میں تصریح تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت حق جل شانہ نے یہ علم عطا فرمایا ہے لاجرم یہ نفی مطلق شامل علم عطائی بھی ہے اور خود بعض شیاطین الانس کے قول سے استناد بھی اس تعمیم پر دلیل جلی ہے کہ اس قول نے شکل بولی میں خواہ یوں اور خواہ یوں دونوں صورت پر حکم شرک دیا ہے اب اسی لفظ قبیح کے کلمہ کفر صریح ہونے میں کیا تامل ہو سکتا ہے قرآن عظیم کی روشن آیتوں کی تکذیب بلکہ سارے قرآن کی تکذیب رسالت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا انکار بلکہ نبوت تمام انبیا کا انکار سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تنقیص مکان بلکہ رب العزت عز جلالہ کی توہین شان ایک دو کفر ہوں تو گنے جائیں والعیاذ باللہ رب العالمین یونہی اس کا قول بہ تراز بول کہ اپنے

خاتم کا بھی حال ، مسلم تھا صریح کلمہ کفر وخسار اور بیشمار آیات قرآنیہ واحادیث متواترہ کا انکار ہو گیا کریمہ لیغفر
لك الله مع حدیث صحیحین بخاری ومسلم کہ بحمد اللہ ان مردودوں کی خاص صورت شکنی ہی کیلئے اوتری اور روئی و
مدوّن ہوئی اور پوکندی بعض اور سنو قال اللہ تعالیٰ وللآخرۃ خیر لك من الاولیٰ اور بیشک آخرت
تمہارے لئے دنیا سے بہتر ہے وقال اللہ تعالیٰ ولسوف یعطیك ربك فترضیٰ بیشک نزدیک ہے کہ تمہارا رب
تمہیں اتنا عطا فرمائیگا کہ تم راضی ہو جاؤ گے وقال تعالیٰ یوم لا یخزی اللہ النبی والذین آمنوا معه
نورهم یسعیٰ بین ایدیهم وبایمانهم جس دن اللہ رسوا نہ کریگا نبی اور اونکے صحابہ کو اونکا نور اونکے آگے اور
دہنے جولان کریگا وقال اللہ تعالیٰ عسیٰ ان یبعثك ربك مقاما محمودا قریب ہے کہ تمہیں تمہارا رب
تعریف کے مکان میں بھیجے گا جہاں اولین وآخرین سب تمہاری حمد کرینگے وقال اللہ تعالیٰ تبٰرك الذی
ان شاء جعل لك خیرا من ذلك جنت تجری من تحتها الانهر ویجعل لك قصورا ہ
علی قراءۃ الرفع قراءۃ ابن کثیر وابن عامر وروایۃ ابی بکر عن عاصم بڑی برکت والا ہے وہ کہ
اپنی مشیت سے تمہارے لئے اس خزانہ وباغ سے (جسکی طلب یہ کافر کر رہے ہیں) بہتر چیزیں کر دے جنتیں جنکے نیچے نہریں
رواں اور وہ تمہیں بہشت بریں کے اونچے اونچے محل بخشیگا الی غیر ذلك من الآیات اور احادیث کریمہ میں
تو جس تفصیل جلیل سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل وخصائص وقت وفات مبارک و
برزخ مطہر وحشر منور وشفاعت وکوثر وخلافت عظمیٰ وسیادت کبریٰ واولیت دخول جنان ورویت رحمٰن عزّ مجدہ
وارد ہیں اونہیں جمع کیجیے تو ایک دفتر طویل ہو تاہم یہاں صرف ایک حدیث تبرکاً سنیے جامع ترمذی شریف
میں انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں انا اول الناس خروجا
اذا بعثوا وانا قائدهم اذا وفدوا وانا خطیبهم اذا انصتوا وانا مستشفعهم اذا حبسوا وانا
مبشرهم اذا ایسوا الکرامة والمفاتیح یومئذ بیدی ولواء الحمد یومئذ بیدی وانا اکرم
ولد آدم علی ربی یطوف علی الف خادم کانهم بیض مکنون او لؤلؤ منثور جب لوگوں کا حشر ہوگا
تو سب سے پہلے میں مزار اطہر سے باہر تشریف لاؤنگا اور جب وہ سب دم بخود رہینگے تو اونکا خطبہ خواں میں ہونگا اور
جب وہ روکے جائینگے تو اونکا شفاعت خواہ میں ہونگا اور جب وہ ناامید ہو جائینگے تو اونہیں بشارت دینے والا
میں ہونگا عزت دینا اور تمام کنجیاں اوس دن میرے ہاتھ ہونگی لواء الحمد اوس دن میرے ہاتھ میں ہوگا بارگاہ عزت
میں میری عزت تمام اولاد آدم سے زائد ہے ہزار خدمتگار میرے اردگرد طواف کرینگے گویا وہ گرد وغبار سے پاکیزہ [illegible]

میں محفوظ کر رکھی ہوئی یا جملگا تو سچ میں بکھیری ہوئی بالجملہ یکہ پر یکہ گمراہ بددین ہونے میں اصلا شبہ نہیں اور اگر
کچھ ہوتا تو صرف اتنا ہی کہ تقویۃ الایمان پر جو حقیقۃً تفویت الایمان ہے اوسکا ایمان ہے جبکہ اوسکا ایمان
سلامت رکھنے کو بس تھا جیسا کہ فقیر کے رسالہ الکوکبۃ الشہابیہ وغیرہا کے مطالعہ سے ظاہر ہے اذا کان
الغراب دلیل قوم ٭ سیہدیہم طریق الہالکینا ۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ رہا وہ ذریت شیطان کہ جو
اوس بزرگ لعین کے علم ملعون کو علم اقدس حضور عالم ما کان وما یکون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زائد کہے اوسکا
جواب اس کفرستان ہند میں کیا ہو سکتا ہے ان شاء اللہ القہار روز جزا وہ ناپاک نا ہنجار اپنے کیفر کفری
گفتار کو پہنچیگا وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون ۔ یہاں اسیقدر کافی ہے کہ یہ ناپاک کلمہ
صراحۃً محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عیب لگاتا ہے اور حضور کو عیب لگانا کلمہ کفر نہ ہوا تو اور کیا کلمہ
کفر ہوگا والذین یؤذون رسول اللہ لہم عذاب الیم جو لوگ رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں اونکے لئے دکھ
کی مار ہے ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرۃ واعد لہم عذابا
مہینا جو لوگ ایذا دیتے ہیں اللہ اور اوسکے رسول کو اللہ نے اونپر لعنت فرمائی ہے دنیا و آخرت میں اور اونکے لئے
تیار کر رکھی ہے ذلت والی مار **شفای امام اجل قاضی عیاض** اور شرح **علامہ شہاب
خفاجی** مسمی **بنسیم الریاض** میں ہے جمیع من سب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (بشتمہ
او غابہ) ہو اعم من السب فان من قال فلان اعلم منہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقد
عابہ ونقصہ ولم یسبہ فہو ساب والحکم فیہ حکم الساب) من غیر فرق بینہما (لا نستثنی
منہ فصلا) ای صورۃ (ولا نمتری) فیہ (تصریحا کان او تلویحا وہذا کلہ اجماع من
العلماء وائمۃ الفتوی من لدن الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم الی ہلم جرا) اھ مختصرا یعنی
جو شخص نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گالی دے یا حضور کو عیب لگائے اور یہ گالی دینے سے عام تر ہے کہ جو کسی کی نسبت
کہا کہ فلان کا علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے اوس نے ضرور حضور کو عیب لگایا حضور کی توہین کی
اگرچہ گالی نہ دی یہ سب گالی دینے والے کے حکم میں ہیں اونکا اور گالی دینے والے کا حکم میں کوئی فرق نہیں نہ ہم اس سے
کسی صورت کا استثنا کریں نہ اسمیں شک و تردد کو راہ دیں خواہ صاف صاف کہا ہو خواہ کنایۃً سے ان سب
احکام پر تمام علما و ائمہ فتوی کا اجماع ہے کہ زمانہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے آجتک برابر چلا آیا ہے نسال
اللہ العفو والعافیۃ فی الدین والدنیا والآخرۃ ونعوذ بہ من الحور بعد الکور ولا حول ولا

قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ تعالیٰ علی سید المرسلین محمد وآلہ وصحبہ اجمعین

والحمد للہ رب العالمین واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم فقیر غفرلہ المولی القدیر نے اس سوال کے ورود پر ایک
مبسوط کتاب بحر عباب منقسم بچار باب مسمّی بنام تاریخی مالئ الجیب بعلوم الغیب کی طرح ڈالی باب اول
فصوص یعنی فوائد جلیلہ ونفائس جزیلہ کہ رصیف دلائل اہلسنت کے مقدمات ہوں اور تزئیف اوہام نجدیت کو
ممہدات باب دوم نصوص یعنی ابوہ عاید دلائل جلائل قرآن وحدیث واقوال ائمہ قدیم وحدیث باب سوم
عموم وخصوص کہ احاطہ علوم محمدیہ میں تحریر محل نزاع کرے اور مقام ودرام سے زخرفات نجدیہ کی محض بیگانگی کا ثبوت
دے باب چہارم قطع اللصوص یعنی اس مسئلہ میں تمام جہالات نجدیہ نے جو کہن کی سرفگنی وکمر شکنی مگر نصوص نصوص کے
ہجوم وفور نے ظاہر کردیا کہ اطالت تا حد طالت متوقع لہٰذا باذن اللہ تعالیٰ تقنع کیلئے اوس بحر زخار سے ایک گوہر
شہوار لامع الانوار گویا خزائن الاسرار سے درّ بہار مسمّی بنام تاریخی اللؤلؤ المکنون فی علم البشیر ما کان
وما یکون چن لیا جسے جمع وتلفیق کے عوض نفع وتحقیق کی طرف بحمد اللہ تعالیٰ زبان رخ کیا اوسکو ایک
نور فونور السمٰوت والارض جل جلالہ کے عون سے وہ تابشیں دکھائیں کہ ظلمات نجدیت باطلہ وہابیت عاطلہ
دور وسان کا فور ہوتی نظر آئیں یہ چند حرف فتویٰ کہ اوسکے لمعات سے ایک مختصر شعشعہ اور بلحاظ تاریخ بنام
انباء المصطفیٰ بحال سرّ واخفی مسمّی ہو اسکو تمام اشارات خفیہ کا بیان مفصل آدمی پر محول ذی علم کو
تو انھیں چند حروف سے انشاء اللہ تعالیٰ سب خرافات وخزعبلات مخالفین کو کیفر جہالی کے سکاہم ہو مگر جو صاحب
تفصیل کے دست نگر ہوں بعونہ تعالیٰ رسالہ مذکور کو لالی متلالی سے بہرہ ور ہوں حضرات مخالفین سے
بھی گذارش کہ اگر توفیق الٰہی مساعدت کرے یہی حرف مختصر ہدایت کریں تو از یں چہ بہتر ورنہ اگر بوجہ کوتاہی
فہم وغلبہ وہم وقلت تدبّر وشدت تعصب اپنی تمام جہالات فاحشہ کی پردہ دری ان مختصر سطور میں
نہ دیکھ سکیں تو اوسی مہر جہانتاب کا انتظار رکھیں جو بعنایت الٰہی واعانت رسالت پناہی صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم اونکو تمام ظلمتوں کی صبح کردیگا اور ظاہر کاسۂ سوال آب زلال رد وابطال سے بھر دیگا الا ان
موعدھم الصبح الیس الصبح بقریب وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب
کیا فائدہ کہ اسوقت انکی خواب غفلت کچھ منامات کا رنگ دکھائے اور جب وہ صبح ہدایت افق سعادت سے
طالع ہو تو کھل جائے کہ ع خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا۔ معہذا طائفہ ارانب وثعالب کو بھی
مناسب کہ جب شیر نر تریان کو جلیل قدمی کرتا دیکھیں سامنے سے تھمائیں اپنے سوراخوں میں جان چھپائیں

نہ یہ کہ اوس وقت اوسکی خام زرم ریزہ ریزہ ہوکر تو آمین آ دوسکی آتش غضب بھڑکا کر اپنی سوت آپ سوختہ جلائیں

؎ نصیحت گوش کن جاناں کہ از جان دوستر خواہند ٭ شغالاں ہزیمت سند خشم شیر یکتا را ٭


اقول قولی ھذا واستغفر اللہ لی ولسائر المومنین والمومنات والصلوات الزاکیات والتحیات النامیات علی سیدنا محمد نبی المغیبات مظہر الخفیات وعلی الہ وصحبہ الاکارم السادات واللہ سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی

عفی عنہ بمحمدن المصطفی النبی الامی


صلی اللہ تعالی علیہ وسلم











فتویٰ فاضل اجل عالم اجیل محقق علوم عقلیہ مدقق فنون نقلیہ صاحب تصانیف شہیرہ جناب مولانا مولوی محمد نذیر احمد خان صاحب مرحوم و مغفور متوطن رامپور و مدفون احمد آباد گجرات علیہ الرحمۃ والتحیات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال

ماقولکم ایہا العلماء رحمکم اللہ تعالیٰ فی ہذہ المسئلۃ زید نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے علم جمیع جزئیات وکلیات ماکان ومایکون کا عنایت فرمایا ہے اور کوئی شے آپ کے احاطۂ علم سے باہر نہیں ہے عمرو نے کہا کہ اس قول سے زید کافر و مشرک ہو گیا آیا قول عمرو کا کہ زید مشرک و کافر ہو گیا حق ہے یا باطل ہدایت ہے یا ضلالت بینوا توجروا

الجواب ہو تعالیٰ الموفق للحق والصواب

زید اس قول سے ہرگز کافر و مشرک نہیں ہوا اور قول عمرو کا باطل و ضلالت ہے علم جمیع کلیات و جزئیات ماکان ومایکون اور اسپر احاطہ ہونیکا قول باعطاء اللہ تعالیٰ نہ شرک ہے نہ کفر نہ ضلالت آیات قرآنیہ اعتقاد زید سے موید ہیں علماء اہلسنت معتبرین محققین ثبوت اسکا کرتے ہیں تفسیر اتقان مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۱۳۰ میں بعد نقل قولہ تعالیٰ ما فرطنا فی الکتاب من شئ وقولہ تعالیٰ ونزلنا علیک القرآن تبیانا لکل شئ کے چند سطر کے بعد ہے عن ابی بکر بن مجاہد انہ قال یوما ما من شئ فی العالم الا وہو فی کتاب اللہ تعالیٰ اس سے واضح ہے کہ ہر ایک چیز عالم کی کتاب اللہ میں موجود ہے اس سے چند سطور بعد ۱۳۱ میں دوسرے عالم محقق کا قول ہے لو ضاع لی عقال بعیر لوجدتہ فی کتاب اللہ اور صفحہ ۱۳۲ اسی جلد ثانی میں ہے وفیہ من اسماء الآلات و ضروب المأکولات والمشروبات والمنکوحات و جمیع ما وقع ویقع فی الکائنات ما یحقق معنی قولہ ما فرطنا فی الکتاب من شئ تفسیر

عرائس البیان مطبوعہ کشوری کے صفحہ ۲۰۰ میں ہے قال بعضهم فی قوله تعالیٰ ما فرطنا فی الکتاب من شیٔ ای ما اخرنا فی الکتاب ذکر احد من الخلق لکن لا یبصر ذکره فی الکتاب الا المؤیدون بانوار المعرفة اسی عرائس کے ص ۵۰۳ میں تحت آیت کریمہ ونزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شیٔ کے ہے وهو کتاب المکنون بخطابه المصون یخبر عما کان و ما یکون من کل حد لکل علم اس کے چند سطر بعد ہے قال ابو عثمان المغربی فی الکتاب تبیان کل شیٔ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم هو المبین لتبیان الکتاب اس سے تمام و جمیع وہ چیزیں جو موجود ہو چکی ہیں اور موجود دنیا میں ہونگی اور میں ان کا قرآن میں بیان موجود ہونا اور ایکا مبین و عالم ہونا اور اس بیان و تبیان کا واضح ہونا اگرچہ ہم جیسے لوگ سمجھ نہیں سکتے ہیں لیکن اس سے لازم نہیں آتا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی سمجھ نہیں سکتے تھے اور آپکی فہم کے موافق بھی جمیع ما کان و ما یکون کا بیان و تبیان قرآن میں نہیں ہے اور دلالت کا کچھ ایک طریقہ نہیں ہے بہت طرق خفیہ ہیں جو لوگ ان طرق خفیہ سے واقف ہیں وہی مدلولات خفیہ کلام کو پہچانتے ہیں چند ونکے کلام میں بھی ایسے مدلولات خفیہ ہوتے ہیں کہ انکو ہر ایک نہیں پہچان سکتا ہے بلکہ وہی جان سکتا ہے کہ جو انکے دلالات خفیہ کے طرق سے واقف ہو چنانچہ ایک بیت فارسی سے ہزار نام نکلتے ہیں

کشف الظنون ج ۲ ص ۴۷۴ میں وہ بیت لکھی ہے - از قدر ابرو جبیدان ماہ چہرہ سے ہے آب دیدہ ام بالای چہرہ تا وقفنون ہم جیسوں کو اس کلام بندہ کا ہزار نام کو متضمن ہونا معلوم نہ ہو تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ واقفین کاملین متقدمین کو بھی جو طرق دلالات خفیہ سے بخوبی واقف ہیں معلوم نہیں پس ایسے ہی کلام الٰہی جو عجائبات سے مملو ہے اور اسکا ایک ایک لفظ لکھوکہا امور پر دلالت کرتا ہو اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس سے واقف ہوں تو کیا تعجب ہے ہم جیسے تمام اشیاء کا بیان کی قرآن سے نہ سمجھیں تو یہ لازم نہیں آتا کہ سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی نہ سمجھیں اور یہ ضرور و لازم ہونا مسلم نہیں کہ سبھی کو آپ بیان ہی فرما دیں پس ہمارے فہم کے موافق اگرچہ قرآن تبیان ہر چیز کا نہیں لیکن آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فہم کے موافق بھی تبیان نہ ہونا مسلم نہیں پس اپنے فہم پر قیاس کر کے تبیان لکل شیٔ ہونیکا انکار کرنا اور اسکی تخصیص کو لازم جاننا ہرگز قابل التفات نہیں ہے اور کسی چیز کے عدم علم کی نسبت قرآن و حدیث سے آپکے حق میں ثابت ہو تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ کسی وجہ سے بھی آپ نہیں جانتے تھے بلکہ کسی وجہ علم کی نفی مراد ہونا اور بوجہ آخر اسکا علم آپکے واسطے ثابت ہونا کیوں جائز نہیں اور تبیان لکل شیٔ سے مراد بوجہ دیگر اسکا بعض اس چیز کے علم کا ثبوت کیوں ممکن نہیں ہے شیخ عبد الحق محدث دہلوی مدارج النبوۃ کے دیباچہ میں آیت وهو بکل شیٔ علیم آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہی نسبت ہونا فرماتے

میں عبارت یہ ہے وهو بکل شیء علیم وی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم دانا است ہمہ چیز از شیونات ذات الہی و احکام
صفات حق و اسماء و افعال و آثار و بجمیع علوم ظاہر و باطن اول و آخر احاطہ نمودہ اس سے واضح ہے کہ جمیع علوم شیونات
کا انکو احاطہ حاصل ہے بدلیل آیت قرآنیہ وهو بکل شیء علیم اور یہ انکو حقیقی ہی سے تعمیم ہوا اور حدیث **بخاری**
میں بروایت حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ ہے قال قام فینا النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مقاما فاخبرنا
عن بدأ الخلق حتی دخل اهل الجنة منازلهم واهل النار منازلهم الحدیث اسکے حاشیہ **بخاری**
مطبوعہ جلد اول صفحہ ۴۵۳ میں ہے والغرض انہ اخبر عن المبدأ والمعاش والمعاد جمیعا قال الطیبی
دل ذلك انه اخبر عن جمیع احوال المخلوقات بحوالہ کرمانی و خیر جاری لکھا ہے تو طیبی و کرمانی و خیر جاری
رحمہم اللہ تعالی نے اس حدیث کی دلالت اسپر بتائی کہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے جمیع احوال مخلوقات
کی خبر دی اور خبر دینا فرع علم کی ہے تو انکو جمیع احوال مخلوقات کا علم ہونا ثابت ہوا اس حدیث سے حسب بیان علماء
مذکورین اہل سنت وجماعت کے اور **عینی شرح بخاری** ج ۷ ص ۲۱۲ و **فتح الباری شرح بخاری** ج ۶
ص ۲۱۲ و **قسطلانی شرح بخاری** ج ۵ ص ۲۴۱ و **مرقاۃ شرح مشکوۃ** ج ۵ ص ۲۳۲ میں ہے واللفظ
للعینی وفیہ دلالۃ علی انہ اخبر فی المجلس الواحد بجمیع احوال المخلوقات من ابتدائها الی
انتهائها وفی ایراد ذلك كله فی مجلس واحد امر عظیم من خوارق العادة وکیف وقد اعطی جوامع
الکلم مع ذلك پس عینی طیبی کرمانی خیر جاری و علی قاری و عسقلانی و قسطلانی ان تمام کی تحقیق سے حدیث صحیح سے
ثابت ہے کہ انکو علم جمیع احوال مخلوقات کا عطا ہوا علم جمیع جزئیات و کلیات ماکان وما یکون نہیں تو اور کیا ہے جب **عمرو**
زید کو کافر بتاتا ہے تو بعض مفسرین معتبرین مذکورین بالا اور ان علماء اہل سنت وجماعت سے موصوفین کو بھی کیا
کافر و مشرک کہیگا نہ تو **ترمذی** ج ۲ ص ۱۵۵ میں بھی حدیث ہے اور جس میں یہ جملہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا
ہے فتجلی لی کل شیء جس سے ہر شے کا ظاہر ہو جانا انکو ثابت ہے اور کوئی دلیل قاطع صارف معانی ظاہرہ ایسی
آیات واحادیث کی بھی موجود نہیں فمن ادعی فعلیہ البیان اور بغیر دلیل قاطع کے معانی ظاہرہ سے آیات
واحادیث کا پھیرنا خلاف اہل سنت وجماعت کے ہے بلکہ بغیر ایسی دلیل کے معانی ظاہرہ ہی لینا چاہیے چنانچہ
شرح عقائد نسفی میں بھی ہے تو کل شیء کا بھی علم انکو حاصل ہونا ایسی آیات واحادیث سے ہمکو مراد لینا
ضرور ہے اور یہی انکی جلالت منصب کے مناسب ہے اسیواسطے ہمارے علماء اہل سنت ایسے احادیث سے جمیع احوال
مخلوقات کا علم مراد لیتے ہیں **نسائی** میں یہ حدیث ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا ہے ذہبت فی

مقامی ھذا کل شیٔ وعلمہ تو نسائی مطبوع نظامی صفحہ ۳۴۴ حاشیہ جلال الدین سیوطی میں ہے
اکمل الدین حنفی صاحب عنایہ شرح ہدایہ کی شرح مشارق سے یہ منقول ہے قولہ فی مقامی یجوز ان
یکون المراد بہ المقام الحسی وھو المنبر ویجوز ان یکون المراد بہ المقام المعنوی وھو مقام الکشف
والتجلی بالحضرات الخمسۃ التی ھی عبارۃ عن حضرۃ الملک والملکوت والارواح والغیب
والغیب الحقیقی فانہ البرزخ الذی لہ التوجہ الی الکل کنقطۃ الدائرۃ بالنسبۃ الی الدائرۃ
صلوۃ اللہ علیہ وسلامہ یعنی علامہ حنفی ہے جو عالم ملک وملکوت وارواح وغیب اضافی وحقیقی تمام کا آپکے
سامنے حاضر ہونا اور تمام کی طرف آپکو توجہ ہونا اور آپکا مانند نقطہ دائرہ کی بنسبت دائرہ کے ہونا فرماتی ہیں اور
حدیث نبوی کی یہ مراد لیتے ہیں تو یہی آپکو جمیع ماکان ومایکون کا علم حاصل ہوجاتا ہے اور تمام پر آپکا
احاطہ ماننے میں تو کیا عمرو اونکو بھی کافر مشرک ضال کہیگا اور **عینی شرح بخاری** جلد ۵ صفحہ ۹۶ اور
قسطلانی مطبوع مصر جلد ۵ صفحہ ۹۶ میں ایک صحابی رضی اللہ تعالی عنہ کا بحوالہ **دلائل النبوۃ** بیہقی
آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو روبرو اشعار پڑھنا منقول ہے اون اشعار میں یہ شعر بھی ہے واشہد ان اللہ
لا رب غیرہ وانک مامون علی کل غائب اون اشعار کو سنکر آپکا ضحک فرمانا لکھا ہے جس سے واضح ہے
کہ آپکے نزدیک بھی یہ امر ثابت ہے کہ کل غائب شی پر آپ مامون ومحیط ہیں اب کسکو یہ **عمرو** کافر مشرک وضال بتائیگا
نعوذ باللہ من ذلک اور آیات نافیہ للعلم الغیب عن غیر اللہ کے یہ ہرگز منافی نہیں ہے کیونکہ اون میں نفی
علم استقلالی وبذاتہ ومن ذاتہ وبلا واسطہ واصالۃ کی مراد ہے چنانچہ **شرح شفا خفاجی** میں ہے ھذا لا
ینافی الآیات الدالۃ علی انہ لا یعلم الغیب الا اللہ تعالی فان المنفی علمہ من غیر واسطۃ واما
اطلاعہ علیہ باعلام اللہ تعالی فامر متحقق بقولہ تعالی فلا یظھر علی غیبہ احدا الخ اور
شرح جامع صغیر امام مناوی میں ہے واما قولہ لا یعلمہ فمفسر بانہ لا یعلمہا احد بذاتہ و
من ذاتہ الا ھو اور **فتاوی امام نووی** میں ہے مسئلۃ ما معنی قول اللہ تعالی لا یعلم
من فی السموت والارض الغیب الا اللہ واشباہ ذلک مع انہ قد علم ما فی غد فی معجزات
النبی علیہ صلوۃ اللہ وسلامہ وفی کرامات الاولیاء رضی اللہ تعالی عنہم الجواب معناہ
لا یعلم ذلک استقلالا الا اللہ واما المعجزات والکرامات فحصلت باعلام اللہ لا استقلالا الا
مختصرا اور **شرح مقاصد** ج ۲ صفحہ ۱۶۷ میں ہے آیت کریمہ ولا اعلم الغیب کی مراد کو بیان میں ولعل

انی لست بملك حتی یکون لی القوۃ والقدرۃ علی انزال العذاب باذن اللہ کما کان لجبرئیل علیہ السلام او یکون لی العلم بذلك باخبار من اللہ بلا واسطۃ۔ اور مدارج النبوۃ ج ا ص ۲۳۶

مطبوعہ نولکشور میں ہے و از جملہ معجزات باہرہ وی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بودن اوست مطلع بر غیوب وخبر دادن

بانچہ حادث خواہد شد از کائنات علم غیب اصالۃ مخصوص است بپروردگار تعالی وتقدس کہ علام الغیوب ست

وہرچہ بر زبان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم وبعضی از اتباعان وی ظاہر شدہ است بوحی یا بالہام اور شرید آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو حقیقی علم غیب استقلالی کا قائل نہیں ہے اور جن علما نے غیب دانی کے اعتقاد کو کفر کہا ہے تو انکی یہی مراد ہے چنانچہ شامی نے تصریح کی ہے کہ دعوی غیب دانی بنفسہ کا کرے تو کفر ہے بنفسہ کی قید سے واضح ہے کہ باعلام وتعلیم الہی ہو اور مستند الی سبب من اسباب اللہ ہو تو کفر نہیں ہے اور معارض بعض کو بھی یہی دعوی غیب دانی بذاتہ ہونا باعلام وتعلیم الہی اور تفسیر خازن میں ایسی آیات کو تواضع وغیرہ پر محمول کیا ہے چنانچہ تفسیر خازن جلد ۲ ص ۱۹ تحت آیت کریمہ قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ ولا اعلم الغیب۔ الایۃ کہ ہے وانما نفی عن نفسہ الشریفۃ ہذہ الاشیاء تواضعا للہ تعالی واعترافا بالعبودیۃ وان لا یقترحوا علیہ الآیات اسی جلد کے ص ۱۵۵ آیت لو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر کی تحت میں ہے فان قلت قد اخبر صلی اللہ تعالی علیہ وسلم عن المغیبات وقد جاءت احادیث فی الصحیح بذلك وھو من اعظم معجزاتہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فکیف الجمع بینہ وبین قولہ ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر قلت یحتمل ان یکون قالہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم علی سبیل التواضع والادب والمعنی لا اعلم الغیب الا ان یطلعنی اللہ علیہ ویقدرہ لی ویحتمل ان یکون قال ذلك قبل ان یطلعہ اللہ عزوجل علی الغیب فلما اطلعہ اللہ عزوجل اخبر بہ کما قال فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول او یکون خرج ہذا الکلام مخرج الجواب عن سوالہم ثم بعد ذلك اظہرہ اللہ سبحانہ وتعالی علی اشیاء من المغیبات فاخبر عنہا لیکون ذلك معجزۃ ودلالۃ علی صحۃ نبوتہ صلی اللہ علیہ وسلم پس واضح ہو گیا کہ آیات عدم علم غیب ما نحن فیہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر دال نہیں ہیں اسی لئے استدلال سخافت یا عناد یا تغافلات سے خالی نہیں ہے اگر قطعا آیات اسپر دلالت کرتیں تو اہلسنت متقین ایسے انکے خلاف انکے شمول علم کے قائل ہوتے مولانا جامی نقد النصوص میں فرماتے ہیں لان الحقیقۃ المحمدیۃ فی صورۃ الاسم الجامع الالہی ہی

ترب صور العالم كلها بالرب الظاهر فيها فلا بد لها من الاتصاف بالصفات الالهية كلها من العلم
الشامل والقدرة وغيرهما يتصرف فی اعيان العالم علی حسب استعداداتها ولكن ذلك لها هو
من جهة حقيقتها لا من جهة بشريتها انتہی الغرض محققین کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کا احاطۂ علم و شمول علم باعطاء الٰہی ثابت ہے گو در بارۂ علم روح و وقت قیام ساعت مثلاً اختلاف درمیان اہل
سنت ہے چنانچہ **شرح الصدور** علامہ جلال الدین سیوطی میں ہے لقد قبض النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم وما يعلم الروح وقال طائفة بل علمها وهو نظير الخلاف فی علم الساعة اور **تاویلات**
امام ابو منصور ماتریدی میں بھی ایسی ہی اختلاف لکھا ہے اور یہ بھی کہ اوسکو چھپایا گیا انکو علم تھا اور
عینی شرح بخاری ج ۱ صـ ۱۱۱ میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم روح ہونا ثابت کیا ہے اور آیت
قل الروح من امر ربی۔ الآیۃ میں عدم دلالت عدم علم روح پر قول اکثر علما کا بتایا ہے اور جلد ۲ صـ ۹۰۱ میں بھی
تفسیر روح کر کے آیت کریمہ قل الروح الآیۃ سے غیر منافی ہونا بتایا ہے اور امام غزالی **احیاء العلوم** میں متعلق بیان
روح کے فرماتے ہیں ولا تظن ان ذلك لم يكن مكشوفا لرسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم اور انہی
رسالہ **مضنون صغیر** میں فرماتے ہیں هذا سوال عن سر الروح الذی لم يؤذن لرسول الله صلی الله
تعالی علیه وسلم فی كشفه لمن ليس اهلا له اور **شرح مقاصد** ج ۲ صـ ۲۰۵ مستدلہ کے تمسک فلا يظهر
علی غيبه احدا الآية۔ کے جواب میں ہے ان الغيب ههنا ليس علی العموم بل مطلق او معين هو وقت
وقوع القيامة بقرينة السياق ولا يبعد ان يطلع عليه بعض الرسل من الملائكة والبشر الغرض
اسمیں اختلاف اہل سنت ہے لیکن مسئلہ مختلف فیہا مابین اہل سنت وجماعت کو شرک و کفر یا ضلالت بتانا خود کی
ضلالت سے خالی نہیں ہے بعض نادان یہ خیال کرتے ہیں کہ جمیع ماکان ومایکون کا علم اور احاطہ آنحضرت صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل ہونے سے خدا تعالیٰ کے ساتھ علم میں مساوات ثابت ہوگی اور یہ شرک ہے تو یہ خیال خام ہے اسلئے
کہ اگر وہ معتقد اسکے ہیں کہ خدا تعالیٰ کو فقط اسی قدر یعنی جمیع ماکان ومایکون کا ہی علم ہے وما لم یکن ولم یکن ولن
یکون ابدا من الممكنات الصرفة ومن الممكنات المستحيلة بالغير ومن المستحيلات الذاتية وما ترتب عليها بفرض الوجود کا علم اللہ تعالیٰ کو
نہیں ہے تو وہ خدا تعالیٰ کے علم کی تنقیص کر کے اپنے ایمان کو برباد کرتے ہیں اگر اسکے معتقد نہیں تو پھر مساوات بتانا
فقط جمیع ماکان ومایکون کے علم کے حصول سے واسطے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہونا نہایت قبیح جہالت یا عناد و کتمان
حق و دیدہ و دانستہ ہے اور ایسی ہی بلکہ اس سے زیادہ آیت تبیانا لکل شیء و حدیث تجلی لی کل شیء سے ظاہر معنی مراد

ہونگی تو خدا تعالی کو علم سے مساوات لازم آویگی اسلیے کہ کل شیٔ جمیع معلومات الٰہیہ پر صادق ہے اور یہ شرک ہے تو یہ کہنا بھی اونکی باطل ہے اولاً اسلیے کہ اہل حق کے نزدیک شے کا اطلاق حقیقۃً موجودات پر ہی ہوتا ہے خواہ وہ موجودات فی الحال ہوں یا فی الحال یا فی المآل ہوں نہ معدومات پر کہ نہ موجود ہوئے ہیں نہ ہونگے اور نہ مستحیلات و ما یترتب علیہا پس مساوات بتانا دلیل جہلیت یا عناد و کتمان حق دیدہ و دانستہ کی ہے اور ثانیاً اسلیے کہ بتعلیم الٰہی جمیع مغیبات و مکنونات پر مطلع ہونے سے بھی مساوات لازم نہیں آتی کہ اللہ تعالی کا علم ذاتی استقلالی ازلی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا علم غیر ذاتی غیر استقلالی حادث ہے اور اللہ تعالی کا عنایت کیا ہوا ہے پس دعوی مساوات کا محض جہالت ہے اور ہیر اور سیر طرہ شرک و کفر کا لگانا محض ضلالات ہے ایسے لوگ خواہ مخواہ آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو وفور علم میں تنقیص و تخفیض ایسے حیلوں حوالوں سے کرتے ہیں اور آپکی طرف نسبت جہالت کی کرتے ہیں ایسی تنقیص و نسبت جہالت کرنیوالے کا حکم شفا و شرحہ للملا علی القاری کی ج ۲ صفحہ ۳۹۵ اور اسی جلد کے صفحہ ۴۲۹ کو دیکھکر معلوم فرماویں اور جو جو شبہات ایسے لوگ پیش کرتے ہیں سبکے جوابات شافیہ موجود ہیں رسالہ میں لکھے گئے ہیں اس فتوے میں گنجایش اوسکی نہیں ہے اسواسطے متروک کئے واللہ سبحانہ و تعالی الموفق للحق والصواب

والیہ المرجع والمآب فصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و صحبہ اجمعین

المجیب المفتقر الی اللہ القدیر **محمد نذیر**

المعروف **بنذیر احمد خان**

عفی عنہ

الجواب صحیح کتبہ **عبد الرحیم** عفی عنہ	محمد نذیر ۱۲۹ پی سعدان	المجیب مصیب رقمہ **عبد اللہ** عفی عنہ

مواہیر علمای مشاہیر بدایون شریف مع مہر اطہر اعلیحضرت عظیم البرکت افضل الفضلا اکمل الکملاء اعلم العلماء قدوۃ الاولیاء عمدۃ الاصفیاء مرجع الاکابر والاصاغر بحر زاخر سحاب ماطر امام الباطن والظاہر حضرت مولانا مولوی شاہ محمد عبد القادر صاحب حنفی قادری عظم اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی

عمرو کا قول دربارہ تکفیر زید کے بسبب ثابت کرنے علم جمیع ماکان ومایکون کے تعلیم الٰہی کے واسطے حضور سید المرسلین افضل الخلائق اجمعین صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کے باطل ہے اگرچہ بعض علماء کے کلام سے تخصیص واستثناء بعض اشیاء مانند علم روح وعلم ساعت کا ظاہر ہوتا ہے مگر حضرات محققین کے نزدیک راجح اور حق تعمیم تعلیم علوم جمیع وعمیم ہے پس حکم تکفیر ہر طرح باطل وسقیم ہے اور جن آیات سے حصر علم غیب کا حضرت حق سبحانہ کے واسطے مفہوم ہوتا ہے مراد اس سے علم ذاتی واستقلالی ہے پس اس سے اثبات معجزہ غیب دانی وغیب گوئی پر حکم کفر کا دینا محض بوالہوسی اور نری خام خیالی ہے پھر اوپر سے طرہ لگانا کہ خدا تعالیٰ اپنے محبوبان بارگاہ کو جمیع مکنونات ومغیبات کی تعلیم سے عاجز ہے محض وسوسہ شیطانی ہے اور مخالف تحقیق تفسیر وتاویل قرآنی **تفسیر نیشاپوری** میں متعلق تفسیر آیۃ الکرسی کے فرمایا ہے یلزم من کون غیرہ تعالیٰ غیر متصرف فی ملکہ بوجہ من الوجوہ الا بامرہ کونہ عالما بالکل و کون غیرہ غیر عالم بالکل الا باعلامہ انتہی ملخصا اور متعلق تاویل کے فرمایا ہے من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ هذا الاستثناء راجع الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کانہ مثل من ذا الذی یشفع عندہ یوم القیامۃ الا عبدہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فانہ ماذون فی الشفاعۃ موعود لها یعلم محمد ما بین ایدیہم من اولیات الامور قبل خلق الخلائق کقولہ اول ما خلق اللہ نوری واول ما خلق العقل وان اللہ خلق الارواح قبل الاجساد بالفی عام وما خلفہم من احوال القیامۃ وفزع الخلق وطلب الشفاعۃ من الانبیاء وقولہم نفسی نفسی ورجوعہم الیہ ولا یحیطون بشیء من علمہ صلی اللہ علیہ وسلم وانما هو شاهد علی احوالہم وسیرہم وحالاتہم وقصصہم الخ بالجملہ قدرت ربانی وتعلیم حقانی کشف جمیع مبہمات ومکنونات غیبیہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے شامل ہے اور شان محمدی علیہ الصلوٰۃ والتسلیم واسطے استفاضہ جمیع فیوض ربانیہ کے قابل ہے تفصیل اسکی جامع البرکات وغیرہ میں ہے اور تحقیق کامل اسکی جس سے منکرین اعجاز وکرامت کے تمام شبہات زائل ہو جاتے ہیں تحریر پر تنویر بے نظیر حضرت جناب مولانا الاکرم **نذیر احمد خانصاحب** دامت برکاتہم میں موجود ہے جزاہ اللہ تعالیٰ مولانا خیر الجزاء آمین وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

حررہ الجہول الظلوم **عبد القیوم** القادری البدایونی عفی عنہ

ما اجاب به المجیب المصیب فهو حق وصواب حرره الفقیر **عبد القادر** عفی عنہ

المجیب مصیب حرره الفقیر **عبد المقتدر** عفا اللہ تعالیٰ عنہ

مواہب علمائے بمبئی

جو کچھ مجیب لبیب نے لکھا ہے عین حق اور صواب ہے منکر اوسکا بلا شک مستحق عتاب ہے کما لا یخفی علی اولی الالباب واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب نمقہ الراجی الی رحمۃ ربہ الشکور **عبد الغفور** صانہ اللہ عن الآفات والشرور

الجواب صحیح مطابق للسوال والمجیب مصیب کتبہ خادم الشرع قاضی شیخ محمد مرگھے عفی عنہ وعن والدیہ وعن سائر المسلمین

امین

قاضی شہر ہٰذا — شیخ محمد رضی ۹۵ خادم الشرع قاضی

الجواب صحیح کتبہ خادم الطلبہ القاضی اسمٰعیل المہری عفا اللہ عنہ

الامر کما ذکر کتبہ خادم الشرع القاضی اسمٰعیل الجلالی الشافعی عفا اللہ عنہ وعن والدیہ وعن استاذیہ وعن جمیع المومنین آمین یارب العالمین

بن قاضی غلام علی ۱۳ قاضی محمد اسمٰعیل

خادم الشرع المتمسک بحبل اللہ الجلیل قاضی اسمٰعیل ۱۲۶

للہ در مولانا المجیب العلام دام فیضہ العام حیث حقق الکلام واثبت المرام بالتحقیق التام فجزاہ اللہ تعالیٰ عنی وعن سائر اہل الاسلام بحرمۃ النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام وآلہ الکرام وصحبہ العظام الی یوم القیام حررہ العبد المستہام **محمد عمر الدین** السنی الحنفی القادری الهزاروی حفظہ اللہ تعالیٰ عن شر اللیام

المجيب مصيب وله اجر جزيل حرره **حسن** بن نور محمد
عفي عنهما

ما قاله المجيب في هذا الجواب فهو صحيح وموافق لما صرح به المحققون من اولي الالباب منه ما قاله العلامة البغوي في تفسيره معالم التنزيل والفهامة علي بن محمد بن ابراهيم البغدادي المعروف بالخازن في تفسيره لباب التاويل في معاني التنزيل انه قال السدي قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عرضت على امتي في صورها في الطين كما عرضت على آدم واعلمت من يومن بي ومن يكفر فبلغ ذلك المنافقين فقالوا استهزاء زعم محمد صلى الله عليه وسلم انه يعلم من يومن به ومن يكفر ممن لم يخلق بعد ونحن معه وما يعرفنا فبلغ ذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم فقام على المنبر فحمد الله واثنى عليه ثم قال ما بال اقوام طعنوا في علمي لا تسألوني عن شيئ فيما بينكم وبين الساعة الا انبأتكم به فقام عبد الله بن حذافة السهمي فقال من ابي يا رسول الله قال حذافة فقام عمر فقال يا رسول الله رضينا بالله ربا وبالاسلام دينا وبالقرآن اماما وبك نبيا فاعف عنا عفا الله عنك فقال النبي صلى الله عليه وسلم فهل انتم منتهون ثم نزل عن المنبر" ومنه ما قاله ابن الحجر المكي الهيثمي في منح المكية لشرح الهمزية انه روى الطبراني قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله تعالى قد رفع لي الدنيا فانا انظر اليها والى ما هو كائن فيها الى يوم القيامة كانما انظر الى كفي هذه" ومنه ما قاله العلامة شيخ الاسلام الشيخ ابراهيم البيجوري في تحفة المريد على جوهرة التوحيد انه لم يخرج النبي صلى الله عليه وسلم من الدنيا حتى اطلعه الله على جميع ما ابهم عنه من الروح وغيرها مما يمكن علم البشر به" لا يقال يلزم حينئذ المماثلة والمساواة بين علم الله تعالى وعلم الرسول عليه الصلوة والسلام وهو محذور لان علم الله تعالى قديم وبالذات والاصالة ومحيط لجميع ما سوى الله حتى علم الرسول وعلم الرسول عليه السلام حادث وبالوحي والالهام ومحاط علم الله تعالى فلا مماثلة ولا مساواة ههنا لانه قد صرح في شرح العقائد بان المماثلة عندنا انما تثبت بالاشتراك في جميع الاوصاف حتى لو اختلفا في وصف واحد انتفت المماثلة واكتفينا بهذا المقدار وان كان الباب قابلا للاطناب تبعا للمجيب الذي اختار الاختصار في الجواب والله الهادي الى الطريق الحق والصواب نمقه الراجي رحمة ربه الصمد **مرزا محمد**

اقول عقیدتی فی بیت قصیدتی وھو ھذا۔ لا تیئس یعرب عن احاطتہ کشفیہ۔ وذکائہ وبہ ضیاءُ ذُکائہ۔ واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب نمقہ الراجی عنایۃ ربہ الابد

احمد ابن المولوی الشیخ عبدالقادر الجیتپکور کان اللہ لھما

عمرو کا زید کو مطابق صورت مسئولہ بلا تحقیق قول کا فر کہنا حماقت ہے اور بدون استفسار مراد قائل اسکی تکفیر میں مبادرت کرنا سخت جہالت مسئلہ مذکورہ مختلف فیہا ہے اور قول محقق وہی ہے جو فاضل مجیب عم فیضہ نے لکھا ہے جس سے یہ بات واضح طور پر ثابت ہوگئی ہے کہ آپکو علم ماکان ومایکون باعلام اللہ دشیتہ تہا۔ زید نے دعویٰ علم استقلال وبذاتہ کا نہیں کیا ہے بنا برین اپنے ایک دینی بہائی کے قول کی تحقیق وتمیز کے بغیر اسکو کافر کہدینا نہایت افسوس کی بات ہے

خدا تعالیٰ ایسے لوگوں کو جو مسلمانوں کو تکفیر کو دیا کرتے ہیں ہدایت فرماوے

راقم آثم محمد عبدالرزاق نقشبندی عفی عنہ

الامر کما ذکر کتبہ افقر **محمد صدیق** عفا اللہ عنہ

مدرس اعلیٰ ومہتمم مدرسہ ہاشمیہ بمبئی

مواہیر علمائی سورت

لاریب قول عمرو کا بالکل باطل ہے اور جو لوگ بباعث کم علمیت کے مسلمانوں کو بیوجہ کافر کہدیتے ہیں انکو تائب ہونا چاہیے



بسم اللہ الرحمن الرحیم وبہ نستعین

حامداً ومصلیاً ومسلماً۔ سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم

عمرو کا قول باطل اور خلاف عقیدہ اہل سنت والجماعۃ ہے اور وہ بہی لوگ مسلمان کو اوپر اجترا یا تکفیر کرتے ہیں جنکو علم کا صرف دعویٰ ہی دعویٰ ہے اور اصول مذہب سے بالکل واقفیت نہیں اور علم غیب کے بارہ میں کہو سوال

تصنیف ہو چکی ہیں جنمیں محققان اہل اسلام نے زید کے قول کو ترجیح دی ہے اور ایک رسالہ شہر ردہ میں اور ایک عرب شریف میں مرتب ہو چکا ہے اور احقر نے بھی اس امر میں ایک رسالہ لکھا ہے جسمیں مخالفین کے کید افترا خیانت اور عدول عقیدۂ اہل اسلام سے انکی ناواقفیت انشاء اللہ تعالیٰ مفصلاً بیان ہوگی پس برادران اہل اسلام کو چاہیے کہ عقیدہ اہل سنت والجماعۃ پر قایم رہیں اور مفسدوں کے زخرفات سے بچیں وما توفیقی الا باللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کتبہ محمد عبد القادر باعکظہ عفی عنہ ۹ جمادی الثانی ١٣١٩ھ

محمد عبد القادر
باعکظہ عفی عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونستعینہ ونصلی ونسلم

علی حبیبنا وشفیعنا ومولینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اما بعد قول عمرو کا خلاف عقیدۂ اہل اسلام اور باطل اور مردود ہے خواہ مخواہ مسلمانوں کو کفر کیطرف نسبت کرنا اللہ اور اللہ کے رسول کو ہرگز پسند نہیں قال اللہ تعالیٰ ولا تقولوا لمن القی الیکم السلام لست مؤمنا اور مشکوۃ شریف میں صحیح حدیث موجود ہے الکف عن من قال لا الہ الا اللہ لا نکفرہ بذنب ولا نخرجہ من الاسلام بعمل الخ رواہ ابو داؤد ـ پس باوجود اسکے جو مسلمانوں پر اطلاق کفر کا کرتے ہیں وہ اون کہنے والوں کی طرف رجوع کرتا ہے فیکفرون بذلک اسمیں کچھ شک نہیں کہ افسر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو کل شی کا علم دیا گیا ہے اور فتح الباری وغیرہ میں بالتصریح مذکور ہے اور جن پانچ شیؤں کا استثنا کیا گیا ہے اون پانچ شیؤں کا علم بھی بحسب قول علماء محققین دیا گیا ہے یہانتک کہ جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں داخل ہوں وہانتک کا کل علم ہمارے حضرت نبی آخر الزمان کو عطا ہوا ہے ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم مگر ہاں ان باتوں کے فہم کیلیے عقل چاہیے اور جن لوگوں کا عقیدہ فاسد ہے وہ اپنے منشاء فاسد کے موافق کتب علم کی عبارتوں کی تاویل کرتے ہیں قال اللہ تعالیٰ فاما الذین فی قلوبہم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ ابتغاء الفتنۃ وابتغاء تاویلہ وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم الی آخر آیہ حررہ **احمد علی** عفی عنہ

قول عمرو کا غیر صحیح اور مخالف عقیدۂ ابی حنیفہ رح ہے فلیتنبہ لہذا ولیحذر ممن یبادر الی التکفیر فیخاف علیہ انہ یکفر لانہ کفر مسلما اور حضرت سرور کائنات فخر موجودات محمد مصطفی احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو باعلام اللہ تعالیٰ کلیات وجزئیات وما کان وما یکون و اولین و آخرین کا علم تھا یہی قول ارجح وموافق عقیدہ اہل اسلام ہے کتبہ **حکیم قمر الدین** عفی عنہ

مواہیر علمائے دہلی

الجواب صحیح **محمد عبد الرشید** دھلوی
مہتمم و مدرس اعلیٰ مدرسہ نعمانیہ دہلی

مواہیر علمائے حیدرآباد دکن

جواب مجیب کا سچا ہے اور حق پر ہے۔ کیونکہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو بذاتہ علم غیب ہے کہنا بیشک کفر کی حد کو پہنچ سکتا ہے اور اگر بواسطہ الٰہی یا بعلم اللہ یا بمعرفۃ اللہ ہے تو اس میں کسی کو شک نہیں ہے جیسا کہ صاحب رد المحتار فرماتے ہیں یکفر بادعاء علم الغیب واما ما وقع لبعض الخواص کالانبیاء والاولیاء بالوحی والالہام فھو باعلام من اللہ تعالیٰ فلیس مانحن فیہ اور دوسرے میں فرماتے ہیں ان دعوی علم الغیب معارضۃ لنص القرآن نیکفر بہا الا اذا اسند ذلک صریحا او دلالۃ الی سبب من اللہ تعالیٰ کو حی او الہام۔ کذا فی رد المحتار۔ اور امام فخر الدین رازیؒ تفسیر کبیر میں اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول تفسیر یعنی لانہ لا یطلع علی الغائب الا لمن ارتضی الذی یکون رسولا اور اس آیت کی تفسیر میں صاحب کشاف فرماتے ہیں تبیینٌ لمن ارتضی یعنی انہ لا یطلع علی الغیب الا المرتضی الذی ھو مصطفی للنبوۃ الحاصل حضرت کو بواسطہ اللہ کے علم غیب کا ہونا ظاہر ہے اور کل کتب سے ثابت ہے واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب

مفتی اول دار القضاء | محبوب نواز الدولہ مفتی اول ۱۳۰۵ھ | ریاست نظام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اما بعد واضح ہو کہ مولانا نذیر احمد خان صاحب نے جو فتویٰ لکھا نہایت صحیح اور درست ہے واقعی احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو جملہ ماکان وما یکون کا علم باعطاء اللہ تبارک وتعالیٰ ہے جو کچھ ہوا اور قیامت تک جو کچھ ہوگا مگر شہود اس خالق انس وجان نے سرور دو جہان نبی آخر الزمان کو معلوم کرا دیا پس خداوند تعالیٰ علم بالغیب سے متصف بالذات اور آنحضرت متصف بالعرض بالواسطہ ہیں ثبوت دعویٰ مذکورہ کا اس طرح ہے کہ خداوند تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے وما کان

لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء اس سی ظاہر ہی کہ غیب پر اللہ تعالی مطلع نہین کرتا
مگر اپنی رسولون مین سی جسکو کہ وہ پسند و برگزیدہ فرماوی اسکو علم غیب سی مطلع کرتا ہی دوسری آیت یہ ہی عالم الغیب
فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول اس آیت سی واضح ہی کہ خدا تعالی اپنی علم غیب پر کسیکو آگاہ
نہین کرتا مگر جس سی کہ اپنی رسول سی راضی ہو جاوی تیسری آیت وعلمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک
عظیما یعنی جو چیزین کہ آپ جانتی نہ تہی وہ تمام اللہ نی آپکو معلوم کرا دیا اور دیا آپ پر اللہ کا فضل عظیم ہی جسکا آپکو
علم نہ تہا یعنی جو اشیا کہ آپکو عدم علم کی افراد مین عام اس بات سی کہ کسی زمانہ مین ہو نہ زمانہ ماضی کی قید ہی نہ زمانہ
حال و آئندہ کی قید ہی بہر حال جمیع ازمنہ مین جسقدر اشیا کہ آپکو معلوم نہ تہین کل کا علم حق تعالی نی آپکو مرحمت
فرمایا اور فی الواقع یہ فضل عظیم ہی حدیث شریف مین ہی قال السدی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
عرضت علی امتی فی صورہا فی الطین کما عرضت علی آدم واعلمت من یومن بی ومن یکفر فبلغ
ذلک المنافقین قالوا استہزاء زعم محمد صلعم انہ یعلم من یومن بہ ومن یکفر ممن یخلق بعد
ونحن معہ وما یعرفنا فبلغ ذلک رسول اللہ صلعم فقام علی المنبر فحمد اللہ واثنی علیہ
ثم قال ما بال اقوام طعنوا فی علمی لا یسئلونی عن شیئ فیما بینکم وبین الساعۃ الا انبأتکم بہ
فقام عبد اللہ بن حذافۃ السہمی فقال من ابی یا رسول اللہ فقال حذافۃ فقام عمر فقال یا
رسول اللہ رضینا باللہ ربا وبالاسلام دینا وبالقرآن اماما وبک نبیا فاعف عنا عفا اللہ
عنک فقال النبی صلعم فہل انتم منتہون ثم نزل عن المنبر کما جاء فی التفسیر البغوی والبیضاوی
تفسیر بغوی اور تفسیر بیضاوی مین یہ روایت ہی جسکا خلاصہ مختصر یہ ہی کہ جب آنحضرت نی ارشاد فرمایا کہ جو ابہی پیدا نہین
ہوئی بلکہ آئندہ پیدا ہونی والی لوگ ہین اونمین سی کون مجہپر ایمان لاویگا اور کون کفر کریگا سب کا علم مجہکو دیا گیا اور میری است
مجہپر پیش کیگئی جسطرح کہ حضرت آدم علیہ السلام پر پیش ہوئی تہی اسپر منافقون نی استہزا و مذاق کیا کہ ہم جو ہم آپکی ساتہ
موجود ہین اونہین پہچانتی نہین ہین پہر جو لوگ ابہی پیدا نہین ہوئی اونہین کیا جانینگی آنحضرت اس خبر کو سنکر ہی منبر پر
چڑہی خدا کی حمد و ثنا کی اور کہا کہ یہ قوم کا کیا حال ہی جو طعن کرتی ہین میری علم مین جو سوال کرینگی اوس وقت سی لیکر قیامت
تک کی اشیا سی اونکو آگاہ کر دونگا عبد اللہ بن حذیفہ نی کہا بتلائیی میری باپ کا نام کیا ہی آپنی فرمایا حذافہ ہی حضرت عمر نی کہڑی
ہوئی اور فرمایا کہ ہم اللہ و رسول و قرآن سی راضی ہوئی اور ہماری خطا معاف کیجیی اس سی صاف صاف ثابت ہی کہ
آپکو علم اولین وآخرین کا دیا گیا ہر ذرہ پر آپکا علم محیط ہی ساتون آسمان و ساتون زمین مین جسقدر چیزین ہین

سب کی اطلاع آپکو ہے ایک حدیث میں ہے کہ فرمایا آپنے علمت علم الاولین والآخرین اور یہی آپنے ارشاد کیا قد رفع الی
الدنیا فانا انظر الیہا والی ما ہو کائن الی یوم القیامۃ کانما انظر الی کفی ہذہ یعنی دنیا و ما فیہا پیش کیگئیں میں
نے کل مشاہدہ کرلیا اون چیزونکو جو قیامت تک ہونیوالی ہیں اب آپکے علم غیب میں کیا کلام رہا ان وہابیوں لا مذہبوں کو
چونکہ آنحضرت صلعم سے عداوت قلبی ہے اکثر گستاخ شان آنجناب کرتے رہتے ہیں اور ہمیشہ ان کفریات سے اپنا نامہ اعمال سیاہ
کیا کرتے ہیں اور بوجہ لاعلمی یہ وہابی لوگ کہتے ہیں کہ حضرت صلعم نے فرمایا لا ادری ما وراء ہذا الجدار یعنی میں
دیوار کے پیچھے کی خبر نہیں جانتا ہوں حالانکہ یہ روایت ہی غلط ہے اسکی کوئی اصل نہیں ہے چنانچہ شیخ عبد الحق محدث
دہلوی نے مدارج النبوۃ میں تصریح فرمادیا ہے اور المزوج اللبیب میں ہے انہ صلی اللہ علیہ وسلم اوتی علم کل شیئ
الا الخمس اللتی فی آیۃ ان اللہ عندہ علم الساعۃ وقیل انہ اوتی ایضاً یعنی سوا اون چیزونکے جسکا استثنا
اس آیت میں ہے کل شیئ کا علم آپکو دیا گیا اور بعض لوگوں نے فرمایا کہ اون پانچ کا بھی علم آپکو دیا گیا تفسیر کبیر و تفسیر مدارک
و تفسیر بغوی و تفسیر بیضاوی و کشاف و تفسیر جلالین و تفسیر رحمانی و دیگر تفاسیر سے آپکا علم غیب سے مطلع ہونا ثابت
ہے من شاء فلیرجع الیہا اور کتب فقہ مثل رد المحتار شامی و طحطاوی وغیرہ وغیرہ سے امر مذکور ثابت ہے اور یہی
اعتقاد اہل سنت و جماعت کا ہے فرقہ وہابیہ اسکا انکار کرتا ہے خداوند تعالی ان لوگوں کی صحبت و مکر و زور سے اہلسنت
و جماعت کو بچاوے اور مسئلہ مذکورہ میں زید کا اعتقاد عین اعتقاد اہل سنت و جماعت ہے زید کو کافر و مشرک کہنا عین
کفر و ضلالت ہے اور عمرو جو کہ منکر علم غیب آنحضرت صلعم علیہ وسلم ہے اسکی وہابیت میں کسی قسم کا شک نہیں اور ایسے اعتقاد
رکھنے والے کو جو شخص اچھا سمجھے وہ بھی وہابی اور بدمذہب ہے اللہم احفظنا من الضالین آمین یا رب العٰلمین

حررہ الراجی الی عفو ربہ القوی عبد النبی الامی السید حمید شاہ القادری الحنفی تجاوز اللہ تعالی
عن ذنبہ الجلی والخفی وحفظہ عن موجبات الکی والغی متوطن کچھوچھہ المعروف بہ پیر لطف اللہ
نزیل حیدرآباد دکن صانہ اللہ عن الفتن ،،

عبد النبی الامی الحنفی
سید حمید شاہ قادری ١٣١٤

الجواب صحیح کتبہ العبد العاصی
محمد عبد الواحد مہتمم مدرسہ ابو العلائی داناپوری عفی عنہ
محمد عبد الوا[حد] ١٣٠٩

الجواب صحیح بلا ریب کتبہ العاصی
محمد عبد الغنی مدرس مدرسہ ابو العلائی آغائی
محمد عبد الغنی ...

الجواب صحیح والقول نجیح حررہ العبد المذنب المخطی **الٰہی بخش** عفی عنہ
صدر المدرسین فی المدرسۃ ابو العلائی الواقعۃ فی بلدۃ حیدرآباد
دکن اعاذہا اللہ تعالیٰ عن الشرور والفساد والفتن

علم غیب بواسطہ اللہ تعالیٰ کے انبیا کو حاصل ہوتا ہے اہل سنت کا یہی عقیدہ ہے وہابی اس بات کے منکر ہیں الجواب صحیح کتبہ محمد خلیل الرحمن عفی عنہ	جواب مجیب حق ہے شاکی منکر محکمات ہے من انکر المحکمات فقد ضل واضل حررہ السید نادر الدین مدرس اول مدرسہ

محمد خلیل الرحمن

دار العلوم سرکار عالی
نادر الدین

بسنہ وکرمہ

سائل کا یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ نے سرکار دو عالم حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو علم ماکان ومایکون عنایت فرمایا تھا ہرگز مخالف اصول اسلامی نہیں ہے مجیب نے جو آثار اور ثبوت بیان کئے مشکل الوجود ثبوت وجود علم ماکان ومایکون ہیں۔ عمرو کا کافر و مشرک بنانا ضلالت محض ہے اگر کوئی شخص کسی عامی کی نسبت بھی یہ کہے کہ فلاں شخص کو اللہ تعالیٰ نے علم ماکان ویکون عنایت کیا تھا تو اوس قائل کو کاذب مفتری لغو گو مضل کہیں گو کافر و مشرک نہیں کہہ سکتے چہ جائے کہ محبوب یزدانی خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کہنے والا با اینہمہ ثبوت و اثبات محدثین و مفسرین کافر و مشرک کہا جاوے نعوذ باللہ من شرور انفسنا فقط ابو الحسنات محمد حبیب الرحمن سہارنپوری

محمد حبیب الرحمن

قال اللہ تعالیٰ وما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء
حضرت محمد رسول اللہ رسول مجتبیٰ ہیں اطلاع علی الغیب حضرت کے لئے مسلم ہے اور مسلم کا قائل ملوم نہیں
نحن فقط **سید عبد الحی و سید غلام محی الدین**

جواب مجیب درست ہے
سید مصطفیٰ قادری

یہ جواب صحیح ہے۔ منکر اسکا وہابی ہے کتبہ خواجہ شرف الدین قادری

مدرس مدرسہ دار العلوم

الجواب صحیح والمجیب مصیب
کتبہ محمد سکندر عفی عنہ

محمد سکندر

الجواب صواب حررہ سید
ممتاز عفی عنہ
طالب علم مدرسہ ابو العلائیہ آگرہ

المجیب مصیب من انکر فقد ضل وغوی کتبہ سید اعظم علی
عفی عنہ بطفیل النبی الہاشمی طالب علم
مدرسہ ابو العلائیہ آگرہ

لاریب ان اللہ تعالی عالم الغیب بالذات ولا یعلم الغیب احد سوی اللہ تعالی بھذہ الحیثیت لکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عالم الغیب بواسطۃ اللہ تعالی لان اللہ تعالی علمہ بدلیل قولہ وعلمک مالم تعلم وقولہ وما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء فثبت بالآیتین المذکورتین انہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متصف بجمیع علم الغیب بالعرض الی بواسطۃ اللہ تعالی لا بالذات فظہر الفرق بین علم اللہ وبین علم رسولہ وھذہ طریقۃ الحق والصواب بموافقۃ الکتاب من خالف فقد ضل ضلالا مبینا وغلط عن الحق والصواب کتبہ العبد
ولی محمد خان طالب علم مدرسہ ابو العلائی
عفی عنہ ذنوبہ بطفیل النبی الامی

اسمیں کچھ شک نہیں کہ انبیاء عظام علم غیب سے متصف بالعرض ہیں اور خدا تعالی بذاتہ عالم الغیب ہے تفسیر کبیر کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ انبیاء عظام و اولیاء ذوی الاحترام نفوس قدسیہ علم غیب سے متصف ہیں اور تفسیر فیض الکریم و روح البیان سے بھی دعوی مذکورہ ثابت ہوتا ہے من شاء فلیرجع الیھا اہل سنت کا یہی مسلک ہے کتب تصوف اہل سنت والجماعت سے یہی ہویدا ہے۔ یہ تو رہنے دو کیونکہ اظہر ہے ہم یہ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں بکثرت اولیاء کاملین ایسے ہیں جنکو خداوند تعالی نے اس علم لدنی سے بہرہ یاب اور سرفراز سے بہرہ یاب کیا ہے چنانچہ سرور اولیا

حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی سید عبد القادر جیلانی کا ایک شعر نقل کرکے اپنا مدعا ثابت کرو
وھو ھذا - نظرت الی بلاد الله جمعاً کخردلۃ علی حکم اتصال - آپ فرماتے ہیں کہ میں نے جمیع بلاد اللہ کا
مشاہدہ کیا جسطرح کوئی رائی کے دانہ کو بخوبی دیکھ لیتا ہے اب آپکے علم غیب میں کسکو شک رہا یہ کون کہتا ہے کہ عالم الغیب
بالذات ہیں تاکہ اعتراض وارد ہو - ہم تو یہی کہتے ہیں کہ جسے وہ رب العزت راضی ہوا وسکو علم من لدن سے
کرتا ہے حنبلیہ وشافعیہ وحنفیہ ومالکیہ کے علما واتقیا کل اس امر میں متفق ہیں ہاں البتہ فرقہ وہابیہ نجدیہ اسکا منکر ہے
کیونکہ انکا یہی شیوہ اور طریقہ ہے کہ کسر شان نبوی کرتے رہیں اور اپنے نامہ اعمال کو سیاہ کرتے رہیں اللھم احفظنا من
الوہابیۃ الضالۃ آمین یا رب العالمین نمقہ العبد العاصی الراجی الی عفو ربہ الاحد عبد الصمد عفی عنہ طالب علم
مدرسہ ابو العلائے اعثانی

بیشک حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے علم غیب جمیع ماکان ومایکون کا عنایت کردیا اسکا منکر
صرف وہابیہ نجدیہ خذلہم اللہ تعالی فی الدنیا والآخرہ ہیں خداوند تعالی ایسے لوگوں کی صحبت سے بچائے حررہ
الفقیر عبد الرسول محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ ومن والدیہ بنگلوری

فتوی علمای بنگلور

حامداً ومصلیاً ومسلماً علی رسولہ وآلہ قول زید کا حق ہے یہی ہے اعتقاد اہلسنت والجماعت کا اور یہ ثابت ہے قرآن اور
احادیث اور اقوال علما سے سو بیان اسکا بطور اجمال یہ ہے کہ کہا اللہ تعالی سورہ نسا میں وعلمک ما لم تکن تعلم
وکان فضل الله علیك عظیما یعنے اللہ تعالی نے معلوم کرادیا جو کچھ آپ نہیں جانتے تھے اور آپ پر اللہ کا فضل
تفسیر مدارک میں ہے ما لم تکن تعلم من امور الدین والشرایع او من خفیات الامور وضمائر القلوب
یعنے اللہ نے معلوم کرادیا حضرت کو کل امور دین اور شریعت کے اور سب امور پوشیدگی کے اور بھیدان دلوں کے
ایسا ہی لکھا ہے تفسیر بیضاوی وجلالین وبغوی وابو السعود وکبیر وابن خازن وغیرہ تفاسیر میں - اور تفسیر
حسینی میں ہے ودر اسرار آمدہ ہست ترا ما لم تکن تعلم آنچہ نبودی کہ بخود بدانی از خفیات امور ومضمرات ضمائر
وجمہور گفتہ اند آن علم ہست بربوبیت حق وجلال او وشناختن عبودیت نفس وقدر حال او ووعدہ کرد الحقایق میفرماید
کہ آن علم ماکان ومایکون ہست کہ حق سبحانہ تعالی در شب اسری بدان حضرت عطا فرمودہ چنانچہ در احادیث معراجیہ
شدہ ہست کہ در زیر عرش بودم قطرہ در حلق من ریختند فعلمت ما کان وما سیکون یعنی بس دانستم آنچہ بود وآنچہ خواہد

مختصر ترجمہ یہ ہو کہ یہ آیت دلالت کرتی ہو کہ مستقلا و باللہ نے آنحضرت کو تمام علوم ماکان و ما یکون کا اور تمام حالات
آنحضرت پر منکشف ہوئے تھے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وھو بکل شیء علیم یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر چیز کے
جاننے والے ہیں چنانچہ اس آیت کی تفسیر ابتدا مدارج النبوۃ میں یوں ہے وھو بکل شیء علیم و وی
صلی اللہ علیہ وسلم دانا است ہمہ چیز از شیونات ذات الٰہی و احکام و صفات حق و اسماء و افعال و آثار و بجمیع علوم
ظاہر و باطن و اول و آخر احاطہ نمودہ یعنی آنحضرت پر تمام علوم اول و آخر کے منکشف ہوئے تھے ایسا ہی تفسیر روح البیان
میں پس قرآن شریف سے ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ آنحضرت کو تمام علوم کلیات و جزئیات ماکان و ما یکون کو عطا
فرمایا تھا۔ **بخاری شریف** میں ہے کہ آنحضرت نے فرمایا علمت بہا ماکان و ما یکون میں نے شب معراج میں ایک
قطرہ عرش عظیم سے میرے منہ میں اترا اس سبب سے جان لیا میں نے جو کچھ ہوا اور جو ہونے والا ہے اور **طبرانی** کی حدیث میں
ہے کہ آنحضرت نے فرمایا ان اللہ رفع لی الدنیا فانا انظر الیہا والی ما ھو کائن فیہا الی یوم القیمۃ کانما انظر الی کفی ھذہ یعنی بیشک
کی میرے سامنے دنیا ایسی جیسی ہتھیلی میرے ہاتھ کی دیکھ رہا ہوں دنیا طرف ان چیزوں کو جو دنیا میں ہو رہی ہیں قیامت
تک جیسا کہ دیکھتا ہوں میں میرے ہاتھ کی ہتھیلی کی طرف قال فی المواھب عن ابی ذر لقد ترکنا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ما یحرک طائر جناحیہ فی السماء الا ذکر منہ علما ولا شک ان اللہ تعالیٰ قد اطلعہ
علی ازید من ذلک والقی علیہ علم الاولین والآخرین اور ابو ذر کی حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ پرندوں کی حرکت
تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جانتے ہیں کچھ شک نہیں اس بات میں کہ اللہ تعالیٰ آپکو اس سے زیادہ علم دیا ہے اور عطا کیا ہے
آپکو اگلے پچھلے سب لوگوں کا علم اور **مشکوۃ شریف** میں دارمی اور ترمذی سے مروی ہے فعلمت ما فی السموت والارض
الحدیث یعنی معلوم ہو گیا مجھکو جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے **شیخ عبد الحق دہلوی اشعۃ اللمعات**
ترجمہ مشکوۃ میں فرماتے ہیں یعنی پس دانستم ہر چہ در آسمانہا و ہر چہ در زمینہا بود عبارت است از حصول تمام علوم جزئی و کلی
و احاطہ آں جان چکا میں جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے او یہ دلالت کرتا ہے کہ تمام علوم کلیات و جزئیات کو آنحضرت
پر منکشف ہو گئے تھے اور اس حدیث کی شرح میں **تفسیر حسینی** کے سورۂ رحمن کی ابتدا میں یوں ہے بیاموزانید وی تعالیٰ
آنحضرت را بیان آنچہ بود و ہست و باشد چنانچہ مضمون فعلمت علم الاولین والآخرین از ینمعنی خبر میدہد اسکانہ
اور بہت سی احادیث شریفہ سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اللہ تعالیٰ آنحضرت کو علوم کلیات و جزئیات و ماکان و ما یکون
کو عنایت فرمایا ہے **امام مناوی التیسیر شرح جامع الصغیر** میں بعد بیان غیوب خمسہ فرمایا ہے وقد
اعطی صلی اللہ علیہ وسلم علمہا بعد ذلک یعنی اللہ تعالیٰ نے غیوب خمسہ یعنی علم قیامت وغیرہ کا علم کر دیا اور کہا

علامہ عبدالغنی شرح اربعین میں لکھتے ہیں کہ ہر امر کو جو اللہ نے پوشیدہ رکھنے کا حکم تھا ایسا ہی لکھا ہے اور امام
جلال الدین سیوطی شرح الصدور میں اور علامہ محمد شیخ محاسن الاخبار میں اور علامہ ابراہیم باجوری شرح
قصیدہ بردہ میں اور تفسیر روح البیان میں اور دیگر علماء نے کتب میں اور مدارج النبوۃ میں ہے ہرچہ در دنیا
ہست از زمان آدم تا اوان نفخہ اولی بروی منکشف ساختند یعنی اللہ تعالی آنحضرت کو آدم علیہ السلام کے زمانے
سے قیامت تک کے حالات منکشف کر دیا تھا اور نور الانوار میں ہے وھذا فی حق الامۃ واما فی حق النبی صلی
اللہ علیہ وسلم فکان معلوما یعنی نہیں جانتے کا علم امت کے حق میں ہے لیکن آنحضرت کو تمام معلوم کرا دیا گیا تھا اور
قطب زمان امام شرف الدین بوصیری اپنے قصیدہ بردہ متبرکہ میں فرماتے ہیں ومن علومک علم اللوح
والقلم یعنی بعض علوم سے تمہارے اے رسول مقبول علم لوح وقلم کا ہے تشریح اسکی یوں ہے کہ خدا تعالی تمام علوم
اور حالات ابتدا دنیا سے قیامت تک لوح محفوظ پر اپنے قلم قدرت سے لکھا ہے یہ لوح محفوظ کا علم بعض ہے آنحضرت کے علوم
کلیہ کا پس اقوال علماء سے بھی ثابت ہو گیا کہ قول زید کا حق اور موافق اعتقاد اہل اسلام و اہلسنت وجماعت ہے۔
اور قول عمرو کا کہ آنحضرت کو علم کلیات وجزئیات ماکان ومایکون کا نہیں تھا باطل ہے یہی ہے اعتقاد زید وہابیہ لعنہم
خذلہم اللہ تعالی اور یہ قول کفار و منافقین کا ہے جو آنحضرت کو علم کلیات وجزئیات وغیب دانی پر طعن وانکار کرتے تھے
جیسا کہ تفسیر بغوی جزو دس تا کے تین رکوع سورہ آل عمران میں شان نزول میں وماکان اللہ لیطلعکم علی
الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء کے ہے وقال السدی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
عرضت علی امتی فی صورھا فی الطین کما عرضت علی آدم واعلمت من یؤمن بی ومن یکفر فبلغ
ذلک المنافقین فقالوا استہزاء زعم محمد صلی اللہ علیہ وسلم انہ یعلم من یؤمن بہ ومن یکفر ممن لم
یخلق بعد ونحن معہ وما یعرفنا فبلغ ذلک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقام علی المنبر فحمد اللہ
واثنی علیہ ثم قال ما بال اقوام طعنوا فی علمی لا تسئلونی عن شیء فیما بینکم وبین الساعۃ الا انبأتکم
بہ فقام عبد اللہ بن حذافۃ السہمی فقال من ابی یا رسول اللہ قال حذافۃ فقام عمر فقال یا رسول
اللہ رضینا باللہ ربا وبالاسلام دینا وبالقرآن اماما وبک نبیا فاعف عنا عفا اللہ عنک فقال
النبی صلی اللہ علیہ وسلم فھل انتم منتھون ثم نزل عن المنبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا میری تمام
امت کو مجھے بتلا دی جیسا کہ آدم علیہ السلام بتلائی گئی تھی مجھ کو معلوم کیا انکو جو مجھ پر ایمان لاوینگے اور جو منکر ہونگے
یہ بات کفار منافقوں کو معلوم ہوئی تو تمسخر سے کہنے لگے جو لوگ ابھی پیدا نہیں ہوئے ہیں انہیں کون مومن اور کون کافر

ہوگا کہ محمد زعم کرتے ہیں ہم تو موجود ہیں ہم میں سے کون مومن اور کون کافر ہے سو خبر دیویں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ
بات معلوم ہوئی تو آپ منبر پر سوار ہوئے اللہ تعالی کی حمد و ثنا کرکے فرمایا کیا لوگ میرے علم پر طعن کرتے ہیں واللہ قیامت
تک جو چیزیں ہونہار ہیں انسے پوچھو میں کہہ دیتا ہوں عبد اللہ بن حذافہ السہمی کھڑے ہوکے پوچھے یا رسول اللہ
میرا باپ کون ہے آپ فرمائے تیرا باپ حذیفہ ہے پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ کھڑے ہوکے عرض کئے یا رسول اللہ رضینا باللہ ربا و
بالاسلام دینا و بالقرآن اماما و بک نبیا آپ ہماری تقصیر معاف کریں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا تم قبول کرو اسکے اور
منبر سے اترے۔ تفسیر بیضاوی میں اسی روایت سدی کو مختصر طور سے لایا ہے پس معلوم ہوا کہ آنحضرت کو علم غیب و احاطہ علمی میں
کلام کرنا منافقین کی عادت ہے اسی طریق کو وہ فرقہ رہا یہ گمراہ اکے خلیفے ہیں جیسا کہ محمد بن عبد الوہاب نجدی نے کتاب التوحید
والشرک میں لکھا ہے انہ کان لا یعلم امر خاتمتہ فی حال حیوتہ فکیف یعلم حال تلک المشرکین بعد مماتہ
یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود اپنی زندگی میں اپنے خاتمہ کا حال نہیں جانتے تھے تو بعد وفات ان مشرکوں کی انکو کیا خبر ہوگی
نعوذ باللہ من ہذہ العقائد الکفریۃ ہم اللہ سے پناہ مانگتے ہیں اس کفری اعتقاد سے نیز اسکی تردید میں علماء عرب کا رسالہ
جو **مصباح الانام وجلاء الظلام فی رد شبہ البدعی النجدی الذی اضل بہا العوام** ہے
اس نجدی کے اقوال کفریہ کو بعد ذکر فرماتے ہیں فلذلک قالوا من لم یکفر الوہابی النجدی فھو کافر یعنی اسی سبب علماء
عرب فرماتے ہیں کہ جو شخص وہابی نجدی کو کافر نہ کہا پس وہ کافر ہوا اور **فصل الخطاب فی رد ضلالات ابن عبد الوہاب**
میں بعد نقل اقوال کفریہ نجدیہ مذکور ہوا یا عجبا ما ہذہ الخرافات العجیبۃ والتخیلات الفاسدۃ الکفریۃ یعنی اس نجدی
کے عجب کفریات ہیں پس عمرو باوجود اس بد اعتقادی کے جو زید کو کافر و مشرک کہا خود کافر و مشرک ہوگیا واللہ اعلم بالصواب
والیہ المرجع والمآب کتبہ العبد الضعیف الراجی الی رحمۃ اللہ الباری المسکین الضعیف **السید محمد**
عبد الغفار شاہ حنفی القادری بنجلوری اعلی المدرس فی مدرسۃ العربیۃ الجامع العلوم الواقعۃ فی معسکر
بنجلور صانہا اللہ عن الفتن والشرور

سید محمد
عبد الغفار شاہ حنفی
القادری بنجلوری

ہذا الجواب صحیح کتبہ القاضی **السید شاہ محمد عبد القدوس**
القادری الحنفی البنگلوری خطیب امام جامع مسجد معسکر بنگلور
ناظم مدرسہ قدوسیہ وجامع العلوم

ہذا الجواب صحیح کتبہ **السید**
حسن صانہ اللہ عن الفتن

هذا الجواب صحیح کتبہ **حکیم سید محی الدین** الحنفی مذہبا والبنگلوری اقامۃ۔

این جواب صحیح ست وموافق عقائد اہل سنت وجماعت ست کتبہ حکیم سید عبد الباسط عفی عنہ مدرس مدرسہ جامع

هذا الجواب صحیح **محمد عظیم الدین**۔

هذا الجواب صحیح **السید محمود** الحنفی مذہبا والقادری طریقۃ والجن مینی اقامۃ۔

فتوی علمائی مدراس

حامدا للہ ومصلیا ومسلما علی رسولہ وآلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی کل شی کا علم عطا فرمانا اخبار صحیحہ سے ثابت ہے اور فقہاء ومحدثین اسپر تصریح کرتے ہین پھر اسکو کفر وشرک کہنا باطل ہے جو علم غیب کہ اللہ تعالی سے مخصوص ہے جسکو غیر مین ثابت کرنا کفر ہے وہ علم غیب بالذات ہے جو اللہ تعالی کی صفت قدیمہ ازلیہ ہے اور منزہ ہے تغیر وحدوث سے بخلاف علم غیب بواسطہ اعلام الہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ بعض اولیاء اللہ مین جو ثابت ہے وہ صفت قدیمہ ازلیہ نہین اور اسکو ثابت کرنا کفر نہین کما صرح بہ الامام الیافعی فی نشر المحاسن والعلامۃ ابن حجر المکی فی فتاواہ وقال العلامۃ الخفاجی فی حاشیۃ تفسیر البیضاوی ہو الذی اختص اللہ تعالی بہ من علوم الغیب ہو علمہ تفصیلا ذاتا وزمانا من غیر واسطۃ اصلا فلا ینافیہ علم بعض الاولیاء والانبیاء علیہم الصلاۃ والسلام لہ بواسطۃ ذلک الالہام من اللہ انتہی واللہ اعلم کتبہ **محمود بن صبغۃ اللہ** کان اللہ لہما

محمود ۱۲۹۶

الجواب صحیح **عبید اللہ** کان اللہ لہ

اللہ
خادم شریعت المولوی
عبید اللہ قاضی اہل
سنت
مدراس

صح الجواب **محمد قدرت حلیم**

فتوی علمای علیگڈھ

صورت مذکورۂ سوال مین عمرو کا زید کو مشرک و کافر کہنا باطل ہے اسواسطے کہ زید نے اپنا یہ عقیدہ بیان کیا ہے کہ اللہ تعالی نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جمیع اشیاء کا علم عطا فرمایا ہے یہ ہرگز شرک نہین۔ ہان جو صفت مختص بذات باریتعالی ہے وہ کسی دوسری کے واسطے ثابت کرنا بیشک شرک ہے جمیع اشیاء کا علم بالذات اور بلا واسطہ ہونا آنصفت مختص بذات باری جل جلالہ ہے مگر زید نے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا بالذات و بالاستقلال عالم جمیع اشیاء ہونا بیان نہین کیا پس زید کو مشرک اور کافر کہنا بیجا اور باطل ہے واللہ اعلم حررہ **محمد لطف اللہ**

مفتی العدالۃ العالیہ فی السلطنۃ الآصفیہ

۱۲ ربیع الآخر ۱۳۱۸ھ ۔ مقام علیگڈھ

تنبیہ چونکہ جناب مولوی لطف اللہ صاحب کا یہ فتوی دستخطی ہے اسپر مہر نہین اس عدم مہر کا جو سبب مولوی صاحب نے اپنے خط مین مولوی عبدالرحیم صاحب احمد آبادی کو لکہا ہے وہ درج ذیل کیا جاتا ہے۔ وہو ہذا

جناب من۔ آپ کا فتوی حیدرآباد و علیگڈھ ہو کر دہلی مین میرے پاس پہنچا مین دہلی مین اپنی بیماری کا علاج کرانے گیا تہا اب علیگڈھ چلا آیا ہون آج آپکا فتوی دستخط کرکے روانہ کیا ہے مہر حیدرآباد ہے اسواسطے مہر کرنے سے معذور رہا بیماری کی وجہ سے ارسال فتوی مین توقف ہو گیا والسلام۔ ۱۱ ربیع الثانی ۱۳۱۸ھ

محمد لطف اللہ از علیگڈھ

فتوے علمای کانپور

بسم اللہ الرحمن الرحیم ربہ نستعین

زید قول و اعتقاد مذکور سے کافر و مشرک نہین ہے اسلئے کہ کفر انکار وجود امور قطعیہ ثابتہ بادلہ شرعیہ کا نام ہے اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا عالم الغیب نہونا ادلہ قطعیہ قطعی الثبوت و قطعی الدلالۃ سے ثابت نہین ہے غایۃ ما فی الباب بعض آیات کریمہ و احادیث نبویہ علی صاحبہا الف صلوات سے نفی علم غیب کی بظاہر ثابت ہوتی ہے اور بعض دیگر سے ثبوت علم غیب ہوتا ہے پس علمای محققین نے اونمین تطبیق باینطور دی ہے کہ علم غیب بالذات و بلا واسطہ تعلیم باری عز اسمہ نہ تہا اور بواسطہ تعلیم حق تہا پس علم غیب جو ہے اور نہ ہے دو اعتبار سے ہے پس کسی شق مین کفر نہین ہے اور اشراک شرع مین نقیض توحید شرعی کی ہے اور توحید شرعی بحسب اعتقاد علمای ظواہر و بعض صوفیہ کرام یہ ہے کہ

مستحق عبادت بجز حق سبحانہ وتعالیٰ کے دوسرا کوئی نہیں ہے اور یہی معنا وکلمہ توحید لا الہ الا اللہ کا ہے پس اشراک فی
واعتقاد دوسرے معبود کا نام ہے اور بعض صوفیہ صافیہ کے نزدیک توحید اثبات واعتقاد ایک موجود حقیقی کا نام ہے پس
اشراک اثبات واعتقاد دو موجود حقیقی کا نام ہوگا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اثبات علم غیب سے دونوں معنی اشراک کی نہیں
ہوتے پس زید کیونکر مشرک ٹھہرا اور اگر یہی تسلیم کیا جاوے کہ اثبات واعتقاد صفات مختصہ باری عز اسمہ کا غیر باری عز اسمہ
میں کا نام ہے چنانچہ زعم عوام وبعض علمای ظواہر یہی ہے تو بھی زید اعتقاد مذکور سے مشرک نہیں بنتا اسلئے کہ خاصہ باری
عز اسمہ دربارۂ علم غیب یہ ہے کہ علم بالذات امور غیبیہ کا خواہ وہ موجود فی الحال وفی المآل وفی الماضی ہوں خواہ
معدوم ازلا وابدا خواہ امور کونیہ سے ہوں خواہ غیر کونیہ سے بلینی طور کہ کا ہے غفلت ونسیان بھیج نوع اوسپر طاری نہو
خاصہ حق سبحانہ وتعالیٰ ہے اور کوئی شخص حضرت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کیلئے ایسا علم ثابت نہیں کرتا بلکہ زید
یہ کہتا ہے کہ حق تعالیٰ نے حضرت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو علم امور کونیہ اور احاطہ اونکا عنایت کر دیا ہے نہ یہ کہ
حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو علم استقلالی جمیع امور کا ہے خواہ کونی ہوں خواہ غیر کونی اہل باطن وکشف
جو حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مبارک میں لکھتے وکہتے ہیں اگر عمرو سنیگا خدا جانے کیا کہوگا اب میں
کچھ عبارات ابریز مطبوعہ مصر کی نقل کرتا ہوں تاکہ معلوم ہو کہ اہل باطن وکشف حضرت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ
والتسلیم کی شان مبارک میں کیا اعتقاد رکھتے ہیں ثم الارواح مختلفة في هذا التمييز على قدر الاطلاع
فمن الارواح من هو قوي في الاطلاع ومنها من هو ضعيف واقوى الارواح في ذلك روحه
صلى الله عليه وسلم فانها لم يحجب عنها شئ من العالم فهي مطلعة على عرشه وعلوه وسفله
ودنياه واخرته وناره وجنته لان جميع ذلك خلق لاجله صلى الله عليه وسلم فتمييزه عليه السلام
خارق بهذه العوالم باسرها فعنده تمييز في اجرام السموات من اين خلقت ومتى خلقت ولم خلقت
والى اين تصير في جرم كل سماء الى ان قال وكذا ما بقي من العوالم وليس في هذا مزاحمة
للعلم القديم الازلي الذي لا نهاية لمعلوماته وذلك لان ما في العلم القديم لم ينحصر في هذا العالم فان
اسرار الربوبية واوصاف الالوهية التي لا نهاية لها ليست من هذا العالم في شئ ثم الروح
اذا احبت الذات امدتها بهذا التمييز فلذلك كانت ذاته الطاهرة صلى الله عليه وسلم تميز ذلك
التمييز السابق وتخرق به العوالم كلها فسبحان من شرفها وكرمها وامدها على ذلك انتهى
صفحہ ۲۴۳ کتاب الابریز الذی تلقاہ نجم العرفان الحافظ سیدی احمد بن المبارک عن قطب الواصلین

مبلک

سیدی عبد العزیز الدباغ اور رضا صاحب ابریز نے ابریز شیخ عبد العزیز قدس سرہ سے نقل کیا ہم بعد نقل ایک حکایت
عجیب وغریب کو ولقد ثبت وليا بلغ مقاما عظيما وهو انه يشاهد المخلوقات الناطقة والصامتة والوحوش
والحشرات والسموت ونجومها والارضين وما فيها وكرة العالم باسرها تستمد منه ويسمع اصواتها
وكلامها في لحظة واحدة ويمد كل واحد بما يحتاج ويعطيه و يصلحه من غير ان يشغله هذا
عن هذا بل اعلى العالم واسفله بمنزلة من هو في حيز واحد عنده ثم يرى هذا الولي فينظر
فيرى مدده من غيره وهو النبي صلى الله عليه وسلم ويرى مدد النبي صلى الله عليه وسلم
من الحق سبحانه فيرى الكل منه تعالى ابريز صفحه ٢٢ واعظم الارواح علما واقواها نظرا
روحه عليه الصلوة والسلام لانها يعسوب الارواح فهي مطلعة على جميع ما في العوالم كما
سبق دفعة واحدة من غير ترتيب ولا تدريج ثم لما وقع الاصطحاب بينها وبين ذاته الطاهرة
صلى الله عليه وسلم امدتها بعدم الغفلة حتى صارت الذات مطلعة على جميع ما في العالم
مع عدم طروق الغفلة لها في ذلك لكن الاطلاع ليس مثل الاطلاع فان اطلاع الروح دفعة
واحدة من غير ترتيب واطلاع الذات على سبيل التدريج والترتيب بمعنى انها ما من شئ تتوجه
اليه في العالم الا وتعلمه لكن علمه لا يحصل الا بالتوجه فاذا توجهت الى شئ اخر علمته وهكذا
حتى تاتي على ما في العالم فلها التسلط في العلم على ما في العالم ولكن بتوجه بعد توجه
ولا تطيق الذات ما تطيق الروح من حصول ذلك دفعة واحدة وكذا يختلفان في
عدم الغفلة فانه في الروح على نحو ما سبق تفسيره واما في الذات فهو بالنسبة الى
توجها بمعنى انها اذا توجهت الى شئ لا يفوتها ولا يلحقها في توجهها اليه سهو ولا غفلة
ولا نسيان واما اذا لم تتوجه اليه فانها قد تغفل عنه ويقع لها فيه السهو والنسيان ولهذا
قال صلى الله عليه وسلم كما في صحيح البخاري انما انا بشر انسى كما تنسون فاذا نسيت
فذكروني قال ذلك صلى الله عليه وسلم حين وقع له السهو ولم ينبهوه ابريز صفحه ٢٣

كتبه احمد حسن عفي عنه مقيم كانپور

خادم مرتضیٰ حسن چاندپوری

مواہیر وتصدیقات علمای حرمین شریفین یعنی مکہ معظمہ ومدینہ منورہ زادہما اللہ تعالیٰ شرفاً وتعظیماً

بر صحت عقیدہ زید

اہل سنت وجماعت حضرات پر واضح ہو کہ رسالہ ضلالات مقالہ براہین قاطعہ مؤلفہ **خلیل احمد انبیٹھوی** ومصدقہ **رشید احمد گنگوہی** میں بہت عقائد اہل سنت کے خلاف اور وہابیہ نجدیہ کے مطابق درج ہیں **ازانجملہ** او سمیں ہے کہ **اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے** اور **ازانجملہ** او سمیں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تعلیم الٰہی علم غیب ماکان ومایکون نہیں ہوا اور آنحضرت کی نسبت ایسا اعتقاد رکھنا شرک ہے **اور شیطان لعین کا علم آپ کے علم سے زائد ہے اور آپکا علم اوس سے کم ہے** اور **ازانجملہ** او سمیں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مولود شریف کی **مجلس کنھیا کے جنم سے مشابہ ہے** الی غیر ذلک من العقائد الفاسدۃ والمسائل الکاسدۃ جب اس فرقۂ رشیدیہ کی اس قسم کے خرافات شایع ہونے تو تمام ہند وسندھ وپنجاب کے علماء کرام اہلسنت اونکی تردید پر اٹھ کھڑے ہوئے منجملہ اونکے ایک **مولانا غلام دستگیر صاحب** مرحوم ومغفور تھے مولانا مرحوم نے تو وہ کام کیا کہ باید وشاید میاں خلیل احمد مع دیگر علمای دیوبند سے ریاست بہاولپور میں جہاں خلیل مدرس اعلی تھا انہی مسائل میں مناظرہ کرکے اونکی وہابیت پایۂ ثبوت کو پہنچا کر اونکو وہاں سے خارج کرایا اسی پر اون مرحوم ومغفور نے کفایت نہیں کی بلکہ ان تمام تحریرات مناظرہ کو عربی میں ترجمہ کرکے ایک کتاب مسمی تقدیس الوکیل عن توہین الرشید والخلیل علماء حرمین شریفین کی عالی خدمت میں پیش کیا تمام علماء مکہ معظمہ ومدینہ منورہ نے مولانا مرحوم کے بیانات کی تصدیق فرمائی اور میاں رشید وخلیل وغیرہ دیوبندیوں کی بہت بری گت بنائی چنانچہ ہم اس کتاب مبارک سے مسئلہ متنازع فیہا بطور اختصار کے نقل کرکے اوسکے اخیر سے وہ تقریظات وتصدیقات بعینہٖ نقل کرتے ہیں

قال فی تقدیس الوکیل والدلائل القطعیۃ الدالۃ علی وسعۃ علمہ صلی اللہ علیہ وسلم منہا آیۃ فاوحی الی عبدہ ما اوحی علی ما فی التفاسیر المعتبرۃ وکتب السیر وایضاً آیۃ وعلمک ما لم تکن تعلم الآیۃ مخبرۃ عن کثرۃ الاعلام قال صاحب التفسیر الحسینی ناقلاً عن تفسیر بحر الحقائق تحتہا کہ آن علم ماکان ومایکون است کہ حق تعالیٰ در شب اسری بدان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم عطا فرمودہ چنانچہ در احادیث معراج آمدہ است وقال المحدث الدہلوی فی مدارج النبوۃ فی باب المعراج قال صلی اللہ علیہ وسلم علمت علم الاولین والآخرین و اوتیت ثلثاً من العلم لا تحمد صبی علی اخفائہ وکتمانہ

دلائل قطعیہ وسعت علم عالم علوم الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کے منجملہ اونکے آیت فاوحی الی عبدہ ما اوحی ہے اس آیت سے وسعت علم کا ذکر تفاسیر معتبرہ اور کتب سیر میں درج ہے اور آیت وعلمک ما لم تکن تعلم میں جو اعلام ہو وہ بھی بہ نہایت کثرت اعلام ہے بحر الحقائق کے حوالہ سے تفسیر حسینی وغیرہ میں ہے کہ وہ علم ہر چیز کا جو ہو چکی ہے اور ہوگی یہ معراج کی رات میں حق تعالیٰ نے آپکو عطا فرمایا جیسا معراج کی حدیثوں میں وارد ہوا ہے۔ اور شیخ عبدالحق دہلوی مدارج النبوۃ کے باب معراج میں کہتے ہیں کہ آپ نے فرمایا مجھے علم اولین و آخرین کا دیا گیا اور ایک قسم وہ علم تھا کہ جسکا چھپانا مجھ سے عہد لیا گیا

لانه لا يتحمله احد والقسم الثاني اختار في الله تعالى فيه
باعلامه لمن يستحقه والقسم الثالث علم تبليغ الاحكام
للخواص والعوام انتهى مترجما قال في وصل مدارج النبوة
في بيان العقل الكامل والعلم الشامل له صلى الله عليه وسلم
هر كه مطالعه كند احوال شريف او را از ابتدا تا انتها وشنيده كه تعليم
كرده است او را پروردگار وافاضه كرده است بروى علوم واسرار ما
كان وما يكون حاصل شود او را علم بنبوت او بى شوب شك كه و
كان فضل الله عليك عظيما صلى الله عليه وسلم بحسب علمه
وكماله انتهى بلفظه والاحاديث الصحيحة المثبتة لوسعة
علمه صلى الله عليه وسلم منها ما في باب بدء الخلق في الصحيح
البخاري عن عمر رضي الله قال قام فينا النبي صلى الله
عليه وسلم مقاما فاخبرنا عن بدء الخلق حتى دخل اهل
الجنة منازلهم واهل النار منازلهم الحديث كما في صفحه ۴۵۳
من مطبوعة المطبع الاحمدية وكتب على الحاشية العلامة
الكرماني والخير الجاري قوله فاخبرنا عن بدء الخلق حتى
دخل اي غاية الاخبار عن دخول اهل الجنة والغرض
انه عليه السلام اخبر عن المبدء والمعاد والمعاش جميعا
قال الطيبي دل ذلك انه صلى الله عليه وسلم اخبر عن جميع
احوال المخلوقات انتهى قال المحدث الدهلوي في ترجمة
المشكوة تحت هذا الحديث يعني احوال مبدء ومعاد
از اول تا آخر همه را بيان كرد انتهى بلفظه وفي الصحيحين
عن حذيفة رضي الله عنه قال لقد خطبنا النبي صلى الله
عليه وسلم خطبة ما ترك فيها شيئا الى قيام الساعة الا
ذكره علمه من علمه وجهله من جهله ان كنت لارى
الشيء قد نسيت فاعرف ما يعرف الرجل اذا غاب عنه
فراه فيعرفه وكتب على حاشية الصحيح البخاري في صفحه ۹۷۷

کہ کسیکو اوسکی تحمل کی طاقت نہیں ہے دوسرا قسم وہ علم ہے جسمین
مجھکو اختیار دیا گیا جسکو لائق دیکھون اوسکو تعلیم کرون
تیسرا قسم علم کا ہر خاص وعام امت کو تبلیغ احکام کا ہے
وصل بیان عقل کامل وعلم شامل آپکی مین لکھا ہے جو کوئی آپکے
احوال شریف کو اول سے آخر تک مطالعہ کرے اور دیکھے کہ حق تعالے
نے آپکو کیا تعلیم فرمائی اور علوم واسرار ما کان وما یکون بخشے ہین
تو اوسکو آپکی نبوت پر بلا شبہ یقین حاصل ہوتا ہے خدا فرماتا ہے
اور تعلیم کیا تجھکو جو تجھے معلوم نہ تہا اور خدا کا فضل تجھ پر عظیم ہے
خدا کا درود آپ اور آپکی آل پر موافق آپکے علم وکمال کی ہو یہ
ترجمہ ہے عبارت مدارج کا اپنے لفظ سے احادیث صحیحہ کا شمہ صحیح بخاری
کے باب بدء الخلق مین بروایت حضرت عمر رضی اللہ عنہ مروی ہے کہ
انہون نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان ایک
ایسے مقام مین کہڑے ہوئے کہ ابتداء پیدایش سے جنتیون کے بہشت
مین داخل ہونے اور دوزخیون کے دوزخ مین داخل ہونے تک بیان کر خبردار
کر دیا مطبوعہ احمدی کے صفحہ ۴۵۳ مین دیکھو اور اوسکے حاشیہ پر
کرمانی اور خیر جاری سے لکھا ہے کہ الغرض آنحضرت علیہ الصلوٰۃ
والسلام نے مبدء اور آخرت اور دنیا سب کی خبر دیدی طیبی نے
کہا کہ اس حدیث مین اسپر دلالہ ہے کہ آپنے جمیع احوال مخلوقات
سے خبر دیدی تہی یہ ترجمہ ہے عبارت حاشیہ بخاری کا اور شیخ
محدث دہلوی اس حدیث کے نیچے ترجمہ مشکوٰۃ مین لکہتے ہین کہ
احوال مبدء اور معاد اول سے آخر تک سب بیان فرمایا انتہی
اور بخاری ومسلم وغیرہما مین بروایت حضرت حذیفہ رضی اللہ
عنہ آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم پر ایک خطبہ پڑہا جسمین
قیامت تک سب کچھ ذکر کر دیا جسنے سیکہا سیکہا جسنے بہلادیا بہلادیا
مین کسی چیز کو دیکہتا ہون کہ بہول گیا تہا اوسکو ایسا پہچانتا ہون جیسا کوئی
غائب ہوئی چیز کو دیکہکر پہچان لیتا ہے اس حدیث کی حاشیہ صفحہ ۹۷۷ مین

بعلامة العينى قوله ما ترك فيها شيئا اى من الامور المقدرة
من الكائنات انتهى وفى كتاب الفتن واشراط الساعة
لصحيح مسلم عن حذيفة رضى الله عنه انه قال اخبرنى
رسول الله صلى الله عليه وسلم بما هو كائن الى ان تقوم
الساعة الحديث وايضا فى صحيح مسلم عن عمرو بن اخطب
رضى الله عنه حديث خطبة النبى صلى الله عليه وسلم
بعد الفجر الى الظهر ومنه الى العصر ومنه الى المغرب و
قال فاخبرنا بما كان وبما هو كائن فاعلمنا احفظنا فهذه
الآيات والاحاديث الصحيحة نصوص صريحة
فى انه صلى الله عليه وسلم اطلع على جميع احوال
الموجودات والامور المقدرة من الكائنات
وما كان وما يكون فاخبر عنها فلهذا اقر اكابر
اهل السنة بانه صلى الله عليه وسلم عالم ما كان
وما يكون وحرروه فى الكتب الدينية كالشفاء والمواهب
اللدنية وروضة الاحباب ومدارج النبوة ومعارج النبوة
وغيرها فالآن تأمل مؤلف البراهين ومقرظها فى ان
علمه صلى الله عليه وسلم بما كان وما يكون قليل عن علم
ملك الموت والشيطان اللعين ام كثير والله هو الهادى
والموفق وهذه الحجج الساطعة والدلائل القاطعة لوسعة
علمه عليه السلام وان كانت كافية وافية لكن ازيد عليها شيئا
لتحقيق الحق الحقيق قال العلامة القسطلانى فى المواهب
اللدنية فى باب اخبار الغيوب اخرج الطبرانى عن ابن عمر
رضى الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
ان الله قد رفع لى الدنيا فانا انظر اليها والى ما هو كائن
فيها الى يوم القيمة كانما انظر الى كفى هذا ثم نقل
احاديث الصحيح لمسلم وسنن ابى داؤد فى اخر الباب

شرح عینی سے لکھا ہے کہ امور مقدرہ کائنات کے بیان سے کچھ نہ چھوڑا
اور صحیح مسلم کی کتاب الفتن واشراط الساعۃ میں انہیں حضرت
حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وسلم نے مجھکو خبردار کر دیا جو کچھ قیامت تک ہوگا اور نیز صحیح
مسلم میں روایت عمرو بن اخطب رضی اللہ عنہ سے حدیث ہے کہ
آپ نے فجر سے پیچھے ظہر تک پھر عصر تک پھر مغرب تک خطبہ پڑھا پس
ہمکو خبردار کر دیا اس پر جو کچھ ہوا اور ہوگا پس ہم سے بہت حافظ
والا ہے علم والا ہوا اہ ۔ اب یہ آیات واحادیث صاف بتا رہی
ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جمیع موجودات کے احوال اور
امور مقدرہ کائنات اور جو ہوا اور ہوگا سب پر مطلع تھے اور انکی
خبر بھی دی اسی واسطے اکابر اہل سنت نے مان لیا ہے کہ سرور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم ما کان وما یکون کے عالم ہیں اور یہ مسئلہ اپنی
دینی کتابوں میں مثل شفا فی حقوق المصطفے ومواہب لدنیہ
و روضۃ الاحباب ومدارج النبوۃ ومعارج النبوۃ وغیرہ میں
لکھدیا اب براہین قاطعہ کا مؤلف اور اسکا مقرظ صحیح غور کرے
کہ آپکا یہ علم ما کان وما یکون کا حضرت ملک الموت اور شیطان
کے علم سے کم ہو یا بہت خدا ہی ہادی اور توفیق رفیق کرنیوالا ہے
ہر چند یہی دلائل قطعیہ عالم علوم الاولین والآخرین صلی اللہ
علیہ وسلم کی وسعت علم کے اثبات میں وافی اور کافی ہیں مگر بنابر
زیادت تحقیق تھوڑا سا اور بھی لکھدیتا ہوں علامہ قسطلانی
شارح صحیح بخاری مواہب لدنیہ میں لکھتے ہیں طبرانی نے
حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ سرور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالی نے دنیا میری
طرف اٹھائی ہے پس میں اسکو دیکھ رہا ہوں گویا
کہ میں اس اپنی ہتھیلی کو دیکھ رہا ہوں پھر صاحب مواہب لدنیہ نے
صحیح مسلم اور سنن ابی داؤد کی حدیثیں نقل کر کے اخیر باب

قال ولاشك ان الله تعالى قد اطلعك على ازيد
من ذلك والقى عليك علم الاولين والآخرين انتهى
واخرج مؤلف المشكوٰة في الفصل الثالث من باب
المساجد و مواضع الصلوٰة حديثاً فيه ذكر رؤية
الله تعالى و وضع الكف بين الكتفين و وصول البرد
بين الثديين فقال عليه السلام بعد ذلك فتجلى
لي كل شيء وعرفت قال المحدث الدهلوي تحته
پس ظاهر شد و روشن شد مرا هر چه از علوم و شناختم همه را انتهى بلفظه
وفي الفصل الثاني من هذا الباب من المشكوٰة -
حديث سنن الدارمي وجامع الترمذي بهذه
المضمون وفيه فعلمت ما في السموٰت والارض
قال المحدث الدهلوي تحته پس دانستم هر چه در آسمانها و
هر چه در زمينها بود عبارت است از حصول تمام علوم جزوي و
كلي و احاطه آن انتهى وقال الشيخ المحدث الدهلوي
في ترجمة المشكوٰة انه عليه الصلوٰة والسلام اعلم من
الجميع بجميع امور الدنيا والدين انتهى مترجماً و
قال العلامة القسطلاني في المواهب ان لا فرق
بين موته وحياته في مشاهدته لامته ومعرفته
باحوالهم ونياتهم وعزائمهم وخواطرهم وذلك عنده
جلي لا خفاء به انتهى وقال في تفسير فتح العزيز
ويكون الرسول عليكم شهيداً لانه يطلع بنور نبوته
على رتبة كل متدين بدينه انه بلغ اي مرتبة من
ديني وما هي حقيقة ايمانه والحجاب الذي حجبه
عن الترقي ما هو فانه صلى الله عليه وسلم يعرف
سيئاتكم ودرجات ايمانكم واعمالكم من الخير والشر
واخلاصكم ونفاقكم ولهذا شهادته في حق الامة مقبولة

لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بیشک آپکو یا رسول اللہ اس سے
بھی زیادہ پر خبردار کیا ہے اور آپکو اولین و آخرین کا علم
عطا فرمایا ہے یہ ترجمہ ہے عبارت مواہب کا اور مشکوٰۃ
کے باب المساجد کی تیسری فصل میں حدیث ہے جسمیں دیدار
الٰہی اور دونوں شانوں میں کف کو رکھنا اور پستانوں میں
سردی کے پہنچنے کا ذکر ہے تو اسپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ پس ظاہر ہوئی میرے لئے ہر شے اور میں نے پہچان لیا۔
محدث دہلوی اسکی شرح میں لکھتے ہیں کہ مجھکو سارے علم
روشن ہوئے اور سب کو میں نے پہچان لیا اھ۔ اور اسی باب
کے دوسرے فصل مشکوٰۃ میں حدیث دارمی اور جامع
ترمذی کی اسی مضمون میں وارد ہے جسمیں آپ نے
فرمایا ہے کہ میں نے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے
معلوم کر لیا۔
اور شیخ محدث دہلوی ترجمہ مشکوٰۃ میں لکھتے ہیں کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم سب سے تمام کاموں دین و دنیا میں داناتر ہیں اور
علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ میں لکھتے ہیں کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات اور حیات میں کچھ فرق نہیں
کہ آپ اپنی امت کو دیکھتے ہیں اور انکی حالات اور نیتوں اور
ارادوں اور خطروں کو پہچانتے ہیں اور یہ بات آپ پر روشن ہے
اسمیں کوئی پوشیدگی نہیں ہے اھ انتہی اور تفسیر عزیزی میں
ویکون الرسول علیکم شہیدا کی تفسیر میں لکھا ہے کہ رسول نور نبوت
سے ہر دین کے دیندار کو رتبہ پر مطلع ہے کہ وہ کس مرتبہ کو پہنچا ہے
اور اسکے ایمان کی حقیقت کیا ہے اور کس حجاب سے ترقی سے رکا
ہے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے امتیوں کے گناہوں کو اور
درجات ایمان کو اور اعمال نیک و بد اور اخلاص و منافقی
سبکو پہچانتا ہے واسطے اسکی شہادت امت کے حق میں مقبول

وواجب العمل بها انتهى مترجما فعلم ان انكار
اعتقاد علمه صلى الله عليه وسلم بما كان وما
يكون لا يقول به احد من المسلمين سوى
الوهابيين من المكذبين فقطع دابر
القوم الذين ظلموا والحمد لله رب العلمين
انتهى مختصرا ولما ظهر هذه الاختلافات من الخليل
ثم مكابرته ومجادلته من غير توب الى رب جليل فاتفق
حضرت حكيم المناظرة وغيره من علماء اهل
السنة انه خارج من دائرة اهل السنة واخرج
من الرياسة بالتذليل فالآن ارجوا من حضرات
اهل فتوى الحرمين الشريفين ان يلاحظوا بكمال
عنايتهم هذه الرسالة فان كان ما فيها حقا مطابقا
بالكتاب والسنة واجماع الامة فزينوه بتصحيحهم
الشريف وما كان فيها من خطاء وزلل فاصلحوها
بالاصلاح اللطيف وان هذه التعقبات على البراهين
ومقرظه مع المؤيدين واردة صحيحة وما حكمهم
افتونا ماجورين جزاكم الله سبحانه خير الجزاء في الدنيا
والعقبى انتهى

اور واجب العمل ہے انتہیٰ مترجماً۔ اب معلوم ہوا کہ رسول
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم ما کان وما یکون کے اعتقاد
کا انکار سوائے وہابیوں کے کوئی مسلمان اصرار
نہیں کر سکتا ہے پس ظالموں کی جڑ کاٹ گئی اور خدا
رب العالمین کیلئے سب تعریفیں ہیں۔ الخ
جب مولوی خلیل احمد کے یہ خلل ظاہر ہوئے پھر اسپر مکابرہ
اور مجادلہ پر کمر باندھی اور توبہ کیطرف رجوع نہ کیا تو حضرت
صاحب سجادہ نشین چاچڑاں نے جو اس مناظرہ میں حکم تھے
بالاتفاق دوسرے علماء اہل سنت کے فتویٰ دیا کہ یہ شخص
دائرہ اہلسنت سے خارج ہے اور ریاست اسلامیہ بہاولپور
سے بسبب ذلت کے نکالا گیا پس اب فقیر حقیر کان اللہ لہ
حضرات مفتیان حرمین الشریفین سے امیدوار ہے کہ اس رسالہ
کو تائید دین متین کی رو سے ملاحظہ فرماویں اگر یہ حق اور
قرآن و حدیث و اجماع امت کے مطابق ہے تو اپنی تصحیح سے
مزین فرماویں اور جو اس میں خطا اور لغزش ہو اسکی اصلاح
کریں اور یہ ظاہر کر دیں کہ یہ اعتراضات براہین قاطعہ اور اسکے
مقرظ اور مؤیدین پر وارد و صحیح ہیں اور انکا کیا حکم ہے اللہ تعالیٰ
اسکا اجر بخشے

تقریظ حضرت مفتی حنفیہ مکۂ معظمہ

الحمد لله رب العالمين المنزه عما لا يليق بجلاله والصلوة والسلام على سيدنا محمد المبرء عما لا ينبغي لكماله وعلى آله واصحابه وانصاره واحزابه اما بعد فان هذه التعقبات على صاحب البراهين ومقرظه مع المؤيدين واردة صحيحة كما يظهر ذلك بالبداهة لمن طالعها خاليا من النزغات القبيحة وحكم صاحب البراهين مع المؤيدين والمقرظين حكم المتزندقين بيقين كما صرحت به كتب الفقهاء والمحدثين نعوذ بالله مما يوجب الخزى والندامة ويورث الحسرة وسواد الوجه في عرصات القيامة انتهى ربي عن مقالة كاذبة ۞ كفى بما سمى براهين قاطعة ۞ وما حكمه في ذا سوى ضربة امرء ۞ بسيف له في الحق انوار ساطعة ۞ بها عينها راسه عن مكانه ۞ وتبقى لاهل الزيغ والجهل قامعه جزى الله من

تصدى للرد عليهم خيرا جزاه الله ورقاه شر حساده واعدائه آمين. امر برقمه خادم الشريعة
راجي اللطف الخفي محمد صالح ابن المرحوم صديق كمال الحنفي مفتي مكة المكرمة حالا
كان الله لهما حامدا مصليا مسلما - ٣ ذي الحجة - سنة ١٣٢٧ھ

تقريظ حضرت مفتي شافعيه وشيخ علماء مكه معظمه

الحمد لله وحده وصلى الله وسلم على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه والسالكين منهجهم بعده اللهم هداية للصواب قد نظرت في جملة من كلام صاحب البراهين وكلام المؤيدين له ونظرت ايضا في كلام المعترض بالتعقيبات على صاحب البراهين فرأيت الحق والصواب الذي لا شك فيه والارتياب مع المعترض بالتعقيبات المنقولة نصوصه من كتب اهل السنة والجماعة واما صاحب البراهين والمؤيدين له فهم اشبه بالشياطين اهل الزيغ والزندقة ان لم يكونوا كفارا يقينا فجزى الله سبحانه عنا وعن ديننا الشيخ المعترض بالتعقيبات الجزاء الجميل واحله وتعقيباته المذكورة من القلوب المحل الجليل وشكر الله سعيه وانا له في الدارين من خير ما يتمناه والله سبحانه وتعالى اعلم. رقمه المرتجي من ربه كمال النيل محمد سعيد بن محمد بابصيل مفتي الشافعية ورئيس العلماء في الحرم المكي غفر الله له ولوالديه ومشايخه واخوانه ومحبيه وجميع المسلمين آمين

محمد سعيد بابصيل

تقريظ حضرت مفتي مالكيه مكه محميه — حمدا لمن قيض من فضله من يؤيد دينه القويم وينفي عنه شبه اهل الضلال ويرد برهانهم العقيم والصلوة والسلام على سيدنا محمد الهادي من الضلال وعلى آله ومن تبعهم من اهل الفضل الكمال سيما علماء السنة والجماعة جعلهم الله سهاما قاتلة لاهل البدع والضلالة آمين اما بعد فاني قد تصفحت غالب ما في هذا الرد فوجدت قائله قد اجاد ولزم الحق فلله دره من محسن حيث تصدى للرد على هذا المفتن فجزاه الله احسن الجزاء واكثر من امثاله عدد نزول الغيث من السماء

كتبه راجي العفو من واهب العطية محمد عابد ابن المرحوم الشيخ حسين مفتي المالكية ببلد الله المحمية مصليا مسلما

محمد عابد بن حسين
مفتي المالكية

تقريظ حضرت مفتي الحنابلة بمكة المعظمة - الحمد لله وحده رب زدني علما اسئله من الله التوفيق والرشاد لاقوم طريق اعلم ايها السائل ان مذهب الحنابلة في مثل هذه المسائل مذهب السلف المأمونين من الزيغ والتزييف في التأويل مما يوجب العقاب والتلف وان من نسب للذات العلية المقدسة الانقاص بالكذب فقد اخطأ وخالف الاجماع واتصف بالكفران لم يتب ويرجع عن مقالته وفي الكتاب العزيز قوله سبحانه وتعالى وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا وَاِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ عَلَى اللّٰهِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ الآية قال الشيخ السفاريني الحنبلي رحمه الله تعالى وكل نقص قد تعالى الله فيا بشرى لمن والاه ما اجاب به صاحب التعقيبات على صاحب البراهين والمؤيدين له فهو الحق الذي لا محيص عنه فجزاه الله عن المسلمين خيرا وجزاه معظم

واجرى والله سبحانه وتعالى اعلم امر برقمه الحقير خلف بن ابراهيم
خادم افتاء الحنابلة بمكة المشرفة حامدا مصليا مسلما

خلف بن ابراهيم

تقريظ حضرت مفتی الحنفية بمدينة المنورة — الحمد لله تعالى اسأل الله المولى الكريم ذا الطول
التوفيق والاعانة فى الفعل والقول نحمدك اللهم يا من جعلت العلماء المتقنين من هذه الامة مصابيح
يستضاء بهديهم فى ظلمة ليل الشك الداج وقصمت بماضى صوارم حججهم ظهر كل من تظاهر بضلالات
الفتن من اهل الزيغ والاعوجاج والصلوة والسلام على المبعوث بالآيات البينات المنذر بانه ستكون
بعده هنات وهنات صاحب الملة البيضاء النقية التى ليلها كنهارها القائل اتبعوا السواد الاعظم فانه
من شذ شذ فى النار وعلى آله واصحابه القامعين باسنة الالسنة والسن الاسنة كل مبير وكذاب
والفاضحين بشهب ثواقب انكارهم كل متهوك ضل عن سنن السنة ومنهج الكتاب وبعد فقد اطلعت
على هذا الرد المتين والاعتراض الفارق بين الغث والسمين على صاحب البراهين التى دلت على
سراب بقيعة بهتت على سخافة عقل ملفق كلماتها القطيعة فلعمرى انه لعميق الغوص
فى لجج الضلال مستحق الخزى من ذى الملكوت والجلال ولله در صاحب هذا الرد
فانه قد افاد واجاد بلغه الله غاية المراد وجزاه خير الجزاء الاوفى وانا له اجل مكانة وزلفى وصلى الله
على سيدنا محمد الفاتح الخاتم وعلى آله واصحابه الذين اشادوا الهدى بحكم الدعائم والله سبحانه ولى
الهداية وبه العصمة والحماية — نمقه الفقير الى عفو ربه عثمان بن
عبد السلام داغستانى مفتى المدينة المنورة الحنفى عفى عنه

عثمان بن عبد السلام داغستانى

تقريظ المدرس المعظم فى المدينة المنورة — الحمد لله الذى شرح صدر بعض عباده
وهداه الى الحق المبين وضيق صدر بعضهم وجعله حرجا حتى انكر الامور الثابتة باليقين والصلوة
والسلام على من شيد اركان الدين وعلى آله واصحابه والتابعين وبعد فقد اطلعت على هذا الرد
الواضح الذى هو لصاحب البراهين فاضح لله در مؤلفه وجزاه خيرا عن الامة وادخله فى شفاعة
نبيها نبى الرحمة اما ما نقله الشيخ الراد عن صاحب البراهين وعن المؤيدين
له الفسقة فانه كفر صراح وزندقة سلك الله بنا سبيل الحق والهداية وجنبنا طريق الباطل
والغواية وكتبه العبد الاحقر محمد على ابن السيد الظاهر الوترى الحنفى
المدنى خادم العلم والحديث بالمسجد الشريف النبوى حامدا مصليا مسلما —

محمد على ابن الظاهر السيد

فتمت بالخير

یہ رسالہ مقام بڑودہ مؤلف کے
مکان سے صرف ڈیڑھ آنہ ٹپال خرچ
ٹکٹ بھیجنے سے دستیاب
ہوگا

اعلان

اس بحث کے متعلق مولانا المرحوم مولوی نذیر احمد خان صاحب کا رسالہ

السیف المسلول علی منکر علم غیب الرسول

رد ازالۃ الریب جسمیں تقریر و تقطیر سے بھی وارد کئے گئے ہیں
چھپ چکا ہے ڈیڑھ آنہ کے ٹپال خرچ ٹکٹ روانہ
کردیں تو بمبئی جالی محلہ حاجی محمد صدیق
جعفر صاحب کے مکان پر مولانا مولوی
علاء الدین حسن صاحب کے پاس سے
ملیگا